نقش مثلث المعروف خاتم سلیمانی کی جمیع اقسام، اعمال و دعوات اور اسرار و رموز پر مشتمل ایک عدیم النظیر تصنیف

رموزِ خاتم سلیمانی

تصنیف

حضرت خواجہ علامہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

سجادہ نشین: دربارِ عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادریؒ

نقش مثلث المعروف خاتم سلیمانی کی جمیع اقسام، اعمال و
دعوات اور اسرار و رموز پر مشتمل ایک عدیم النظیر تصنیف

رموزِ خاتم سلیمانی

تصنیف و تالیف

حضرت خواجہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

سجادہ نشین: دربار عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادریؒ

ادارہ فیضانِ روحانیہ پاکستان®

اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا پنجاب

www.roohaniyat.com

قانونی مشیر: دیوان مصداق احمد: ایم اے انگلش، ایل ایل بی۔ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ
میاں محمد اکمل وٹو: ایم اے، ایل ایل بی۔ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

نام کتاب ☆ رموزِ خاتم سلیمانی
نام مصنف ☆ حضرت خواجہ علامہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری
کمپوزنگ ☆ پیرزادہ شہزادہ ظہیر احمد قادری۔ پیرزادہ سعد اللہ قادری
سن اشاعت ☆ جولائی 2017ء
تعداد ☆ ایک ہزار
صفحات ☆ 320
قیمت ☆ =/400 روپے صرف
ناشر ☆ ادارہ فیضان روحانیہ پاکستان۔ حویلی لکھا ضلع اوکاڑا۔ پنجاب

ادرہ فیضانِ روحانیہ پاکستان R

اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا۔ پنجاب پاکستان

ادارہ کی ممبرشپ اختیار کرنا درحقیقت مخفی و روحانی علوم و فنون کی اشاعت میں مدد کرنا ہے۔

آیئے: آپ بھی ادارہ فیضانِ روحانیہ پاکستان کی ممبرشپ حاصل کرکے ہمارے ساتھ شامل ہو جایئے۔

E-mail:ghulamsarwarshab.hotmail.com

website:www.roohaniyat.com

+92-333-6974734

حسن ترتیب

پیش لفظ از مؤلف

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

زمانہ قدیم سے مثلث المعروف خاتم سلیمانی عاملین وکاملین کی توجہ کا مرکز رہی ہے۔ مثلث جسے پندرہ یہ نقش بھی کہا جاتا ہے۔ اور اکثر عاملین صرف مثلث یعنی پندرہ یہ نقش سے ہی ہر طرح کے کام لیتے تھے۔ عاملین وکاملین کا یہ بھی خیال ہے کہ یہ نقش حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری پر کندہ تھا، اسی لیے اسے خاتم سلیمانی کہا جاتا ہے۔

تاریخی حقائق یہ ہیں کہ روایت کے مطابق مثلث زیادہ تر امام غزالی کی نسبت بھی مشہور ہے۔ اس کے باوجود کہ اسے امام غزالی نے ایجاد نہیں کیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ مثلث حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر حضرت آصف بن برخیا کی اختراع ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کی انگوٹھی پر مثلث تھی جبکہ وہ آپ کا عدد تھا اور اسی کے ساتھ حضرت سلیمان علیہ السلام کی بادشاہت مکمل ہوئی۔ اسی لیے مثلث کو خاتم سلیمانی بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے بعد یکے بعد دیگرے قوموں میں منتقل ہوتی رہی۔ حتیٰ کہ یونان کے حکماء کے پاس پہنچی۔ پھر قرن بہ قرن سفر کرتی رہی۔ یہاں تک کہ یہ امام غزالی کے پاس پہنچی۔

امام غزالی کا فرمان ہے کہ میں کافی عرصہ شہر در دیار میں ایک انگوٹھی کی جستجو میں پھرتا رہا جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے ہوتی تھی۔ اور اس میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم تھا۔ وہی جو حضرت ادریس علیہ السلام کی انگوٹھی میں بھی تحریر تھا لیکن کامیاب نہ ہو سکا۔ حتیٰ کہ میں بلخ کے تخت تک پہنچ گیا جونہی میں وہاں پہنچا تو میں نے مذکورہ

انگوٹھی کے بارے میں پوچھنا شروع کیا حتیٰ کہ مشائخ میں سے ایک شیخ کی طرف میری رہنمائی کی گئی۔ میں نے اس سے بھی اس کے متعلق پوچھا، تو اس نے مجھے ہاں میں جواب دیا، اور کہا کہ وہ مقدس انگوٹھی میرے پاس ہے۔ چنانچہ میں اس کی خدمت میں کمربستہ ہو گیا۔ پھر اس نے مجھے انگوٹھی دے دی اور ساتھ ہی مجھے وصیت کی کہ

جاہل لوگوں سے چھپا کر رکھنا۔ غیر مستحق لوگوں سے اسے بچا کر رکھنا۔ تمام جاہل لوگوں سے اس کی حفاظت کرنا۔ کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے۔

"مسنوحة المحامد" کے مصنف نے ابو حامد الغزالی کی انگوٹھی کی شرح میں کہا کہ غزالی کو جو کچھ بھی حاصل ہوا، وہ صرف اور صرف اس انگوٹھی کی برکت سے حاصل ہوا۔ اور اسی طرح وہ تصرفات ہیں جو انہیں اس انگوٹھی کی وجہ سے حاصل ہوئے۔ اور یہ کہ جس نے اسے پہچان لیا اس نے اسم اعظم کو پہچان لیا، لیکن اسے نیکی و بدی کا ہر پسندیدہ کام اور حسب مرضی ہر کام کرنے سے باز رہنا چاہیے۔ اس صورت میں اس پر چند معتبر شرائط عائد کر دی جائیں۔ ورنہ اسم اعظم تو دو دھاری تلوار کی طرح ہے۔ جہاں بھی اور جس طرف بھی ضرب لگاؤ گے کاٹ دے گی۔ اس کی اور بھی بے شمار بڑی بڑی تاثیرات ہیں۔

اسی مثلث المعروف خاتم سلیمانی کی کھوج میں ہم نے اپنی زندگی کے کئی ماہ وسال لگائے اور قدیم اساتذہ عظام عاملین وکاملین کی مستند ترین کتب سے مثلاً حضرۃ الاستاذ الفاضل السید الشریف عارف علامہ یوسف محمد الادغستانی ہندویلی الشہیر الہندی کی مشہور زمانہ کتاب "الجوهر الغالی فی خواص المثلث للغزالی" "خاتم سلیمانی والعلم روحانی للامام الغزالی" جمع وتالیف عبدالفتاح السید

الطوخی الفلکی مصری" "سحر الکہان فی حضور الجان" "اغاثۃ المظلوم فی کشف اسرار العلوم" تالیف سید عبدالفتاح طوخی مصری" مجموعہ عملیات ومجربات الغزالی الکبیر" "الاوفاق" تالیف امام محمد ابن احمد علی البونی اور بے شمار قلمی مخطوطے بھی ہمارے پیش نظر رہے۔ تب جا کر ہم نے یہ کتاب "رموز خاتم سلیمانی" تالیف کی اور ہماری یہ کوشش رہی کہ مثلث المعروف خاتم سلیمانی کا کوئی پہلو تشنہ نہ رہے۔ پھر بھی اگر کہیں کوئی سقم رہ گیا ہو تو اہل علم سے گزارش ہے کہ وہ ہمیں ضرور آگاہ فرمائیں۔ تاکہ آئندہ اڈیشن میں بطور ضمیہ اضافہ کیا جا سکے۔

اس سلسلہ میں ملک کے نامور محقق روحانیت جناب ابو بہلول غلام الرسول عائلی نقشبندی صاحب کی رہنمائی اور مشاورت بھی ہمارے شامل حال رہی ہے۔ ہم اپنے اس رُوحانی بھائی کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔

والسلام

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

سجادہ نشین: دربار عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ قادری رحمتہ اللہ علیہ

اسلام نگر حویلی لکھا۔ ضلع اوکاڑا، پنجاب پاکستان

15 مارچ 2016ء

تقریظ رموزِ خاتم سلیمانی

از: ابو بہلول غلام الرسول عائلی نقشبندی۔ لاڑکانہ، سندھ سے تحریر فرماتے ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ، النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ، وَبِاللّٰهِ اَسْتَعِيْنُ وَحَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ اَمَّا بَعْدُ:

وفق مثلث پر ایک مستقل تصنیف آپ حضرات کے تفنن طبع کے لیے میرے محترم بھائی جناب علامہ پیر صوفی خواجہ غلام سرور شباب قادری نے مرتب فرمائی ہے، اور وفق مثلث پر مشتمل علم کو بحیثیت مجموعی پیش کرنے میں انہوں نے کوئی کسر اُٹھا کر نہیں رکھی ہے۔

واضح باد کہ اس وفق کو خاتم سلیمانی کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے تو مثلث الغزالی کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔ آپ حضرات سے مخفی نہ ہونا چاہیے کہ اس وفق پر مشتمل بہت سے آثار ہمیں عبرانیوں کے ہاں قدیم زمانے سے بکثرت ملتے ہیں، اس ضمن میں ان کا ماننا ہے کہ یہ وفق جن حروف سے مزین ہے وہ بذاتِ خود ایسے اسماء پر مشتمل ہے جو اس عالم میں تصریف کرنے کے لیے کافی وشافی ہے۔ لیکن اس کا استخراج اور اس کا وضع کرنے کا سہرا سارے کا سارا امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کو جاتا ہے۔ اب جب علوم کے عام ہونے کا زمانہ ہے اور تاریخ کے کونے کھدروں سے بیش بہا عربی زبان میں لکھے گئے مخطوطے گویا اُمڈ پڑے ہیں، یہ مخطوطہ جات جو اپنی جگہ پر مستقل کتاب کی بھی حیثیت میں ہیں تو بعض یادداشت کے طور پر لکھی گئی بیاضوں کی شکل میں بھی موجود ہیں، یہ مسودے جن اہل علم لوگوں نے تالیف کیے تھے۔ ان کا یہ

مانتا ہے کہ یہ وفق اپنی مکمل ترین تاثیر میں ظاہر ہوتا امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کے فیضان میں شامل ہے اور انہی سے مروی ہے۔ اور یہ ایک حتمی بات ہے کہ امام غزالی کے سوا یہ خاتم سلیمانی عالم اسلام میں اور کسی شخص سے منسوب و مروی نہیں ہے

مرور ایام کے باعث بہت سی چیزیں اپنی اصل حیثیت سے دُور ہوتی جاتی ہیں۔ ان ہی میں سے یہ وفق مثلث بھی شامل ہے۔ امام غزالی سے یہ دفق بالحقیقت کس حد تک منسوب ہونا عین حقیقت ہے یہ ابھی بھی ایک حل طلب مسئلہ ہے۔ تاہم اس حقیقت سے کوئی مفر نہیں کہ مثلث کے نقش میں اپنی ایک تاثیر مخفی ہے، اور یہ چیز تجربات سے بالکل واضح ہے۔ عبرانیوں اور یونانیوں کے قطع نظر عربوں نے اس کے استخراج پر دل کھول کر کام کیا ہے۔ اس کی حقیقی تاثیر کس طرح پیدا ہوتی ہے اس کا طریقہ ہم آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں۔

یہ دفق اپنی طبعی رفتار سے بھی گو کہ اہل علم نے اپنے مجربات میں سے بیان کیا ہے۔ لیکن اس کی وہ تاثیر جو خوارق العادات میں سے ہے وہ اس کی وہ وضعی ترتیب ہے، جس میں وفق مثلث کو خالی الوسط وضع کیا جاتا ہے۔ یہ مثلث خالی الوسط تاریخ میں ایک نہ حل ہونے والے معمے کی صورت میں موجود رہا ہے۔ جس کی ایک مثال میں اسم "بدوح" کو پیش کیا جا سکتا ہے کہ بدوح جو مثلث طبعی کے کونوں کے حروف پر مشتمل ایک اسم ہے۔ اس کو مثلث میں فی نفسہٖ وضع کرنا تاریخ میں بہت سی عجیب وغریب ہیئت اور عجیب وغریب اضلاع پر مشتمل تراکیب کا سبب بنا۔

بدوح کے نقش کو پُر کرنے کے لیے تاریخ میں بہت سا کام ہوا ہے بالخصوص ایران اور برصغیر کے اہل علم نے اس خیال کو بہت دوڑایا ہے۔ ان اہل علم حضرات

کی کاوشوں سے یہ بخوبی عیاں ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک بدوح کا نقش بنانا ہی کیمیاء کا ہاتھ لگنا ہے۔ بلکہ اس سے کہیں بڑھ کر بھی ہے۔ اپنے علمی زمانہ کی ابتدا میں ہم نے یہ ساری باتیں بہت سے اہل علم سے خود بھی سنی تھیں۔ اور وہ عجیب وغریب وضعی شکلیں ایک عظیم اختراع کی صورت میں اَب بھی ہم میں سے بہت سے لوگوں کی بیاض میں موجود ہوں گی، اور بہت ہی پاک وہند اور ایران میں لکھی گئی مستقل تصانیف میں اَب بھی پائی جاتی ہیں۔ ان کی حقیقت کیا ہے، اس بات کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلے یہ سمجھیں کہ محض بدوح کا نقش ہی کافی نہیں تھا۔ کیونکہ بدوح تو پہلے ہی مثلث کے کونوں کے خانوں میں بدرجہ اتم موجود ہے۔ پھر بدوح کا علیحدہ نقش ہونا چہ معنی دارد؟

افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ ساری کاوشیں کرنے والے اصل حقیقت سے کبھی آشنا ہی نہیں ہو پائے۔ ہمیں ان کی ،کی گئی دماغ سوزی اور مشقت آمیز اختراع سے کوئی مفر نہیں۔ لیکن بات تو اصل مقصد کی ہے کہ "بدوح" کا نقش ہی آخر کیوں؟

آیئے اس آج تک مرموز راز سے پردہ اُٹھائیں۔ بدوح کا عدد 20 ہے۔ اور اصل بات یہ تھی کہ بیس 20 کا نقش کیسے بھرا جائے۔ جب کہ مثلث کی عام جمع وتفریق اور تقسیم میں یہ 20 کا عدد پر ہی نہیں ہو سکتا۔ اور زمانہ قدیم میں جس کسی نے بھی بیس 20 کے نقش بھرنے کا شوشہ چھوڑا تھا، اور جس تک پہنچنے کے لیے متاخرین ومعاصرین نے کوئی دقیقہ تک کی کسر نہیں چھوڑ رکھی۔ اس کا اصل مقصد یہ تھا کہ ایسا مثلث کا وفق اور اس کی ایسی ترکیب ہو جس میں ہر وہ عدد بھرا جا سکے جو اس کی طبعی چال سے زیادہ ہو۔ اور اس میں کسی بھی مزید عدد کی ایزادی نہ ہو۔ یعنی اس طرح نہ ہو

کہ ہمارا جو مطلوب عدد ہے وہ بالفرض 20 ہی ہے تو ہمیں بیس ہی کا دفق پر کرنا ہے نہ کہ اس میں ہمارے مطلوبہ عدد 20 میں دیگر مقصد بھی شامل کر کے اس کو اعداد کی اس نہج میں شامل کیا جائے جس سے وفق پر ہو جائے۔ ایسی صورت میں پھر کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ اس محض طبعی صورت سے ہی کام لیا جا سکے۔

ان تمام اشکال کا حل مثلث خالی البطن میں موجود ہے۔ مثلث خالی البطن ہی وہ مثلث کی واحد صورت ہے جس میں ہر ایک عدد پر کیا جا سکتا ہے۔ اس میں اگر آپ کا مطلوبہ عدد 20 ہے تو اسے 20 سے ہی پر ہونا چاہیے۔

امام غزالیؒ سے منسوب ''مثلث الغزالی'' کی تعریف کے جتنے بھی طرائق بیان کیے گئے ہیں۔ وہ اصل میں حروف میں مضمر قوتوں سے کام لے کر تصرفات دنیوی وموجودات اور خوارق العادات امور پر عبور پانے کے لیے ہیں۔ اس کی حقیقی ریاضت کے لیے اہل علم نے بیشتر طریقے وضع کیے ہیں۔ اور حروف کی اور عناصر وفق طبیعی کو تصریفات کے ضمن میں مستعمل رکھا ہے۔

مثلث کے وفق کی ریاضت کے سلسلے میں کاش البرنی نے اپنی کتاب ''عامل کامل حصہ اول'' میں ایک ریاضت متعارف کرائی ہے۔ لیکن اس میں بہت سی اغلاط تھیں۔ ہم نے "مکاشفات اسرار" میں اس ضمن میں ان تمام امور کی وضاحت کی ہے جو کہ اس ریاضت میں کام آتے ہیں۔ لیکن ہمارا مقصود صرف اغلاط کی نشاندہی کرنا تھا۔ اور حقیقی اسماء دینا تھا۔

رُوحانی علوم کا سب سے بڑا المیہ یہ رہتا آیا ہے کہ اس میں اپنے ماخذات کا حوالہ نہیں دیا جاتا ہے، اسی المیہ میں عربی کتب بھی آتی ہیں تو فارسی اور اردو کتابیں بھی

اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں۔

یہ عمل جسے کاش البرنی مرحوم نے اپنی مذکورہ بالا کتاب میں پیش کیا تھا۔ وہ درحقیقت ایک بہت ہی بڑے عارف علامہ یوسف محمد الاوغستانیؒ شنذویلی (جو یوسف الہندی کے نام سے بھی معروف ہیں) کی تصنیف جلیلہ "الجوہر الغالی فی خواص المثلث للغزالی" میں دیے گئے عمل کا ناقص ترجمہ ہے۔ اور عامل کامل میں اغلاط سے معمور پیش کیا گیا ہے۔ یہاں تک کہ اپنی کاہی ہے۔ اس میں بدھ کے روز کے معمولات ایک لغی اور غیر ضروری اور ایسا بے مقصد اضافہ ہے، جس کی ترکیب میں کوئی اہم چیز تک بھی نہیں ہے۔ کاش البرنی مرحوم کے اس اختراعی اضافہ کی دنیا میں موجود کسی بھی مطبوعہ ومخطوط کتاب سے تصدیق نہیں ہو سکتی۔ اور اس صورت میں کہ جب یہ عمل "الجوہر الغالی فی خواص المثلث للغزالی" سے ہی لیا گیا تھا، تو اس کے ترجمے پر ہی اکتفا کیوں نہیں کیا گیا۔ کاش البرنی نے اپنے رسائل میں "سلام قولا من رب رحیم" کے خدام کی تسخیر کی جو ریاضت پیش کی تھی وہ بھی علامہ یوسف محمد الاوغستانیؒ کی ایک اور کتاب "الشجرة النعمانیہ" سے ہی ماخوذ تھی۔ اور اس میں بھی انہوں نے اس اصل کتاب "الشجرة النعمانیہ" کا حوالہ دیے بغیر محض اختصاراً "یوسف ہندیؒ" کے حوالے سے ہی پیش کیا تھا، جس سے یہ بھی پتہ نہیں چل پاتا تھا کہ یوسف ہندی کون تھے جب کہ بادی النظر میں رکھنے والا ظاہر ہے کہ یہی سمجھ بیٹھتا کہ شاید ہندوستان ہی کے تھے۔ اس سے قطعی طور پر واضح ہوتا ہے کہ وہ علامہ یوسف محمد الاوغستانیؒ شنذویلی الشہیر بالہندیؒ کی کتب جلیلہ سے استفادہ کرتے رہے تھے۔

آدم برسرِ مطلب تصریف المثلث کا یہ عمل درحقیقت چوبیس گھنٹے کے روزے رکھنے سے ہوتا ہے۔ اور یہ شرط لازم ہے اور جو اس کا وقت افطار ہے وہی وقت گویا اس کی سحری کا بھی ہے۔

مثلث کا وفق خالی البطن اس ریاضت کے ساتھ مشروط ہے۔ (یہ ریاضت کتاب ہذا میں پیش کی گئی ہے۔ اس وجہ سے اس کا تذکرہ ناگزیر تھا۔ باقی اس کی ریاضت کے جو عوامل ہیں جن کو مکاشفات اسرار میں پیش کیا تھا، انہیں بھی محترم المقام غلام سرور شباب نے کتاب ہذا کا ایک جز بنایا ہے۔ اس لیے ضروری تھا کہ اس ریاضت کے مختلف پہلوؤں سے قاری کو سیر حاصل آگاہی حاصل ہو۔)

اگر کوئی مثلث خالی البطن کی ریاضت کو کر پاتا ہے، تو وہ یقیناً ایک بڑے راز کا حامل ہوگا اور تصرفات کی تاثیر کے حصول سے نامراد نہیں رہے گا۔ اس ضمن میں ایک اور آخری بات یہ ہے کہ بعد از عمل جب تصرفات مقصود ہوں اور جس چیز کا حصول درکار ہو تو عمل کو پڑھنے کے بعد اس نقش کی طرف پیٹھ کرے اور جب کوئی علامت، کوئی آواز سنائی دے تو اس کی طرف متوجہ نہ ہو۔ تاوقتیکہ وہ علامت یا وہ آواز ختم ہو جائے۔ اہل علم کا ماننا ہے کہ تصرفات کی اس گھڑی میں اگر کوئی شخص اس چیز کو ظہور پذیر ہوتا دیکھے تو خوف سے اس کی سانس ساکت ہو جائے گی۔ پس جو اس ریاضت کو کرے وہ اس چیز کو ضرور ملحوظ نگاہ رکھے۔

ویسے یہ ریاضت کئی ایک مختلف طریقوں سے مروی میرے پاس موجود ہے۔ لیکن ان میں سے سہل الحصول ریاضت یہی ہے باقیوں میں چوبیس گھنٹوں کی ریاضت کے ساتھ ساتھ طویل پڑھائی کی مشقت بھی شامل ہے۔

اب اس ضمن میں آخری بات یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ برادرم جناب پیر صوفی غلام سرور شباب صاحب نے جو اپنا حاصل تجربہ اور حاصل مطالعہ آپ لوگوں کے سامنے رکھا ہے۔ اس سے کماحقہ استفادہ کرنے کے لیے عزیمت برہتیہ کو پڑھنا بہت ضروری ہے۔ عزیمت برہتیہ ہی اس وفق کی تاثیر پیدا کرنے میں معاون ہوتی ہے۔ یہ ایک سریع التاثیر قسم ہے۔ اور اسے اسی مقصد کے ساتھ ہی غالباً وضع کیا گیا تھا۔ اس کے لیے آپ اس انتظار میں نہ رہیں کہ جب آپ اس کی ریاضت کریں گے تو اس کے بعد ہی اس کی تاثیر ظاہر ہوگی۔ جبکہ یہ گمان درست نہیں ہے۔ درحقیقت یہ عزیمت اپنی ترکیب عمل میں بہت ہی نادر ہے۔ جب بھی آپ مثلث خالی البطن وضع کریں یا مثلث کے طبیعی اوفاق سے کام لیں۔ ہر دو صورت میں اگر عمل عمومی نوعیت کا ہو تو عزیمت کو سات بار پڑھ کر اس پر دم کریں اور اگر خصوصی نوعیت کا ہو یا مشکل امر ہو تو عزیمت برہتیہ کو 45 بار پڑھ کر اس پر دم کریں۔ آپ تاثیر سے قطعی طور پر محروم نہیں رہیں گے۔

واضح ہو کہ عموماً روحانی علوم کی کتب میں بہت سی غلطیاں ہوتی ہیں۔ جو طباعت کی بھی ہوتی ہیں تو مصادر کی بھی ہوتی ہیں۔ اگر اس طرح کی اغلاط پر مشتمل دعوت، ریاضت کا آدمی انتخاب کرتا ہے تو پھر اسے کماحقہ فائدہ نہیں پہنچتا۔ جس کی سب سے بڑی وجوہات میں سے پہلی عظیم وجہ اس عمل کی عبارت کا حقیقت کے مطابق نہ ہونا ہوتا ہے۔

زیر نظر کتاب میں سورہ الاخلاص کی دعوت کا ایک عظیم ترین عمل دیا گیا ہے۔ یہ کتابت اور روایت کی ممکنہ تمام اغلاط سے پاک ہے۔ یہ ایک ایسا روحانی تحفہ ہے

جس سے آپ تمام زندگی فائدہ اٹھا سکتے ہیں، اور پورے اعتماد کے ساتھ یہ دعویٰ کرنے میں حق بجانب ہوں گے کہ آپ نے اسرارِ خفیہ میں سے ایک عظیم اور پرتاثیر راز کو پالیا ہے۔

مثلث کے وفق کے متعلق جناب علامہ پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب کی یہ کتاب ایک انسائیکلوپیڈیا، دائرۃ المعارف کی سی حیثیت رکھتی ہے۔ اس سے آپ کتنا فائدہ اُٹھاتے ہیں یہ آپ کے نصیب اور آپ کی صوابدید پر منحصر ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کا ادراک کھولے اور خلقِ خدا کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

وآخر دعوانا ان الحمد للہ ربّ العالمین۔ الراجی رِضی الرّحمٰن۔

ابو بہلول غلام الرسول عاملی نقشبندی

(الغزالی لائبریری لاڑکانہ)

15 اپریل 2016ء

رُوحانیت کیا ہے؟

کہا جاتا ہے کہ رُوحانیت ایسا نور ہے جس کے بعد اندھیرا نہیں، ایسی ہدایت ہے جس کے بعد گمراہی نہیں اور رُوحانیت ایسی طاقت ہے جس کا کوئی توڑ نہیں۔ لیکن سوال پیدا ہوتا ہے کہ رُوحانیت کیا ہے؟

رُوح عربی زبان کا لفظ ہے، اس کے معنی ہیں۔ جان، جذبہ اور طاقت۔ قرآن مجید فرقانِ حمید میں ہے کہ "انسان (آدم علیہ السلام) میں ہم (اللہ تعالیٰ) نے اپنی رُوح پھونکی۔ (یعنی انسان میں اللہ تعالیٰ کا اپنا نور ہے)" اور پھر ہم (اللہ تعالیٰ) نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو پاکیزہ رُوح طاقت دی۔" یہاں رُوح سے مراد جان بھی ہے اور جذبہ بھی ہے اور طاقت بھی ہے۔ رُوحانیت کا مطلب ہے کہ رُوح کا جوش وجذبہ اور رُوح کی طاقت اور نور، اللہ تعالیٰ کا نور ہے اور اس میں وہی طاقتیں ہیں جو اللہ تعالیٰ اسے دیتا ہے۔ اور جب رُوح جوش وجذبے اور جنون میں آتی ہے تو وہ ایسے ایسے کام (معجزے اور کرامتیں) کرتی ہے، جو عام آدمی عام حالات میں نہیں کر سکتے۔ آدمی کا ایک اللہ کے خیال۔ ایک اللہ کے تصور اور جذب وجنون میں مست رہنا اور نورانی کیفیت محسوس کرنا رُوحانیت ہے۔

• زمانہ گواہ ہے کہ نبیوں، رسولوں، اماموں، ولیوں، گروؤں، اوتاروں نے ایسے ایسے کام کیے کہ انسان حیران رہ گئے۔ مثلاً حضرت نوح علیہ السلام نے اپنے ماننے والوں کو کشتی میں سوار کرلیا اور انہیں زبردست طوفان سے بچالیا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نمرود کی جلائی ہوئی آگ سے صاف بچ گئے۔ حضرت اسماعیل علیہ السلام چھری کے نیچے ذبح ہونے سے بچ گئے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے صحابی نے

بلقیس کا تخت پلک جھپکنے میں منگوالیا۔ حضرت صالح علیہ السلام نے پہاڑ سے اونٹنی
نکالی۔ اسی طرح موسیٰ علیہ السلام کے اعصاء نے جادوگروں کے سانپوں کو نگل لیا اور
سمندر میں راستے بنادیئے اور پہاڑ سے بارہ چشمے بنادیئے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام
نے کوڑھیوں کو ٹھیک کیا اور مردوں کو زندہ کیا۔ اور آخری نبی حضرت محمد ﷺ نے جلی
ہوئی کھجوروں کو اگا گیا۔ پتھروں کو کلمہ پڑھایا۔ انگلیوں سے پانی کی نہریں بہائیں۔
چاند کے دو ٹکڑے کئے اور بہت سے دوسرے معجزے دکھائے۔

حضرت غوث الاعظم جناب شیخ عبدالقادر جیلانی نے مردے زندہ کئے اور
ڈوبی ہوئی بیڑی ترائی۔ داتا علی ہجویریؒ نے اپنی جوتیوں کو حکم دیا کہ وہ ہوا میں اُڑتے
ہوئے جادوگر کو مار مار کر نیچے زمین پر لے آئیں۔ بابا فرید الدین گنج شکرؒ نے چڑیوں
کو مارا اور پھر زندہ کیا۔ شاہ شمس تبریزیؒ نے بادشاہ کے مرے ہوئے ہاتھی کے کان
میں کہا کہ وقت بے وقت تو دیکھ، یہ کوئی مرنے کا وقت ہے، اُٹھ کھڑا ہو جا اور وہ زندہ
ہو گیا۔ ایک اور فقیر نے خدا کے دیدار کی خاطر ابلتے تیل کے کڑاہ میں چھلانگ لگادی
اور تیل ٹھنڈا ہو گیا۔ کسی اللہ کے بندے نے دیوار کو کہا چل تو وہ چل پڑی۔ اسی طرح
کی بہت سی کرامات مشہور ہیں۔

یہ سب کچھ رُوح کے جنون نے کیا تھا۔ دیکھو، جسم مرتا ہے رُوح نہیں مرتی۔
صاحب رُوحانیت نہیں مرتا، بلکہ اس دنیا سے اُس دنیا (اگلے جہان) میں منتقل ہوتا
ہے۔ اس کا کوئی حساب کتاب نہیں ہوتا کیونکہ اس حساب کتاب یہیں ہو چکا ہوتا
ہے۔ اس لیے آگے وہ آزاد ہوتا ہے اور اپنی مرضی کرتا ہے۔ اسے کُن کی طاقت حاصل
ہوتی ہے۔ وہ جو کہتا ہے ہو جاتا ہے، اور جو چاہتا ہے مل جاتا ہے۔ اسے ہمیشہ کی

زندگی، حسن، جوانی اور نہ ختم ہونے والی نعمتیں اور خدا کا دیدار حاصل ہوتا ہے، وہ خدا کا
مقرب اور جنت الفردوس میں حوروں کے جھرمٹ میں ہوتا ہے۔ اسے کسی قسم کا کوئی
خوف اور غم نہیں ہوتا۔ یہ سب کچھ اسے خدا کی تلاش، خدا سے محبت، اس کی عبادت اور
اس کا دیدار کرنے کے جنون سے اور اس کے عشق و مستی اور جذب وجنون کی کیفیت
سے حاصل ہوتا ہے۔ اس کا روحانی طاقت سے ایمان ویقین اور قوت ارادی مضبوط
ہوتی ہے اور وہ ایسے ایسے کام کرتا ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ کیونکہ اس وقت بندہ
خود نہیں ہوتا بلکہ خدا خود فاعل حقیقی ہوتا ہے۔ جیسا کہ قرب نوافل والی حدیث قدسی
میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جن سے وہ پکڑتا اور کام کرتا
ہے، میں اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جن سے وہ چلتا ہے، میں اس کے کان بن جاتا
ہوں جن سے وہ سنتا ہے اور میں اس کی زبان بن جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے اور جو
کچھ وہ کہتا ہے وہ ہو جاتا ہے کیونکہ اس وقت اللہ خود ہوتا ہے اور سب کچھ اسی کے حکم
سے ہوتا ہے۔

دیکھو؟ رُوحانیت اللہ کا ایک نور ہے۔ ایک طاقت ہے، ایک جذب ومستی
اور ایک جنون ہے اور ایک زبردست یقین اور مضبوط قوت ارادی ہے۔ عملیات میں
بھی رُوحانیت ہے۔ عامل کو زبردست یقین اور مضبوط قوت ارادی حاصل ہوتی ہے
اور خدا کے ذکر اور یقین میں بہت زیادہ رُوحانیت ہے۔ اور عشق ومستی اور جذب
وجنون میں بھی زبردست قسم کی رُوحانیت ہوتی ہے اور بندے کا جو ارادہ ہوتا ہے یا جو
بات اس کے منہ سے نکلتی ہے وہ فوراً پوری ہو جاتی ہے اور اسے کُن کی طاقت حاصل
ہوتی ہے۔ وہ جو کہتا ہے ہو جاتا ہے اور جو مانگتا ہے وہ مل جاتا ہے۔ وہ اپنی جنت خود

بناتا ہے اور جو چیز یا جو نعمت چاہتا ہے پالیتا ہے۔ رُوحانی طاقت عملیات سے بھی آتی ہے اور پیرومرشد کی نظر کرم سے بھی حاصل ہوتی ہے۔ بشرطیکہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہوجائے۔ روحانیت اسی پاکیزہ جذبہ اور نورانی کیفیت کا نام ہے جس سے انسان کچھ دیکھ سکتا ہے اور کرسکتا ہے اور یہ خدائی طاقت سے ہی ممکن ہے۔

پڑ گئی ایک نظر تو بندے سے مولا کر دیا
آ گئے موج میں تو قطرے سے دریا کر دیا

عالم رویا میں رُوحانیت والے جاگنے اور خواب کی درمیانی حالت میں کہیں کے کہیں پہنچ جاتے ہیں۔ اور عالم ارواح میں روحوں سے ملاقات لیتے اور مستقبل میں ہونے والے واقعات کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیتے ہیں۔ اور ان کے خواب بھی سچے ہوتے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ جسے دے۔

بڑے کرم کے ہیں یہ فیصلے
بڑے نصیب کی یہ بات ہے

رُوحانیت کا فائدہ یہ ہے کہ اس سے انسان کی رُوح خوش رہتی ہے۔ رُوح خوش ہو تو انسان خوش ہوتا ہے اور بیماری و پریشانی سے بچا رہتا ہے اور انسان تب بیمار ہوتا ہے جب رُوح بیمار ہوتی ہے۔ اور رُوح تب بیمار ہوتی ہے جب اسے اس کی غذا یعنی اللہ کا ذکر نہیں ملتا۔

تعویذات کی شرعی حیثیت

لغت میں تعویذ کے معنی پناہ دینا، امان، اور بچاؤ کے ہیں۔

اصطلاحی معانی

وہ کاغذ یا تختی جس پر اعداد یا اسمائے الٰہی یا آیات قرآنی کی خاص طریقے سے خانہ پری کر کے حصول مراد یا حفاظت کے لیے گلے میں ڈالنے یا کسی اور عضو پر باندھتے ہیں تعویذ کہلاتا ہے۔ قرآن مجید فرقان حمید میں تعویذ کی اصل اس آیت مبارکہ سے عیاں ہوتی ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ (بنی اسرائیل آیت ۸۲)

ترجمہ: اور قرآن حکیم میں ہم وہ چیز نازل فرماتے ہیں جو ایمان والوں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

اور حدیث میں تعویذات کی طرف نشاندہی کرتی ہوئی یہ روایت ہے۔

عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں چند کلمات سکھائے جن کو ہم خوف اور دہشت کی وجہ سے سوتے وقت پڑھتے تھے وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو اپنے بالغ بچوں کو سوتے وقت ان کلمات کے پڑھنے کی تلقین کرتے اور جو کم سن بچے ان کلمات کو یاد نہیں کرسکتے تھے ان کے گلوں میں ان کلمات کو لکھ کر ان کا تعویذ بنا کر ڈال دیتے۔ (مسند احمد ج ۲ ص ۱۸۱۔ سنن ابوداؤد ج ۲

ص ۱۸۷، شرح صحیح مسلم سعیدی ج ۶ ص ۵۵۲)

علامہ سید محمود آلوسی حنفی لکھتے ہیں کہ

امام مالک نے کہا کہ جن تعویذات میں اللہ تعالیٰ کے اسماء ہوں ان کو بطور تبرک مریضوں کے گلوں میں لٹکانے میں کوئی حرج نہیں ہے جب کہ لٹکانے والا اس سے نظر دُور کرنے کا ارادہ نہ کرے۔ اس سے امام مالک کی مراد یہ ہے کہ مصیبت نازل ہونے کے بعد راحت اور خوشی کی امید میں تعویذ لٹکانے میں کوئی حرج نہیں ہے یہ اس دَم کرنے کے حکم میں ہے۔ جو نظر لگنے کے سلسلہ سنت میں وارد ہے اور مصیبت نازل ہونے سے پہلے تعویذ لٹکانے میں حرج ہے اور امام مالک کا یہ حکم غریب ہے۔

ابن مسیب کے نزدیک قرآن مجید سے تعویذ لکھ کر کسی بانس وغیرہ پر لٹکانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جماع اور بیت الخلاء کے وقت تعویذ کو اتار لیا جائے۔ انہوں نے قبل اور بعد کے ساتھ مقید نہیں کیا۔ امام باقر نے بچوں کے گلوں میں تعویذ لٹکانے کی مطلق اجازت دی ہے۔ امام ابن سرین کے نزدیک بچہ ہو، یا بڑا تعویذ لٹکانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

اسی طرح علامہ شامی حنفی فرماتے ہیں کہ

قرآن حکیم سے شفاء طلب کرنے میں اختلاف ہے بایں طور کہ مریض یا ڈسے ہوئے پر سورہ فاتحہ پڑھی جائے یا کسی ورق پر لکھ کر اس کو تعویذ بنا کر گلے میں ڈال دیا جائے یا کسی طشتری میں لکھ کر اس کو دھو کر اس کا غسالہ اس کو پلا دیا جائے۔ نبی کریم ﷺ سے منقول ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے اوپر "لورضا اللہ عنہ" پڑھتے تھے۔ اس کے اوپر آج تک لوگوں کا عمل ہے اور اس کے ثبوت میں آثار وارد ہیں۔ اگر تعویذ

کسی لفافے یعنی موم جامے میں ہوں اور یہ کسی جنبی یا حائضہ کے بازو پر بندھے ہوں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (بحوالہ روح المعانی۔ شرح صحیح مسلم نووی۔ سنن ابوداود)

اسی طرح حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قرآن شریف کے ساتھ تعویذ "پناہ چاہنا" جائز ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

"فاستعذ باللہ من الشیطان الرجیم" یعنی شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ۔

اللہ تعالیٰ نے سورہ فلق اور سورہ ناس میں بھی فرمایا ہے۔ حدیث شریف میں بھی آیا ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ جب بیمار ہوتے تو یہ دونوں سورتیں پڑھ کر اپنے اوپر دم فرما لیتے تھے۔ حضور اکرم ﷺ یہ دعا بھی پڑھتے تھے۔

"اعوذ بوجہ الکریم و کلماتہ التامات من شر ما خلق و ذرء و من شر کل"

ترجمہ: "میں اللہ بزرگ و برتر اور اس کے پاک کلموں کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں، اس شر سے جس کو اس نے پیدا کر کے پھیلا دیا ہے۔ اور ہر چوپائے کے شر سے کیونکہ میرا رب اس کو پیشانی کے بالوں سے پکڑنے والا ہے۔"

(ردالمختار ص ۱۴۵ ج ۵۔ شرح صحیح مسلم سعیدی ج ۶ ص ۵۵۱)

قرآن مجید اور اللہ تعالیٰ کے اسماء الحسنیٰ کو بطور افسون پڑھنا بھی جائز ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ۔ (بنی اسرائیل آیت: ۸۲)

ترجمہ: اور قرآن حکیم میں ہم وہ چیز نازل فرماتے ہیں جو ایمان والوں کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

دوسری آیت میں ارشاد ربانی ہے۔ ''ھذا کتاب انزلناہ مبارک'' یعنی یہ وہ کتاب ہے جو ہم نے اتاری ہے اور جو برکت والی ہے۔''

حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کے سلسلہ میں حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ ان کو بدنظری جھاڑا کرو، اگر تقدیر سے کوئی چیز سبقت کرتی تو وہ بدنظری ہے۔ تو اسی طرح تپ زدہ شخص کے لیے تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالا جا سکتا ہے۔

امام احمد بن حنبلؒ نے فرمایا کہ مجھے بخار ہو گیا تو میرے لیے تعویذ کیا گیا، اسی طرح حضرت مصنفؒ نے وضع حمل کے لیے بھی تعویذ لکھا۔ جو غنیۃ الطالبین کے صفحہ ۱۰۶ پر موجود ہے۔

مثلث کی تاریخی حیثیت

روایت کے مطابق مثلث زیادہ تر امام غزالی کی نسبت بھی مشہور ہے۔ اس کے باوجود کہ اسے امام غزالی نے ایجاد نہیں کیا۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ مثلث حضرت سلیمان علیہ السلام کے وزیر حضرت آصف بن برخیا کی اختراع ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کی انگوٹھی پر مثلث تھی جبکہ وہ آپ کا عدد تھا اور اسی کے ساتھ حضرت سلیمان علیہ السلام کی بادشاہت مکمل ہوئی۔ اسی لیے مثلث کو خاتم سلیمانی بھی کہا جاتا ہے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کے بعد یکے بعد دیگرے قوموں میں منتقل ہوتی رہی۔ حتیٰ کہ یونان کے حکماء کے پاس پہنچی۔ پھر قرن بہ قرن سفر کرتی رہی۔ یہاں تک کہ یہ امام غزالی کے پاس پہنچی۔

مثلث کے بارے میں اہل مشرق کی دلیل

اہل مشرق یہ دلیل دیتے ہیں کہ چلنے والے ستاروں ''سیاروں'' میں سب سے پہلا سیارہ زحل ہے۔ اور اسی کے فلک سے سیارگان کے سارے افلاک پھیلے ہیں اور اسی طرح مثلث ہے جو عددی یعنی ہندسے والے اوفاق ہیں۔ سب سے پہلا اور اس کی نسبت عدد کے اعتبار سے ہے۔ کیونکہ زحل کا عدد ۴۵ ہے اور پھر مثلث جس کا عدد یعنی مساحت بھی ۴۵ ہے۔ جیسا کہ ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام اس ملت آدمیہ میں سب سے پہلے فرد ہیں۔ ان کے نام کے حروف کا عدد بھی ۴۵ ہے۔ جس طرح مثلث کی مثال ہے اور حضرت حوا حضرت آدم کی پسلی سے پیدا ہوئی تھیں۔ اور ان کے نام کے عدد ۱۵ ہیں۔ اور مثلث کا ضلع بھی ۱۵ ہے۔ انہیں مناسبتوں سے یہ حقیقت متعین ہو جاتی ہے کہ مثلث کو زحل کی طرف منسوب کیا جائے۔ یہاں تک کہ قیس

الانوار کے مصنف نے کہا ہے کہ جو شخص یہ کہے کہ قمر مثلث کے لیے ہے وہ غلطی پر ہے۔

امام غزالی کا فرمان

امام غزالی کا فرمان ہے کہ میں کافی عرصہ شہر و دیار میں ایک انگوٹھی کی جستجو میں پھرتا رہا جو حضرت سلیمان علیہ السلام کے سامنے ہوتی تھی۔ اور اس میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم تھا۔ وہی جو حضرت ادریس علیہ السلام کی انگوٹھی میں بھی تحریر تھا لیکن کامیاب نہ ہوسکا۔ حتیٰ کہ میں بلخ کے تخت تک پہنچ گیا جونہی میں وہاں پہنچا تو میں نے مذکورہ انگوٹھی کے بارے میں پوچھنا شروع کیا حتیٰ کہ مشائخ میں سے ایک شیخ کی طرف میری رہنمائی کی گئی۔ میں نے اس سے بھی اس کے متعلق پوچھا، تو اس نے مجھے ہاں میں جواب دیا، اور کہا کہ وہ مقدس انگوٹھی میرے پاس ہے۔ چنانچہ میں اس کی خدمت میں کمر بستہ ہوگیا۔ پھر اس نے مجھے انگوٹھی دے دی اور ساتھ ہی مجھے وصیت کی کہ

جاہل لوگوں سے چھپا کر رکھنا۔ غیر مستحق لوگوں سے اسے بچا کر رکھنا۔ تمام جاہل لوگوں سے اس کی حفاظت کرنا۔ کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ہے۔

حجۃ الاسلام امام ابو حامد
محمد بن محمد غزالی کی عظمت

"مستوجبة المحامد" کے مصنف نے ابو حامد الغزالی کی انگوٹھی کی شرح میں کہا کہ غزالی کو جو کچھ بھی حاصل ہوا، وہ صرف اور صرف اس انگوٹھی کی برکت سے حاصل ہوا۔ اور اسی طرح وہ تصرفات ہیں جو انہیں اس انگوٹھی کی وجہ سے حاصل ہوئے۔ اور یہ کہ جس نے اسے پہچان لیا اس نے اسم اعظم کو پہچان لیا، لیکن اسے نیکی

وبدی کا ہر پسندیدہ کام اور حسب مرضی ہر کام کرنے سے باز رہنا چاہیے۔ اس صورت میں اس پر چند معتبر شرائط عائد کردی جائیں۔ ورنہ اسم اعظم تو دودھاری تلوار کی طرح ہے۔ جہاں بھی اور جس طرف بھی ضرب لگاؤ گے کاٹ دے گی۔ اس کی اور بھی بے شمار بڑی بڑی تاثیرات ہیں۔

رازھائے مخفی مثلث

اس وفق یعنی مثلث میں عالم علوی یعنی اوپر والے عالم اور عالم سفلی یعنی نیچے والے عالم کے اسرار و رموز پنہاں ہیں۔

(الف) الف واجب الوجود یعنی ہر جگہ وہی ذات ہے اور فرد المعبود یعنی صرف ایک ہی ذات عبادت کے لائق ہے کی طرف اشارہ ہے۔

(با) باء کا اشارہ دنیا و آخرت یعنی ہر جوڑے کی طرف ہے۔ جسے اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا، جیسے نور و ظلمت، موت و حیات اور خیر و شر وغیرہ

(جیم) تمام موجودات جس کا ذات واجب الوجود نے محاصرہ کر رکھا ہے۔ جوہر و غرض اور تین مخلوقات کی طرف اشارہ ہے یعنی معدنیات، نباتات، حیوانات اور اس طرف بھی اشارہ ہے کہ یہ وہ پہلا عدد ہے جو محض اس بنا پر منفرد ہے کہ واحد عدد ہی نہیں جبکہ عدد وہ ہوتا ہے جو اکائیوں سے مرکب ہوتا ہے۔ اور شارع علیہ السلام نے کئی احکام میں تین پر منحصر رکھا، یہ بہت بڑی دلیل ہے کہ اس میں کئی ایک اسرار ودیعت کیے گئے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے سوا کوئی بھی نہیں جانتا۔

(دال) دال عناصر اربعہ، اطراف اربعہ، ریاح اربعہ یعنی چاروں

ہوائیں، ملائکہ اربعہ، خلفائے اربعہ کی طرف اشارہ کرتی ہے۔

(ھا) ھا پانچوں نمازوں، روحانیت خمسہ یعنی جبرائیل، میکائیل، اسرافیل، عزرائیل اور روح کی طرف اور کھیعص اور حمعسق کی طرف اور حضور نبی کریم ﷺ اور آپ کے اصحاب کبار کی طرف اشارہ ہے۔

(واو) چھ دنوں کی طرف اشارہ ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ نے زمین وآسمان پیدا کئے اور جہات ستہ یعنی چھ اطراف کی طرف اشارہ ہے۔

(زا) زا کا اشارہ سات آسمانوں، سات زمینوں، سات ستاروں، ہفت اقلیم یعنی سات بادشاہتوں کی طرف اشارہ ہے۔

(حا) حا کا اشارہ عرش اٹھانے والے آٹھ فرشتوں کی طرف جنت کے آٹھ دروازوں کی طرف ہے۔

(طا) طا کا اشارہ نو آیات اور نو افلاک کی طرف ہے۔

پس اس طرح ان حروف میں سے ہر ایک حرف کو یا اس کے قائم مقام جیسے عدد، اسم اور نقطہ کو وضع کرتے وقت متعین کر دیا جاتا ہے اور ضروری ہے کہ وضاحت کرنے والا جس کے ساتھ اسے اشارہ کیا گیا ہے، اسے نمایاں کرے تاکہ ہندسوں کا پرکرنا بہترین طریقے پر ہو سکے۔ اور اس کے لطائف میں سے یہ بھی ہے کہ انبیائے کرام علیہم السلام کا قرعہ نکالنا یعنی ان کے اسماء کا حصہ تمام انبیاء کے اسماء اور تمام اسرار پر مشتمل ہے۔ کیونکہ ان میں سے ہر ایک کو جب 9 پر تقسیم کیا جائے تو جو کوئی بھی بچے گا وہ 9 سے باہر نہ جائے گا۔

مثلث کی حرفی اور عددی صورت یہ ہوگی۔

مثلث حرفی

د	ط	ب
ج	ھ	ز
ح	ا	و

مثلث عددی

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

خاتم سلیمانی (خاتم غزالی) کے بارے میں ایک اہم راز کا انکشاف

حجۃ الاسلام امام ابو حامد محمد بن محمد غزالی سے روایت ہے کہ مثلث کے اعداد اور زحل کے اعداد برابر ہیں۔ مثلث (آدم) اور (حوا) اپنے عدد کے ساتھ برابر ہے۔ یعنی مجموعہ اضلاع مثلث (۴۵) ہے۔ مثلث کے تین اضلاع کا مجموعہ (۴۵) ہے۔ اور آدم کے اعداد بھی (۴۵) ہیں۔ مثلث کے ایک ضلع کے اعداد (۱۵) ہیں اور حوا کے اعداد بھی (۱۵) ہیں۔ اس لیے یہ بھی کہا جاتا ہے حوا ضلع (پسلی) سے نکلی۔ اور بسا اوقات ساتھ وضع حرفی (ح وا) بولا جاتا ہے۔

مثلث کی چند شرائط ہیں۔ اور طبیعتیں، آیات، افلاک اور حروف ہیں۔ اور وہ 9 حروف ہیں۔ ان میں سے چار خیر کے حروف ہیں۔ اور وہ (ب د و ح) اور ان کا نام مزوجات ہے۔ اور پانچ حروف شر کے ہیں۔ اور وہ (ا ج ھ ز ط) اور ان کا نام مفردات ہے۔ اور منقسم ہوتے ہیں چار عناصر کی طرف وضع کے وقت جیسے کہ آگ، مٹی، ہوا، پانی اور چاروں کی وضعی صورت یہ ہے۔

مثلث آتشی، شرقی، گرم، خشک یہ ہے۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

اور اس کے منسوب حروف یہ ہیں۔(اھ طم ف ش ذ) اور آیات یہ ہیں۔

وَاِنْ مِّنْکُمْ اِلَّا وَارِدُھَا کَانَ عَلٰی رَبِّکَ حَتْمًا مَّقْضِیًّا۔

مثلث خاکی، جنوبی، سرد، خشک یہ ہے۔

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

اور اس کے منسوب حروف یہ ہیں۔(ب و ی ن ص ت ض) اور آیات یہ ہیں۔

مِنْهَا خَلَقْنٰکُمْ وَفِیْهَا نُعِیْدُ کُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُکُمْ تَارَةً اُخْرٰی۔

مثلث بادی، غربی، گرم، تر یہ ہے۔

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

اور اس کے منسوب حروف یہ ہیں۔(ج ز ک س ق ث ظ) اور آیات یہ ہیں۔

وَنُفِخَ فِی الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا۔

مثلث آبی، شمالی، سرد، تر یہ ہے۔

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

اور اس کے منسوب حروف یہ ہیں۔(د ح ل ع ر خ غ) اور آیات یہ ہیں۔

وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ کُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ۔

جاننا چاہیے کہ 9 آیات ہیں جن کے بغیر عمل درست نہیں ہوتا پس جب کسی عمل کا ارادہ کریں تو اعمال سے بعد وضع کرنے کے لیے عناصر اور شروط پر سے شروع ہو، حروف یا اعداد اس خاتم میں لکھے جائیں۔ پس جان لیں کہ ہر حرف کے لیے حروف خاتم سے تخصیص ہے ساتھ ایک آیت کتاب اللہ کے، اور آیات کو حروف یا اعداد لکھنے سے پہلے پڑھیں۔ جب (الف) لکھیں تو پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔(اٰیۃ) اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ اِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔ (سورہ البقرہ آیت 255)

اور (با) لکھتے وقت یہ پڑھیں۔

(بقطریال) بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِذَا قَضٰی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ

اور (جیم) لکھتے وقت یہ پڑھیں۔

(جلیثِ) جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا۔

اور (دال) لکھتے وقت یہ پڑھیں۔

(دَمْیالِ) دَعْوَاهُمْ فِيهَا سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيهَا سَلَامٌ وَآخِرُ دَعْوَاهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

اور (حا) لکھتے وقت یہ پڑھیں۔

(هطظوش) هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ (سورہ حشر:22)

اور (واؤ) لکھتے وقت یہ پڑھیں۔

(وهیم) وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ وَيَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ فَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَعَالٰى عَمَّا يُشْرِكُونَ۔

اور (زا) لکھتے وقت یہ پڑھیں۔

(زنقطا) زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الْمَآبِ۔ (سورہ آل عمران:14)

اور (حا) لکھتے وقت یہ پڑھیں۔

(حذایہ) حٰمٓ عٓسٓقٓ كَذٰلِكَ يُوحِي اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ۔

اور (طا) لکھتے وقت یہ پڑھیں۔

(طفیالِ) طٰهٰ۔ مَا اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقٰى۔ اِلَّا تَذْكِرَةً لِمَنْ يَخْشٰى۔ تَنْزِيلًا مِمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمَاوَاتِ الْعُلٰى۔ الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى (سورہ طٰہٰ:1 تا 5)

اور جاننا چاہئے کہ املاک حروف کے ہیں ساتھ آیات کے جیسا کہ گزر چکا ہے۔ اب ہم ذکر کرتے ہیں ان کو جدا ان سے تاکہ آپ کو معلوم ہو جائے۔

الف (ایو)۔ با (بقطریال)۔ جیم (جلیثِ)۔ دال (دمیالِ)۔ حا (هطظوش)۔ واؤ (وهیم)۔ زا (زنقطا)۔ حا (حذایہ)۔ طا (طفیالِ)۔

خاتم حرفی کی یہ صورت ہے۔

ح	ا	و
ج	ھ	ز
د	ط	ب

اور بعض عاملین وکاملین مثلث حرفی اور عددی کو لکھا اس طرح بھی تحریر فرماتے ہیں۔

۸ح	۱ا	۶و
۳ج	۵ھ	۷ز
۴د	۹ط	۲ب

ہر خانہ مثلث کے اسماء اس خانہ میں درج کرتے ہیں تا کہ سمجھنے میں زیادہ آسانی رہے

۶/رحیم	۱/رایہ	۸/حذایہ
۷/رتقطا	۵/ھطظوش	۳/خلیش
۲/بقطر جال	۹/طفبال	۴/ردمیال

اس خاتم سلیمانی یعنی خاتم غزالی کے ساتھ چار موکلات اعظم یہ ہیں۔

جبرائیلُ، میکائیلُ، اسرافیلُ، عزرائیلُ۔ اور دو موکل اُن کے خدام یہ ہیں۔

نوائیلُ، سمکیائیلُ۔ اور بعض عاملین نے شرنطیائیلُ کا نام بھی درج کیا ہے۔

مکمل خاتم سلیمانی (خاتم غزالی) اس طرح ہے۔

کہیعص	قولہ	بسم	الحق	حمعسق
جبرائیل	ب۲	ط۹	د۴	میکائیل
الرّحیم	ز۷	ھ۵	ج۳	اللہ
اسرافیل	و۶	۱۱	ح۸	عزرائیل
المر	الملک	الرّحمٰن	ولہ	طسم

یہ خاتم کاٹنے والی تلوار اور زہر قاتل ہے اور ایک طرح کا تریاق اعظم بھی ہے۔ شفاالامراض کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ چمکنے والے سورج کی طرح نورانی شعاعوں کی جامع ہے اور ایک روشن ستارہ کی مانند ہے۔ کمان سے نکلنے والا ایک تیر بے خطا ہے۔ کرامات کی حامل ہے۔ اللہ تعالٰی کی ذاتِ اقدس ومقدس ہر چیز پر قادر ہے۔ آپ اس راز سے آگاہ ہو رہے ہیں اس لیے اس کا ناجائز استعمال نہ کریں۔

اور صرف جائز امور میں ہی استعمال کریں۔

اس خاتم شریفہ کے بارے میں حجۃ الاسلام امام ابو حامد محمد بن محمد غزالی نے تحریر فرمایا ہے کہ یہ وفق شریف زحل اور قمر کے ساتھ منسوب مشہور ہے۔ اور یہ خاتم سید جلیل آصف بن برخیا وزیر حضرت سلیمان علیہ السلام کے ساتھ منسوب ہے۔ اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ خاتم حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کے ساتھ منسوب ہے۔ بعض عاملین کاملین فرماتے ہیں کہ اس خاتم کو حضرت آدم علیہ السلام نے استخراج کیا، سفر آدم جو سفر حقائق مشہور تھا۔ اس دوران ملک زرائیل نے اللہ تعالٰی کے حکم سے تعلیم کیا جس کا تذکرہ بعض احادیث کی کتب میں بھی ملتا ہے۔

اس روایت کو امام غزالی نے اپنی کتاب "المندل والخاتم السلیمانی والعلم الروحانی" میں روایت کیا ہے۔

ابو علی دقاق نے فرمایا کہ یہ خاتم متضمن ہے بہت سارے اسرار کو جو اسرار مراد لیے ہیں اللہ تعالٰی نے ساتھ اپنے قول

"اِنْ یَّاْتِیَکُمُ التَّابُوْتُ فِیْهِ سَکِیْنَةٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ"

پس نام ذکر کیا اُس تابوت اور سکینہ اور علم اور قول اللہ تعالٰی کا "تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِکَةُ" یعنی وہ اسرار کہ متضمن ہے اُس کو اس لیے کہ اسرار بعض دفعہ تعبیر کیا جاتا اُن سے ساتھ ملائکہ کے اور کبھی تعبیر کیا جاتا ہے روحانیت سے اور کبھی تعبیر کیا جاتا طبیعت سے اور وہ اسرار جو تعلیم دی تھی اُن اللہ تعالٰی نے ملک طالوت کو وہ، وہ ہیں جو کہ مراد لیے ساتھ قول "وَزَادَهٗ بَسْطَةً فِی الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ" اور خاص کرتا ہے ساتھ اسرار خاتم کے۔ ایسا ہی ذکر کیا اُس کو ولی علامہ ابو علی دقاق نے اور استخراج کرنے والا ہے پانچ

آیات کتاب اللہ تبارک وتعالیٰ سے وہ پانچ آیات آگے درج کی جارہی ہیں۔

نقشِ مثلث اور حروفِ مقطعات

نقش مثلث تمام نقوش میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے یہ علویت کے درجے پر ہے۔ مثلث نقش کی تاثیر تمام مقاصد میں بے نظیر ہے۔ کوئی بھی ایسا کام نہیں ہے جو اس کے ذریعے حاصل نہ کیا جا سکتا ہو۔ نقش مثلث جسے عام طور پر پندرہ کا نقش بولا جاتا ہے۔ یہ نقش کوکب قمر سے متعلق ہے اور اسم ام البشر حضرت حواؑ کا ہے کیونکہ یہ حضرت حواؑ کے اعداد پر مشتمل ہے اور حوا کے کل اعداد پندرہ (۱۵) ہیں۔ اگر تینوں ضلعوں کی مجموعی تعداد کو لیا جائے تو پھر ۴۵ عدد ہو جاتے ہیں۔ یعنی فنی لحاظ سے اس نقش کی مساحت ۴۵ ہے جو اسم حضرت آدمؑ کے اعداد ہیں۔ گویا نقش حضرت آدمؑ کے ہر ضلع سے حضرت حواؑ برآمد ہوتی ہے۔ اس لئے انسانی افعال و اعمال میں یہ امتیازی خصوصیات کا حامل ہے اور یہ نقش حضرت لوطؑ کے اعداد کے مطابق بھی ہے۔ رفتار مثلث احاد برآمد ہوتی ہے کیونکہ کل اعداد ایک سے نو تک اس میں درج ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ مرتبہ احاد اعصائے حضرت موسیٰ کے متعلق ہے۔ اس لئے بطلانِ سحر کرتے ہیں۔ بعض کا خیال ہے کہ نقش مثلث ان تینوں کلموں سے ماخوذ ہے اور یہ اسماء ہندسوں کی ترتیب سے نقش کے اندر موجود ہیں (بطد۔ زہج۔ واح) کہا جاتا ہے کہ زمانہ قدیم کی کسی زبان میں یہ اسمائے الٰہیہ ہیں۔ مگر یہ نام یاد رکھنے کیلئے موزوں ہیں۔ ان سے رفتار یاد رہتی ہے۔ اسے نقش مثلث طبعی اور آتشی بھی کہا جاتا ہے۔

نقش حوا

٨	١	٦
٣	٥	٧
٤	٩	٢

اور مثلث (بطد۔ زہج۔ واح) یہ جسے مثلث خاکی بھی کہا جاتا ہے۔

خاکی

٤ د	٩ ط	٢ ب
٣ ج	٥ ھ	٧ ز
٨ ح	١١	٦ و

عاملین و کاملین کا خیال ہے کہ مثلث قرآن کریم دو آیات مقطعات سے اخذ کیا گیا ہے جو یہ ہیں کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ نقش مثلث میں ان حروف کے اعداد جمل صغیر سے لئے گئے ہیں۔ جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

کٓھٰیٰعٓصٓ

(ک) اس کے عدد جمل صغیر ۲ ہیں اس لئے دوسرے خانہ میں رکھا گیا۔

(ھ) اس کے عدد جمل صغیر ۵ ہیں اس لئے پانچویں خانہ میں رکھا گیا۔

(ی) اس کے عدد جمل صغیر ۱ ہے اس لئے پہلے خانہ میں رکھا گیا۔

(ع) اس کے اعداد جمل صغیر ۷ ہیں اس لئے ساتویں خانہ میں رکھا گیا۔

(ص) اس کے عدد جمل صغیر ۹ ہیں اس لئے نویں خانہ میں رکھا گیا۔

حمسعق

(ح) اس کے عدد جمل صغیر ۸ ہیں اس لئے آٹھویں خانہ میں رکھا گیا۔

(م) اس کے عدد جمل صغیر ۴ ہیں اس لئے چوتھے خانہ میں رکھا گیا۔

(ع) اس کے عدد جمل صغیر ۷ ہیں مکرر ہے اس کا مقام درج ہو چکا ہے۔

(س) اس کے عدد جمل صغیر ۶ ہیں اس لئے چھٹے خانہ میں رکھا گیا۔

(ق) اس کے عدد جمل صغیر ا تھا مگر عاملین و کاملین کا بیان ہے کہ ق ابجد میں سینکڑہ یعنی درجہ سوئم میں شامل ہے۔ اس مناسبت پر اس کو درجہ سوئم پر رکھ کر خانہ سوئم میں اس کو جگہ دی۔ نیز مندرجہ بالا حروف میں صرف ق ہی وہ حرف ہے جو دو نقطے والا ہے اس لئے حرف اور دو (۲) نقطے جب شمار کرتے ہیں تو ۳ ہوتے ہیں۔ اس لئے خانہ سوئم ہی اس کا مقام ہے۔ اعداد کے لحاظ سے اس کے عدد ۱۰۰ ہیں۔ اکائی دہائی سینکڑہ میں یہ تیسرے نمبر کا عدد ہے لہٰذا ۱۰۰×۳ = ۳۰۰ اس کو ۹ پر تقسیم کیا باقی ۳ رہا اس لئے تیسرے خانہ میں ۳ رکھ دیا گیا۔ مثلث یہ ہے۔

۷۸۶

ح۸	ی۱	س۶
ق۳	ھ۵	ع۷
م۴	ص۹	ک۲

مندرجہ بالا تفصیل سے یہ بات واضح ہو گئی کہ مثلث کے طبعی نقش میں نمبر ۱ سے نمبر ۹ تک جو گنتی لکھی ہوئی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ درحقیقت قرآن مجید کی دو آیات

کھیعص حمعسق سے ماخوذ ہے۔ گویا مثلث کا ہر خانہ ان حروف میں سے کسی نہ کسی حرف کا مرہون منت ہے۔ نقش مثلث میں حروف مقطعات پوشیدہ ہیں۔ اس لئے کہا جاتا ہے کہ اس نقش میں اسم اعظم پوشیدہ ہے مثلث کی طبعی رفتار کا ذکر اوپر ہو چکا ہے۔ عاملین نے مثلث کی چار عنصری رفتاریں بھی مقرر کی ہے۔ انکی رفتار یاد رکھنے کیلئے یہ حروف ہیں۔

آتشی کیلئے = واح، زھج، بطد۔

بادی کیلئے = وزب، اھط، حجد۔

آبی کیلئے = بزو، طھا، دجح۔

اور خاکی کیلئے = بطد، زھج، واح۔

نقش مثلث درحقیقت حروف مقطعات سے ہی ماخوذ ہے۔ بطد۔ زھج۔ واح وغیرہ کو یاد رکھنے کیلئے ہیں۔

تعویذات کی اقسام اور ان کا طریقہ استعمال

تعویذات بلحاظ طبع چار قسم کے ہوتے ہیں۔ آتشی۔ بادی۔ آبی اور خاکی

آتشی تعویذات

یہ آگ میں جلائے جاتے ہیں۔ یا آگ کے نیچے دفن کیے جاتے ہیں۔ تاکہ متواتر حرارت پہنچتی رہے۔ اس کے لیے یوں کرتے ہیں کہ تعویذ کے اوپر اور نیچے ایک ایک کوری ٹھیکری رکھ کر دھاگہ لپیٹ دیتے ہیں۔ تاکہ نقش کو حرارت احتیاط سے پہنچے۔ اور اسے آگ کے نیچے یا چولہے وغیرہ میں اتنی دور دفن کرتے ہیں۔ کہ حرارت تو پہنچتی رہے مگر جلنے نہ پائے۔ آتشی تعویذات کی بتیاں بھی بنائی جاتی ہیں۔ ان کو چراغ

میں جلایا جاتا ہے۔

سعد اعمال میں اچھی چیزوں پر لکھتے ہیں۔ مثلاً کاغذ، بکری کا شانہ، ہرن کی جھلی اور کھال۔ مٹی چینی، کوری ٹھیکری، گھوڑے کا نعل وغیرہ اور چراغ میں بھی خوشبو دار تیل ڈالتے ہیں یا گھی سے جلاتے ہیں۔

نحس اعمال میں حرام جانور کی ہڈی، گدھے کی کھال، رنگ دار کاغذ، پرانا ردی کپڑا جو گھر سے نہیں لیا جاتا بلکہ باہر سے اٹھایا جاتا ہے۔ اور روشنائی میں سرکہ وغیرہ ڈال کر لکھا جاتا ہے۔ نحس اعمال میں لکھتے وقت منہ میں کالی مرچ رکھتے ہیں۔

آتشی تعویذ لکھتے وقت منہ مشرق کی طرف کرتے ہیں۔ یہ برائے ہلاکت، بیمار کرنا، خرابی وتباہی اور تفرقہ میں کام آتے ہیں۔ آتش کا رنگ سرخ ہے اس لیے آتشی نقوش لکھنے کے لیے سرخ روشنائی استعمال کی جائے۔

بادی تعویذات

کسی خوشبودار چیز پر پڑھ کر دم کر کے سنگھاتے ہیں یا پتوں، پھلوں میٹھی چیزوں پر دم کر کے کھلاتے ہیں۔ یا تعویذ لکھ کر درخت یا کسی اونچی جگہ لٹکاتے ہیں۔

نحس اعمال میں کانٹے دار یا کڑوے پھل دار درخت پر لٹکاتے ہیں۔ جیسے کیکر کا درخت یا نیم یا سدرہ کا درخت۔ اونچے مکان یا اونچی جگہ بیٹھ کر لکھتے ہیں۔ منہ مغرب کی طرف کر کے لکھے جاتے ہیں۔ باد کا رنگ زرد ہے اس لیے بادی نقوش لکھتے وقت زرد رنگ کی روشنائی استعمال کی جائے۔ یہ نقوش برائے فتوحات، برآمدن حاجات، ترقی درجات وغیرہ کے لیے کیے جاتے ہیں۔

خاکی تعویذات

یہ نقش لکھ کر زمین میں دباتے ہیں۔ یا کسی بھاری پتھر کے نیچے دبا دیتے ہیں یا مطلوب کی گزرگاہ یا سونے کہ جگہ یا چوکھٹ یا چوراہے یا پھر قبرستان یا گھر میں دفن کرتے ہیں۔ یہ ایسی جگہ لکھتے ہیں جہاں کمرہ خالی اور ہوادار ہو۔ منہ جنوب کی طرف کر کے بیٹھتے ہیں۔ خاک کا رنگ سیاہ ہے اس لیے خاکی نقوش لکھتے وقت سیاہ روشنائی استعمال کی جائے۔ یہ نقوش برائے خروج، زبان بندی، خواب بندی، مرد یا عورت کی شہوت باندھنا، دل بندی، گوش بندی، سخن بندی، سحر جادو دور کرنا، اور کسی امر کی قائمی اور ثبات کے حصول کے لیے انہیں پر کرتے ہیں۔

آبی تعویذات

کاغذ پر لکھ کر مطلوب کو پلاتے ہیں۔ یا کسی چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پلائے جاتے ہیں۔ یا پانی کے پیالہ پر دم کر کے پلاتے ہیں۔ یا نقوش پانی کے کنارے دفن کرتے ہیں۔ یا پانی میں بہائے جاتے ہیں۔ پانی کے کنارے دفن کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مٹی کی چھوٹی سی کلیا لے کر اس میں تعویذ رکھ کر اس کا منہ موم سے یا کسی اور طریقہ سے اچھی طرح بند کر دیتے ہیں تا کہ پانی اندر نہ جا سکے۔ پھر اسے پانی کے کنارے پر دفن کرتے ہیں۔ تا کہ نمی پہنچتی رہے۔ پانی میں بہانے کا طریقہ یہ ہے کہ بانس کی نلکی لے کر اس کے اندر نقش رکھ کر منہ موم سے یا پلاسٹک سے بند کر کے پانی میں بہا دیتے ہیں۔ ایسے تعویذات دریا، نہر، ندی یا کنوئیں میں بھی ڈالے جاتے ہیں۔ آبی تعویذات کسی حوض یا دریا کے کنارے بیٹھ کر لکھے جاتے ہیں۔ یا پھر پانی کا طشت پاس رکھ لیتے ہیں۔ اور منہ شمال کی طرف کر کے لکھتے ہیں۔ آب کا رنگ نیلا مانا گیا ہے

اس لیے آبی نقوش لکھتے وقت نیلے رنگ کی روشنائی استعمال میں لائی جائے۔ آبی نقوش برائے محبت، شفائے امراض، خلاصی محبوس، اور حاملہ ودرد زہ اور قضائے حاجات کے لیے پر کئے جاتے ہیں۔

مثلث کی عنصری رفتاریں

کسی نے ایک شعر لکھا ہے۔ یاد کرنے کے لیے موزوں ہے۔

فتوح است بادی ، خروبست خاک

بہ مائی محبت ، بہ ناری ہلاکت

مطلب اس کا یہ ہے کہ بادی نقوش فتوحات کے لیے، خاکی عقود کے لیے، آبی محبت کے لیے اور آتشی ہلاکت کے لیے لکھے جاتے ہیں۔ قدیم حکماء نے اسے ایک مثلث کی شکل دے کر بہ لحاظ عناصر خانوں کو بیان کیا ہے۔ تاکہ عاملین کے ذہن نشین ہو جائے۔

		تفریق		
		آتشی		
محبت	آبی		بادی	فتوحات
		خاکی		
		عقود		

مثلث کی چاروں عنصری منسوبی رفتاریں یہ ہیں۔

آتشی رفتار

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

بادی رفتار

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

آبی رفتار

۴	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

خاکی رفتار

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

مثلث کی چار معکوس چالیں

مثلث کے ہر خانہ سے چال نہیں بن سکتی۔ جیسا کہ نقش مربع کے ہر خانہ سے چال بنتی ہے۔ بلکہ صرف چاروں عناصر کی منسوب اور چار معکوس چالیں بنتی ہیں۔ چار منسوبی چالیں دی جا چکی ہیں۔ اور چار معکوس چالیں درج ذیل ہیں۔ جس قدر بھی عملیات وضع کیے جائیں گے، وہ انہی آٹھ چالوں سے ہوں گے۔ سعد امور کے لیے منسوب اور نحس امور کے لیے معکوس چالیں ہیں۔

آتشی شرقی معکوس چال برائے جدائی

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بادی غربی معکوس چال تلف کرنے کے لیے

۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶

آبی شمالی معکوس چال برائے غم وفکر

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

خاکی جنوبی۔ معکوس چال برائے سرگردانی، آوارگی

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

اگر آپ نقش میں وہ قانون جو مقصد، عنصر اور چال سے تعلق رکھتا ہے، سمجھ چکے ہیں تو جان لیں کہ ایک چوتھائی کامیابی آپ نے حاصل کر لی۔ اور اگر آپ وقت کی تخصیص کو استخراج کر سکتے ہیں، جو عملیات خیر وشر میں اثر پیدا کرتے ہیں، تو جان لیں کہ ایک چوتھائی کامیابی آپ نے اور حاصل کر لی۔

باقی نصف قوت عمل کی رہ جاتی ہے، وہ اس وقت حاصل ہو جاتی ہے۔ جب کسی نقش یا اسم یا موکل یا آیت کا نصاب پورا کر لیا جائے۔ یاد رہے اس لحاظ سے جس قدر قابلیت میں کمی ہوگی۔ اسی قدر نقش کے اثر میں کمزوری واقع ہوگی۔ اور جس قدر عامل نقش کے لزومات کے استخراج پر حاوی ہوگا۔ اسی قدر وہ ایک سریع الاثر قوت کا مالک ہوگا، اور دنیاوی تصرف میں اسے کمال کا درجہ نصیب ہوگا۔

مثلث کے خانوں کی تاثیر

ہر خانہ سے پر کرنے میں ایک خاص تاثیر ہوتی ہے۔ مثلث کے ہر خانہ کی تاثیر یہ ہے۔ یہ ترتیب نقش میں رفتار کے لحاظ سے نہیں بلکہ بالترتیب گنے جائیں گے جو یہ ہیں۔

۱	۲	۳
۴	۵	۶
۷	۸	۹

خانہ نمبر ۱۔ مراد دلی۔ صحت تن بدن۔ حصول عظمت و غنا وغیرہ

خانہ نمبر ۲۔ حصول آمدن۔ ذریعہ معاش۔ ترقی کاروبار وغیرہ

خانہ نمبر ۳۔ دفع اعداء۔ حصول مراد۔ محبت اعزا وغیرہ

خانہ نمبر ۴۔ دوستی اور حاجات وغیرہ

خانہ نمبر ۵۔ زبان بندی۔ امان دشمن۔ باغ و دبستان وغیرہ

خانہ نمبر ۶۔ شفائے امراض کے لے۔

خانہ نمبر ۷۔ الفت و محبت مرد و زن کے لیے۔

خانہ نمبر ۸۔ تباہی و مقہوری دشمنان وغیرہ

خانہ نمبر ۹۔ کشائش کار اور فتح و نصرت کے لیے۔

نو اسماءِ حسنیٰ اور مثلث

امام فخر الدین رازیؒ نے بحساب جمل صغیر نو اسمائے الٰہی کو شکل مثلث میں واضح کیا ہے۔ جو یہ ہیں۔ اس مثلث میں کمال یہ ہے کہ جس خانے میں جو اسم ہے اس کا عدد جمل صغیر خانے کا عدد ہے مثلاً ۹ خانہ میں (حیٌ) ہے (حیٌ) کے عدد جمل کبیر ۱۸ اور جمل صغیر ۹ ہوئے۔ اگر ان تمام اسماء کے اعداد ۲۰۳۴ کا عدد جمل صغیر لیا جائے تو ۹ ہی نکلے گا۔ گویا کہ مثلث کا ہر خانہ اللہ تعالیٰ کی ایک اسم سے ماخوذ ہے۔ یہ مثلث خیر و برکت کیلئے ہے۔ بے برکتی کو دور کرتی ہے۔ عزت و وقار اور ترقی لاتی ہے۔ دشمن دفع ہوں۔ خاکی چال سے مثلث یہ ہے۔

۷۸۶

خبیرٌ	حیٌّ	احدٌ
کبیرٌ	بصیرٌ	لطیفٌ
باری	واحدٌ	قادرٌ

موکلات عناصر

بخوبی یاد رہے کہ پروردگار دو عالم نے موالید ثلاثہ شش جہات خمسہ شجرہ ہفت افلاک غرض عرش تا فرش ہر چیز کی بنا اربعہ عناصر پر قائم کی ہے۔ جن میں اول آتش، دوئم باد سوئم آب اور چہارم خاک ہے۔ اور یہ چاروں عناصر پر چہار اطراف عالم سے تعلق رکھتے ہیں۔ چنانچہ عنصر آتشی مشرق سے، بادی مغرب سے، آبی شمال سے، اور خاکی جنوب سے منسوب ہے اور پھر یہ ہر چہار عناصر باہم ایک دوسرے کے

دوست اور دشمن بھی ہیں اور ان کی دوستی اور دشمنی کے پردے میں عملیات ونقوش کی ناکامی وکامیابی کا راز پوشیدہ ہے۔

آتش و باد میں موافقت ہے = خاک و آب میں موافقت ہے

آتش و آب میں مخالفت ہے = آتش و آب میں مخالفت ہے

باد وخاک میں مخالفت ہے۔

ان کے علاوہ جو صورت ہوگی اسے میمن قرار دیں گے۔

طبائع حروف تہجی

طبائع	حروف متعلقہ	کلمہ	جہت	مجموعہ اعداد	تاثیر	مزاج
آتشی	اوطام ف ش ذ	اھطمفشذ	مشرق	۱۱۳۵	گرم	صفرا
بادی	ب وی ن ص ت ض	بوین صتتض	مغرب	۱۳۵۸	سرد	خون
آبی	ج ز ک س ق ث ظ	جزکس قثظ	شمال	۱۵۹۰	تر	بلغم
خاکی	د ح ل ع ر خ غ	دحلع رخغ	جنوب	۱۹۱۲	خشک	سودا

اطرافی موکلات کی جدول

عناصر	حروف متعلقہ	اطراف	اطرافی موکل اعظم	مددگار موکلات
آتش	اھطمفشذ	مشرق	دنیائیلُ	صمائیلُ حرقیائیلُ سمحائیلُ
باد	بوین صتتض	مغرب	دردیائیلُ	جبریقیلُ قصمائیلُ دشوبائیلُ
آب	جزکس قثظ	شمال	اپنائیلُ	فرعوئیلُ طائیلُ واللوئیلُ
خاک	دحلع رخغ	جنوب	صرفیائیلُ	قمبائیل مرجائیل حرمکائیلُ

عنصری موکلات کی جدول

عناصر	منسوبی موکلات	جن مقاصد میں موکلات معاون ومددگار ہوتے ہیں۔
آتش	یا بلسوثا	فتوحات غیب میں کام کرتا ہے۔
باد	یا کیفتوثا	غیب کو حاضر کرنے اور گریختہ کیلئے کام کرتا ہے
آب	یا مسطلیحو	محبت اور اخلاص میں کام کرتا ہے۔
خاک	یا مستفیھا	ہلاکی دشمن میں کام کرتا ہے۔

دیگر مقاصد میں مندرجہ ذیل موکلات کام کرتے ہیں۔

مثلاً خلاصی محبوس کیلئے۔ (یا میقھوثا)

بغض عداوت اور دشمنی کیلئے۔ (یا مالی شوسا)۔

دشمن کے اخراج کیلئے۔ (یامعطلیطخواہ)

چور یا دشمن کو سزا دینے کیلئے۔ (یاطومومُوما)

☆☆☆

برھتیہ اور خاتم سلیمانی

عزیمت برہتیہ ہی خاتم سلیمانی سے ثمرات حاصل کرنے کی وہ خاص عزیمت ہے۔ اس پہلے ہم عزیمت برہتیہ تحریر کرتے ہیں۔ جو یہ ہے۔

عزمت برھتیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الْقَدِیْمِ الْاَزَلِیِّ الْمُحِیْطِ الَّذِیْ اَحَاطَ بِعِلْمِهٖ جَمِیْعَ الْمَخْلُوْقَاتِ الْقَدِیْمِ الْاَبَدِیِّ الَّذِیْ لَا ابْتِدَاءَ لِقِدَمِهٖ وَلَیْسَ لَهٗ انْتِهَاءُ الَّذِیْ اَشْرَقَ بِسَاطِعِ نُوْرِ وَجْهِهٖ جَمِیْعَ الْاَكْوَانِ وَاَمَدَّهَا بِقُدْرَةِ هَیْبَتِهٖ عَلٰی كُلِّ مَلَكٍ وَّفَلَكٍ وَّجِنٍّ وَّشَیْطَانٍ وَّسُلْطَانٍ فَخَافَتْهُ جَمِیْعُ مَخْلُوْقَاتِهٖ وَاَذْعَنَتْ وَتَوَاضَعَتِ الْمَلَائِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ مِنْ اَعْلٰی مَقَامَاتِهَا وَسَجَدَتْ وَاَجَابَتْ دَعْوَةَ اِسْمِهِ الْاَعْظَمِ لِمَنْ تَكَلَّمَ بِهٖ وَاَسْرَعَتِ الْاِجَابَةَ وَالْبَرَاهِیْنَ الْمُحْكَمَةِ الْمَكْتُوْبَةِ فِیْ اَلْوَاحِ قُلُوْبِ الْمُتَصَرِّفِیْنَ بِسِرِّ بَلْمُوْحِ اَجْهَرَطٍ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْكُمْ اَیُّهَا الْاَرْوَاحُ الرُّوْحَانِیَّةُ الْعُلْوِیَّةُ وَالسُّفْلِیَّةُ وَخُدَّامُ هٰذَا الْعَهْدِ الْكَبِیْرِ اَنْ تُجِیْبُوْا دَعْوَتِیْ وَتَقْضُوْا حَاجَتِیْ بِعِزَّةٖ،

بَرْهَیَهٖ۔ كَرِیْرٍ۔ تَتْلِیَهٖ۔ طَوْرَانِ۔ مَزْجَلٍ۔ بَزْجَلٍ۔ تَرْقَبٍ۔ بَرْهَشٍ۔ غَلْمَشٍ۔ خُوْطِیْرٍ۔ قَلْنَهُوْدٍ۔ بَرْشَانٍ۔ كَظْهِیْرٍ۔ نَمُوْشَلَخٍ۔ بَرْهَیُوْلَا۔ بَشْكَیْلَخٍ۔ قَرْزَمٍ۔ اَنْغَلِیْطٍ۔ قَبَرَاتٍ۔ غَیَاهَا۔ كَیْدَهُوْلَا۔ شَمْخَاهِیْرٍ۔ شَمْخَاهِیْرٍ۔ شَمْهَاهِیْرٍ۔ بَكَهْطَهُوْنِیَهٖ۔ بَشَارِشٍ۔ طُوْنَشٍ۔ شَمْخَابَارُوْخٍ۔

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ كَهْكَهِیْجٍ كَمَجْلَكُمْ بِعَطْشٍ بِلَطْشَغَشْغُوْثٍ اَمُوْیِلٍ جَلْدَمٍ مَهْجَمًا هَجْلَمِیْجٍ وَرْدَوِیْهِ مَهْفَیَا۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ

وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ بِحَقِّ ھٰذَا الْعَھْدِ الْمَاخُوْذُ عَلَیْکُمْ یَاخُدَّامَ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ
الْاَنْقِیَادُ وَالْاِنْفَادُ فِیْمَ اَمَرْتُکُمْ بِہٖ فِیْ وَقْتِیْ ھٰذَا بِعِزَّۃِ الْعَزِیْزِ الْمُعِزِّ فِیْ عِزِّ عِزِّہٖ
وَاَوْفُوْا بِعَھْدِ اللّٰہِ اِذَا عَاھَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِھَا وَقَدْ جَعَلْتُ
اللّٰہَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلًا اُحْضُرُوْا وَاسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا وَکُوْنُوْا عَوْنِیْ عَلٰی جَمِیْعِ مَا
اَمَرْتُکُمْ بِہٖ بِحَقِّ الْاِسْمِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اَوَّلُہٗ اٰلٌ وَاٰخِرُہٗ اٰلٌ
وَھُوَ اٰلُ شَلَعٍ بَعُوْ یُوْبِیَہٖ یَوْ وَاہٍ آوْ بَتْکُوْ بَتْکُوْ بَتْکَفَالٍ بَصَعِیْ کَعِیْ مَمْیَالٍ
مُطِیْعٍ لَکَ یَا آلٍ مَا اَعْظَمَ اِسْمُکَ یَا آلِ حَلٍ زَرْیَالٍ مَاسْمَعَ اِسْمُکَ رُوْحٌ
وَعْصَا الْاَصْعَقِ وَاَحْرَقَ مِنْ نُوْرِکَ یَا ذَا النُّوْرِ الْاَعْظَمِ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِعَالِمِ
الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ وَبِحَقِّ الْاِسْمِ الَّذِیْ تَعَاھَدْتُّمْ عِنْدَ بَابِ
الْھَیْکَلِ الْکَبِیْرِ وَھُوَ بَعْلَشَاقَشٍ، مَھْرَاقَشٍ، اَقْشَامَقَشٍ، شَقْمُوْنَھَشٍ، رَکْشَا،
کَشْلَخٍ، عَکْشٍ، طَھَشٍ۔ وَمَنْ یُّعْرِضْ عَنْ ذِکْرِ رَبِّہٖ یَسْلُکْہُ عَذَابًا صَعَدًا
وَبِحَقِّ اَھْیَا شَرَاھِیًا اَدُوْنَائِیْ اَصْبَاؤُتَ آلْ شَدَّائِیْ وَبِحَقِّ اَبْجَدْ ھَوَّزْ حُطِّیْ
وَبِحَقِّ بَطَدٍ زَھْجٍ وَاحٍ وَبِحَقِّ لَلُوْحِ اَجْھَزْطٍ وَاِنَّہٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ
اَلْوَحَا الْعَجَلَ السَّاعَۃَ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

(الف) عزیمت برہتیہ خالص (۲۸) اسماء پر مشتمل ہے۔ یہی (۲۸) اسماء ہی اسماء برہتیہ ہیں۔ انہی اسماء کو مختلف عزائم میں شامل کر کے اس سے کام لیا جاتا ہے۔

(بـــا) ان اسماء میں اتنی قوت ہے کہ اگر معزوم قوانین عمل کو سامنے رکھ کر عزیمت کی صورت میں مقصود تیار کرے گا تو وہ بعینہ ریاضت کی صورت اختیار کر جائے گی۔ اور

اس کا چلہ نکالا جائے گا۔ اس صورت میں جبکہ عزیمت برہتیہ کی ریاضت نہ کی گئی ہو۔

(جیم) یہ عزیمت چند دیگر اسماء کی آمیزش سے مرتب کی گئی ہے جن میں۔

اسماء الخاتم

اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ کَھْکَھِیْجٍ کَحَلْکَمٍ یَعْطَشٍ بَلْشَقْشَقُوْلٍ اَمُوْیَلٍ
حَلْدَمٍ مَھْحَمَا ھَحَلْمِیْجٍ وَرْ نُوْیُوْ مَھْفَیَاجٍ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ شَیْءٌ
وَھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ بِحَقِّ ھٰذَا الْعَھْدِ الْمَاخُوْذُ عَلَیْکُمْ یَاخُدَّامَ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ
الْاَنْقِیَادُ وَالْاِنْفَادُ فِیْمَ اَمَرْتُکُمْ بِہٖ فِیْ وَقْتِیْ ھٰذَا بِعِزَّۃِ الْعَزِیْزِ الْمُعِزِّ فِیْ عِزِّ عِزِّہٖ
وَاَوْفُوْا بِعَھْدِ اللّٰہِ اِذَا عَاھَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَیْمَانَ بَعْدَ تَوْکِیْدِھَا وَقَدْ جَعَلْتُ
اللّٰہَ عَلَیْکُمْ کَفِیْلًا اُحْضُرُوْا وَاسْمَعُوْا وَاَطِیْعُوْا وَکُوْنُوْا عَوْنِیْ عَلٰی جَمِیْعِ مَا
اَمَرْتُکُمْ بِہٖ بِحَقِّ الْاِسْمِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ اَوَّلُہٗ اٰلٌ وَاٰخِرُہٗ اٰلٌ
وَھُوَ۔

اسم الاعظم

آلْ شَلَعٍ بَعُوْ یُوْبِیَہٖ یَوْ وَاہٍ آوْ بَتْکُوْ بَتْکُوْ بَتْکَفَالٍ بَصَعِیْ کَعِیْ مَمْیَالٍ
مُطِیْعٍ لَکَ یَا آلٍ مَا اَعْظَمَ اِسْمُکَ یَا آلِ حَلٍ زَرْیَالٍ مَاسْمَعَ اِسْمُکَ رُوْحٌ
وَعْصَا الْاَصْعَقِ وَاَحْرَقَ مِنْ نُوْرِکَ یَا ذَا النُّوْرِ الْاَعْظَمِ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ بِعَالِمِ
الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالُ وَبِحَقِّ الْاِسْمِ الَّذِیْ تَعَاھَدْتُّمْ عِنْدَ

باب الھیکل الکبیر

بَابِ الْھَیْکَلِ الْکَبِیْرِ وَھُوَ بَعْلَشَاقَشٍ، مَھْرَاقَشٍ، اَقْشَامَقَشٍ،
شَقْمُوْنَھَشٍ، رَکْشَا، کَشْلَخٍ، عَکْشٍ، طَھَشٍ۔ وَمَنْ یُّعْرِضْ عَنْ ذِکْرِہٖ

يُسْلِكُهُ عَذَابًا صَعَدًا وَبِحَقِّ اَهْيًا شَرَاهِيًا اَدُوْنَائِي اَصْبَاؤُتَ آلْ شَدَائِي وَبِحَقِّ
اَبْجَدْ هَوَزْ حُطِّي وَبِحَقِّ بَطَدْ زَهْجِ وَاحِ وَبِحَقِّ بُدُوْحِ اَجْهَزْطٍ وَاِنَّهُ لَقَسَمٌ
لَوْتَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ اِلْوَحَا الْعَجَلَ السَّاعَةُ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ وَلَاحَوْلَ
وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمُ۔

اعدادِ کاملہ کے مطابق حروف

مثلث کی طبعی چال کے انداز اور اس کی جہتیں جو قسم میں کام آتی ہیں۔ جیسے
ابجد ہوز حطی ۔۔۔ الخ۔ ہیں۔

خاتم سلیمانی

اے در رُخ تو پیدا انوارِ پادشاہی
در فکرت تو پنہاں صد حکمتِ الٰہی
کلک تو بارک اللہ در ملک و دیں کشادہ
صد چشمہ آبِ حیواں از قطرہ سیاہی
بر اہرمن نتابد انوارِ اسم اعظم
ملک آن تست و خاتم فرما ہر آنچہ خواہی
در حشمت سلیماں ہر کس کہ شک نماید
بر عقل و دانشِ او خندند مُرغ و ماہی

واضح رہے کہ مفصل نقوش میں سے سب سے زیادہ چھوٹا نقش مثلث کا ہوتا ہے، اس نقش کی زکات کے بارے میں صدہا برس سے لوگ لکھ رہے ہیں اور اس کی زکات کے ایسے طریقے بیان کیے گئے ہیں جو کہ عقل کو چکرا دینے والے ہوتے ہیں۔ محض نقوش کے سوا لاکھ لکھنے سے کچھ نہیں ہوتا۔ ہمارے پاس ایسے بے شمار لوگ آئے جنہوں نے بدوح کے سوا لاکھ نقوش لکھ کر اس کی زکات ادا کی لیکن تاثیر سے خالی تھے۔ اسی طرح کئی دوسرے لوگ بھی ملے جنہوں نے دیگر نقوش کو سوا لاکھ لکھ کر زکات ادا کی مگر وہ بھی تاثیر سے خالی تھے۔

واضح رہے کہ پرانے دور کے عاملین و کاملین نقش مثلث پر ہی اکتفا کرتے تھے اور اسے خاتم سلیمانی کہتے تھے۔ خاتم سلیمانی کی توضیحات سے آپ کو آگاہ کیا جا رہا ہے۔ ہم اس کی زکات کا بھی طریقہ تحریر کریں گے۔ اور اس نقش سے بغیر زکات

کے بھی محض ترکیبِ عمل سے آپ استفادہ کریں اور سوا لاکھ کی مفروضہ زکات کے جھنجھٹ سے نکل آئیں۔ جو بھی نقش لکھیں اس کے نیچے اس نقش مثلث کے عنصر کے حروف سبعہ بھی لکھیں۔ پہلے خانے سے آخری خانے تک اسمائے تسعہ پڑھیں۔ گوکہ لوگ آج تک ان اسماء کو صرف مثلث کے لیے ہی استعمال کرتے ہیں۔ لیکن در حقیقت یہ تمام نقوش کے لیے ہیں۔ اس لیے کہ ایک سے لے کر نو تک یہ اسماء کام آئیں گے۔ پھر دسواں بھی ایک کے برابر ہوگا۔ گیارہواں دو کے برابر ہوگا، اسی باقی تمام خانوں کو قیاس کریں۔

اب مثلث تحریر ہے۔ جس میں اسماء تسعہ درج ہے۔ ان اسماء کو جو جس خانہ سے منسوب ہے اس کے لکھتے وقت صرف ایک مرتبہ تثنیہ سے پڑھنا ہے۔

مثلاً ایو ایو۔

خاتم سلیمانی

(و) وھیم (٦)	(ا) ایو (١)	(ح) حذایو (٨)
(ز) زنقطا (٧)	(ہ) ھططوش (٥)	(ج) جلیش (٣)
(ب) بقطریال (٢)	(ط) طفیال (٩)	(د) دمیال (٤)

اور ہر خانے پر اسماء تسعہ سے ایک منسوبی اسم پڑھنے کے بعد ہر خانے میں اسی اسم کے ساتھ آیات تسعہ میں سے ایک آیت پڑھیں۔ آیات تسعہ یہ ہیں۔

1۔ (الف) ایو ایو۔ اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (یعنی پوری آیت الکرسی) وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْم

2۔ (ب) بقطریال بقطریال۔ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِذَا قَضٰٓی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ۔ (سورۃ البقرہ آیت ۱۱۷)

3۔ (ج) جلیش جلیش۔ جَآءَ الْحَقُّ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَھُوْقًا۔ (بنی اسرائیل آیت ۸۱)

4. (د) دمیال دمیال۔ دَعْوٰھُمْ فِیْھَا سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ وَتَحِیَّتُھُمْ فِیْھَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰھُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ (سورہ یونس:10)

5. (ہ) ھططوش ھططوش۔ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔ (سورت الحشر آیت ۲۲)

6. (و) وھیم وھیم۔ وَرَبُّکَ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ وَیَخْتَارُ مَا کَانَ لَھُمُ الْخِیَرَۃُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ۔ (سورت قصص آیت ۶۸)

7. (ز) زنقطا زنقطا۔ زُیِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّھَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِیْنَ وَالْقَنَاطِیْرِ الْمُقَنْطَرَۃِ مِنَ الذَّھَبِ وَالْفِضَّۃِ وَالْخَیْلِ الْمُسَوَّمَۃِ وَالْاَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذٰلِکَ مَتَاعُ الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَاللّٰہُ عِنْدَہٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ۔

(آل عمران آیت ۱۴)

8. (ح) حذایو حذایو۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ کَذٰلِکَ یُوْحِیْٓ اِلَیْکَ وَاِلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکَ اللّٰہُ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ (شوریٰ آیت ۱-۳)

9. (ط) طفیال طفیال۔ طٰہٰ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓی اِلَّا تَذْکِرَۃً لِّمَنْ یَّخْشٰی تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلَی الرَّحْمٰن

عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی ۔ (سورۃ طٰہٰ ۱ تا ۵)

نقش کے معروف طریقہ کے مطابق (قولہ الحق ولہ الملک) سے اضلاع قائم کریں ۔ اگر نقش عنصری ہے تو نیچے عنصر کے حروف سبعہ لکھیں ۔ اگر نقش وضعی ہے تو عنصر کے حروف لکھنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ نقش عنصری ہو یا وضعی اس کے اوپر کی طرف سے شروع کر کے چاروں طرف اس دن کے متعلقات تحریر کریں جس روز آپ نقش لکھ رہے ہیں ۔ ہفتہ کے سات دنوں سے متعلقات کی جدول یہ ہے ۔

جدول متعلقات ایام

ایام	اتوار	سوموار	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ
آیات	فاتحہ آیت نمبر۱	فاتحہ آیت نمبر۲	فاتحہ آیت نمبر۳	فاتحہ آیت نمبر۴	فاتحہ آیت نمبر۵	فاتحہ آیت نمبر۶	فاتحہ آیت نمبر۷
اسمائے الٰہی	فرد	[illegible]	شہید	ثابت	ظہیر	حسیب	زکی
۳۱ سریانی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
حروف ظلام	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
موکلات علوی	[illegible]	جبرائیل	اسرافیل	میکائیل	صرفائیل	عنیائیل	کسفیائیل
اعوان ارضی	المذہب	مرۃ الابیض	الاحمر	برقان	شمہورش	زوبعہ	میمون
حروف ابجد	ابجد	ہوز	حطی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
کواکب	شمس	قمر	مریخ	عطارد	مشتری	زہرہ	زحل
بخورات	سندروس	کہربا	صندل احمر	چاول	مصطکی	قرنفل	[illegible]

مثلاً اگر آپ اتوار کے دن عمل شروع کریں تو اس طرح لکھیں گے ۔

المذہب شمس ابجد روقیائیل اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۱ فرد للطھطیل ۔

اس سے آگے آیاتِ خمسہ جن کا شروع کھٰیٰعص اور آخر حٰمٓ عٓسٓقٓ ہے لکھیں ۔ اس کے چاروں طرف بصورت مربع لکھیں یا پھر دائرے میں جس طرح مناسب لگے ۔ اب انار کی لکڑی کا سہ پایہ بنا کر اس سہ پایہ میں نقش کو دھاگے کے ساتھ باندھ کر لٹکا دیں اور نیچے عمل کا حقیقی بخور روشن کریں ۔ پھر آیاتِ خمسہ ۴۵ مرتبہ اور عزیمت برھتیہ ۴۵ مرتبہ پڑھیں تو نقش گھومنا شروع ہو جائے گا ۔ یہ اجابت عمل کی نشانی ہے کہ روحانیت آپ کے عمل کو کامیاب بنانے کی حمایت کر چکی ہے ۔ اب اس کے اثرات کو کسی بھی ستارے کی نحوست اور سفلی یا نورانی اعمال کے عامل کی قوت اسے روک نہیں سکتی ۔ اس طرح کے اثرات کرامات سے متعلقہ ہیں اور یہ کام بازیچۂ اطفال نہیں ہے ۔ اس طریق کو کام میں لائیں ۔ کسی نقش کو سوا لاکھ مرتبہ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے ۔ میرے پاس ایسے احباب بھی آئے ہیں جو سوا لاکھ کا چلہ نکال کر آئے ۔ مختلف عاملین اور گدی نشین پیروں کی برسوں خدمت کرنے کے بعد بھی بیچارے اپنے نقوش اور اپنے اعمال میں تاثیر نہ پیدا کر سکے ۔ جو طریقہ بندۂ ناچیز غلام سرور شباب نے طالبان روحانیات کیلئے تفصیل سے تحریر کر دیا ہے اور کوئی امر مخفی نہیں رکھا ۔ تا کہ آپ مختصر ترکیب عمل سے استفادہ کر سکیں اور سوا سوا لاکھ کی مفروضہ زکات کے جھنجھٹ سے نکل آئیں ۔ اسرار لوح محفوظ کے رازوں میں سے یہ بھی ایک راز ہے عزیمت برھتیہ یہ ہے ۔

بَرْهَتِیَهٍ ۔ کَرِیْرٍ ۔ تَتْلِیُو ۔ طُوْرَانٍ ۔ مَزْجَلٍ ۔ بَزْجَلٍ ۔ تَرْقَبٍ ۔ بَرْهَشٍ ۔ غَلْمَشٍ ۔ خُوْطِیْرٍ ۔ قَلَنْهُوْدٍ ۔ بَرْشَانٍ ۔ کَظْهِیْرٍ ۔ نَمُوْشَلَخٍ ۔ بَرْهَیُوْلَا ۔ بَشْکَیْلَخٍ ۔ قَزْمَزٍ ۔ اَنْغَلَلِیْطٍ ۔ قَبْرَاتٍ ۔ غَیَاهَا ۔ کَیْدَهُوْلَا ۔ شَمْخَاهِرٍ ۔ شَمْخَاهِیْرٍ ۔ شَمْهَاهِیْرٍ ۔ بِکَهْطَهُوْنِیَهٍ ۔ بَشَارِشٍ ۔ طُوْنَشٍ ۔ شَمْخَابَارُوْخٍ ۔

آیات خمسہ جن کا شروع کٓھٰیٰعٓصٓ اور آخر حٰمٓ عٓسٓقٓ ہے۔ آیات مع موکلات تحریر ہیں ان آیات کے موکلات کے اعمال کا دائرہ کار بڑا ہی وسیع ہے۔ ان سے تصرفات کائنات، تمام امور دنیا اور ہر مقصد میں کامیابی و کامرانی حاصل کی جاسکتی ہے۔ تمام حاجات اور مرادیں پوری ہوتی ہیں۔ حب و بغض اور غموں اور بیماریوں اور تکالیف سے نجات نیز دشمنوں کے حملوں سے بچاؤ آفات و بلیات سے تحفظ کیلئے خوب کام کرتی ہیں۔ عاملین و کاملین اور علمائے جفر و عاملین تکسیرات نے ان سے عجیب و غریب کام لئے ہیں۔

کھٰیٰعٓصٓ	آیات خمسہ جن کے اول کھٰیٰعٓصٓ اور آخر میں حٰمٓ عٓسٓقٓ ہے	حٰمٓ عٓسٓقٓ
ك	كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ۔ (الکھف آیت ۴۵)	ح
ہ	هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔ (الحشر آیت ۲۲)	م
ی	يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ لَدَى الْحَنَاجِرِ كَاظِمِيْنَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ يُّطَاعُ۔ (المومن آیت ۱۸)	ع

ع	عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا اَحْضَرَتْ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ۔ (تکویر آیت ۱۴ تا ۱۸)	س
ص	صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِى الذِّكْرِ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِىْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ (ص آیت ۱ تا ۲)	ق

تصرفات عالم دنیاوی
اور موجودات کے لیے خاتم سلیمانی

تصرفات کے لیے اس کی زکات کا طریقہ کچھ اس طرح ہے کہ نوچندی اتوار سے زکات شروع کریں۔ شب اتوار (جس کی صبح کو اتوار ہوگا۔ کا کھانا دودھ چاول کھائیں۔ پھر رات بھر اور اتوار کا دن بھر کچھ نہ کھائیں۔ رات بھر جاگتے رہیں۔ اور درود شریف اور استغفار میں رات گزاریں۔ خلوت میں رہیں۔ کسی کو اپنے پاس نہ آنے دیں۔ شام کو افطار کے وقت ایک روٹی جو کی بغیر نمک اپنے ہاتھ سے پکا کر کھائیں۔ پانی بھی اپنے استعمال کا خود ہی مہیا کریں۔ طہارت و پاکیزگی کا ہر طرح خیال رکھیں۔ واضح رہے کہ دن کے وقت بقدر ضرورت وصحت نیند لے سکتے ہیں۔

اس عمل میں مکمل خلوت درکار ہے جائے عمل پر اوقات مقرر پر پنج گانہ نمازیں پڑھی جائیں گی۔ نماز تہجد کو بھی اپنا معمول بنائیں۔ اتوار کا دن گزارا۔ اب پیر کی رات آئی صبح کو پیر کا دن ہوگا۔ شام کو وہی جو کی روٹی پانی کے ہمراہ کھائیں اور کچھ نہ کھائیں۔ پیر کی رات میں نماز عشاء کے یہ اسم (اکیو۔ اکیو) سولہ ۱۶ مرتبہ پڑھیں۔ پھر تمام رات نفل، درود شریف اور استغفار پڑھتے رہیں۔ نماز فجر ادا کریں اور پھر یہی اسم ۱۶ سولہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر اسی قدر نماز ظہر کے بعد اور اسی قدر نماز عصر کے بعد پڑھیں۔ یہ ایک اسم کی زکات ادا ہوئی۔

اب منگل کی رات آئی۔ روزہ افطار کیا، نماز مغرب پڑھی۔ بعد نماز مغرب دوسرے اسم (ہفطریال. ہفطریال) کو ۳۵۲ مرتبہ پڑھیں۔ کھانا وہی، پھر نماز عشاء، فجر، ظہر اور عصر کے بعد یہی اسم اسی قدر پڑھیں۔ دوسرے اسم کی زکات مکمل

ہوئی۔

اب بدھ کی رات آئی۔ بعد نماز مغرب تیسرے اسم (جلیش. جلیش) کو ۳۴۳ مرتبہ پڑھیں۔ پھر عشاء، فجر، ظہر اور عصر کے بعد اسی قدر پڑھیں، تیسرے اسم کی زکات مکمل ہوئی۔

اب جمعرات کی رات آئی۔ بعد نماز مغرب چوتھے اسم (دَمْیالِ. دَمْیالِ) کو ۸۵ مرتبہ پڑھیں۔ پھر عشاء، فجر، ظہر اور عصر کے بعد اسی قدر پڑھیں۔ چوتھے اسم کی زکات مکمل ہوئی۔

اب جمعہ کی رات آئی۔ بعد نماز مغرب پانچویں اسم (ھَطْطُوشِ. ھَطْطُوشِ) کو ۳۲۹ مرتبہ پڑھیں۔ پھر عشاء، فجر، ظہر اور عصر کے بعد اسی قدر پڑھیں۔ پانچویں اسم کی زکات مکمل ہوئی۔

اب ہفتہ کی رات آئی۔ بعد نماز مغرب چھٹے اسم (وَہْیَم. وَہْیَم) کو ۹۲ مرتبہ پڑھیں۔ پھر عشاء، فجر، ظہر اور عصر کے بعد اسی قدر پڑھیں۔ چھٹے اسم کی زکات مکمل ہوئی۔

اب اتوار کی رات آئی۔ بعد نماز مغرب ساتویں اسم (ذَنقطا. ذَنقطا) کو ۱۲۷ مرتبہ پڑھیں۔ پھر عشاء، فجر، ظہر اور عصر کے بعد اسی قدر پڑھیں۔ چھٹے اسم کی زکات مکمل ہوئی۔

اب سوموار کی رات آئی۔ بعد نماز مغرب آٹھویں اسم (حذایو. حذایو) کو ۲۸ مرتبہ پڑھیں۔ پھر عشاء، فجر، ظہر اور عصر کے بعد اسی قدر پڑھیں۔ آٹھویں اسم کی زکات مکمل ہوئی۔

اَب منگل کی رات آئی۔ بعد نمازِ مغرب نویں اسم (طَفْیَالِ۔ طَفْیَالِ) کو ۱۳۰
مرتبہ پڑھیں۔ پھر عشاء، فجر، ظہر اور عصر کے بعد اسی قدر پڑھیں۔ آٹھویں اسم کی
زکات مکمل ہوئی۔

بس زکات مکمل ہوئی۔ گویا نو چندی اتوار کی رات سے شروع ہو کر دوسرے
منگل کو عصر کے وقت پر ختم ہوگی۔ خوب احتیاط کریں۔ ہر روز ایامِ زکات میں روزہ
رکھیں۔ روزہ جو کی روٹی سے افطار کریں۔ جو بے نمک ہو۔ اپنے ہاتھ سے پکائیں پانی
خود مہیا کریں۔

علاوہ جو کی روٹی کے بادام، کشمش، روغن زیتون بھی کھا سکتے ہیں۔ اَب
آپ مثلث خالی البطن کے عامل ہیں۔

جب بھی نقش سے کام لینا مقصود ہو تو ترکیب حسب ذیل ہے۔ میدہ، مشک،
عود اور لوبان کو آمیختہ کر کے گولیاں بنالیں۔ اور کوئلہ دہکا کر اس پر ایک ایک گولی
ڈالتے جائیں یہ اس عمل کا بخور ہے۔ بعد ازاں پاک اور صاف ریت یا مٹی کی تہہ
بچھائیں۔ خوب موٹی تہہ بنا کر ہتھیلی سے مٹی کو ہموار کر دیں۔ تا کہ جو نقش لکھا جائے وہ
خوب روشن لکھا جا سکے۔ اس کے لیے مٹی کو کپڑے سے چھان لیں۔ اَب ترش انار یا
عود کی لکڑی کا قلم بنا کر قبلہ رُو ہو کر خلوت میں بیٹھیں۔ اس قلم سے بیوت نقش قائم
کر کے جس چیز کی ضرورت ہو، اس کے اعداد کا نقش مثلث پر کریں۔ یعنی ۱۲ کم کر کے
۳ پر تقسیم کر کے خارج قسمت کو خانہ اول رکھیں۔

یہ استخراج کر کے جب خانہ اول میں اعداد لکھیں تو ایک بار (اَھْیہ۔ اَھْیہ)
زبان سے کہہ کر وہ عدد خانہ اول میں لکھیں۔ ”انار ترش یا عود کی قلم سے اس مٹی پر

جو آپ نے بچھائی ہے“۔

خانہ دوم میں (بَقْطَرِیَالِ۔ بَقْطَرِیَالِ) دو بار کہہ کر عدد پر کریں۔

خانہ سوم کو (خَلِیْشِ۔ خَلِیْشِ) تین بار کہہ کر پر کریں۔

خانہ چہارم میں (دَمْیَالِ۔ دَمْیَالِ) چار بار کہہ کر پر کریں۔

اور خانہ پنجم میں کوئی عدد نہ لکھیں خالی چھوڑ دیں۔

صرف پانچ مرتبہ (هَطْطُوْشِ۔ هَطْطُوْشِ) کہیں۔

خانہ ششم کو (وَجِیْمِ۔ وَجِیْمِ) چھ مرتبہ پڑھ کر پر کریں۔

خانہ ہفتم کو سات مرتبہ (زَنْقَطَا۔ زَنْقَطَا) پڑھ کر پر کریں۔

اور خانہ ہشتم کو آٹھ مرتبہ (حَنَایُو۔ حَنَایُو) پڑھ کر پر کریں۔

پھر خانہ نہم کو نو مرتبہ (طَفْیَالِ۔ طَفْیَالِ) پڑھ کر پر کریں۔

درمیان میں جو خانہ خالی چھوڑا تھا، اور صرف پانچ مرتبہ (هَطْطُوْشِ۔
هَطْطُوْشِ) پڑھ کر اعداد پر نہیں کئے تھے۔ اس خانہ میں سورہ فاتحہ سات مرتبہ پڑھ کر
”اَجِیْبُوْا بِمَا اَمَرْتُکُمْ بِہٖ“ لکھ کر اپنا مطلب لکھ دیں۔

مثلاً: آپ نقش اس لیے بھر رہے ہیں کہ مطلوب آجائے تو عبارت بالا لکھنے
کے بعد لکھیں۔ ”فلاں بنت فلاں کو لاؤ“ ایک دن میں ۴۵ قسم کی اشیاء کے واسطے نقش
بھر سکتے ہیں۔ یعنی ۴۵ مقاصد کے لیے یا ۴۵ آدمیوں کے لیے کام لے سکتے ہیں۔ بحکم
خداوہ تمام اشیاء فوراً حاضر ہوں گی۔ جن کا نام آپ نے وسط نقش میں تحریر کیا ہے۔

مثلاً مطلوب انار، میوجات، کرسی، روٹی سالن، جواہرات، ادویات یا جو
بھی ضروریاتِ زندگی ہیں جس چیز کا نام لکھیں گے وہ حاضر ہوگی۔ یا اُن سائلوں کا کام

ہو جائے گا۔ جن کے لیے آپ نے عمل کیا ہے۔ اس صورت میں طالب و مطلوب ہر دو کے نام لکھے ہوں گے۔ اگر آپ میں اتنی قوت ہو یا کسی اسم کی ریاضت کی بنا پر ہو چکی ہو، اور حجاب کے پردے اٹھ جائیں تو آپ خود ان موکلات کو دیکھ سکتے ہیں۔ جو اس نقش کے موکلات ہیں اور ہر وقت عامل کے ساتھ اس کے حکم کی تعمیل میں موجود رہتے ہیں۔ نقش بیوت نقش کے ساتھ تحریر ہے۔

سمکیائیل

قولہ — یاجبرائیل — الحق

۴	۹	۲
۳	اَجِیْبُوْا بِمَا اَمَرْتُکُمْ بِہٖ مطلب یا چیز کا نام لکھیں	۷
۸	۱	۶

قبطتائیل یاعزرائیل (دائیں جانب) — یامیکائیل توائیل (بائیں جانب)

ولہ — یااسرافیل — الملک

للعفیائیل

مثلاً: انار مطلوب ہے انار کے عدد (۲۵۲) ہوئے۔ ۱۲ عدد تفریق کیے تو باقی اعداد (۲۴۰) رہے، تین پر تقسیم کیا تو حاصل تقسیم (۸۰) آئے۔ ان کو خانہ اول میں رکھ کر پُر کیا تو یہ نقش ہوا۔ نقش کی ترتیب دوبارہ سمجھ لیں۔ پہلے ضلع نقش کے کھینچیں پھر موکل، پھر اوپر خدام لکھ کر اسی طرح چاروں ضلع بنائیں۔ اور نقش کے اندر مطلب لکھیں۔ جب نقش تیار ہو جائے تو آنکھیں بند کر کے عزیمت پڑھیں۔ جو اس طرح

ہوگی۔

اَجِبْ یَااَیُّھَا الْمَلَکُ الرُّوْحَانِیُّ یَا (نام موکل) بِحَقِّ اِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ الْاَعْظَمِ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکَ عَلَیْکَ وَافْعَلُوْا مَا اَمَرْتُکُمْ بِہٖ وَاِنَّہٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِیْمٌ۔ یَا خُدَّامَ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ اَسْرِعُوْا بِالْاِجَابَۃِ وَاَظْھِرُوْا بُرْھَانَ الْاِجَابَۃِ بِدَوَرَانِ الْوَرَقَۃِ۔

اس عزیمت میں پھر موکل کا نام لیا جائے گا۔ وہ شئے مطلوبہ کے اعداد سے پیدا کرنا ہوگا۔ مثلاً انار کے اعداد (۲۵۲) ہیں۔ حروف (ب، ن، ر) کے آگے (ائیل) لگایا تو موکل کا نام (بنرائیل) ہوا۔ بس اسے عزیمت میں لگالیں۔

امام غزالی "دُرَّةُ الزَّکِیَّۃ" میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ

وفق مثلث خالی الوسط کو بیان نہیں کرنا چاہیے۔ اور علماء نے اس کے مخفی رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔ تاکہ عام لوگوں سے محفوظ رہے جن لوگوں کو یہ نقش پہنچا ہے محض سینہ بسینہ ہی پہنچا ہے۔ اور وہ اس کو نرم ریت پر لکھتے تھے اور حاجت پوری ہونے کے بعد مٹا دیتے تھے۔ فقط اسی خیال سے کہ جاہل اس سے آگاہ نہ ہوں۔

امام غزالی فرماتے ہیں۔ خاتم تحریر کر کے اس پر ایک سفید ورق رکھ دیں اور پھر مندرجہ بالا عزیمت سات مرتبہ پڑھیں۔ اور جس وقت ورق حرکت کرے تو معلوم کریں کہ مقصد پورا ہو گیا ہے۔ اور فارغ ہونے کے بعد نقش کو ہاتھ سے مٹا دیں۔ اور ورق کو اٹھا کر اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ اور اس راز کو کسی پر ظاہر نہ کریں۔ کیونکہ اب اس کے ذمہ دار آپ ہیں سوائے اہل تقویٰ و دیانت کے کسی کو نہ بتائیں۔ اگر بتائیں گے بتائیں گے تو اللہ تعالیٰ کے سامنے تجھ سے مطالبہ ہوگا۔ پس

اس نقش کو اس طرح سے محفوظ رکھیں جس طرح جسم میں روح محفوظ ہے۔ کیونکہ یہ نقش وقت وساعت کا محتاج نہیں ہے۔ جس وقت کرنا چاہیں عمل کر سکتے ہیں۔ اور اس نقش کے خدام آپ کے سامنے حاضر ہوں گے، اگر حجاب معلومہ درمیان میں نہ ہوتا تو بچشم خود آپ ان وا کچی اطاعت کرتے ہوئے دیکھتے۔ اور ریاضت کے بعد اس نقش کے خدام آپ کے حکم کے منتظر رہیں گے۔ اس چیز کی قدر کو پہچان کہ کیا نعمت آپ کو حاصل ہو رہی ہے۔''

عزیمت پڑھ کر اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف متوجہ ہوں جب قلب سے آواز آئے گی تو آنکھ کھول کر دیکھیں گے تو وہ چیز حاضر ہوگی۔ لیکن ہر عمل کی کلید اعتقاد ہے ضرورت ہے یہ تصرف عالم دنیاوی ہے جس کو اعتقاد نہ ہو یا منزل طے نہ کر سکے یا پاک وصاف باطن نہ رہ سکے ذاکر نہ ہو، وہ اس عمل کو نہ کرے۔ یہ نقش کسی وقت کا پابند نہیں ہے۔ تصرف حاصل ہونے کے بعد جب چاہیں اسے کر سکتے ہیں۔ اگر جنگل ہو، اور مطلوبہ لکڑی کے قلم کا ملنا مشکل ہو، تو پاک مٹی پر شہادت کی انگلی سے اسے لکھیں۔ اور قدرت خداوندی کا مشاہدہ کریں۔ یہ اولیاء اللہ اور فقراء کا طریقہ ہے۔ ان لوگوں کے لیے جو راہ اللہ میں اپنی زندگیاں وقف کرتے ہیں ایک رُوحانی تحفہ ہے۔ اس لیے دنیاوی محتاجی ودست نگری سے بچاتا ہے اور درویش کے مرتبہ کو قائم رکھتا ہے۔

مثالی نقش یہ ہوا۔

۸۳	۸۸	۸۱
۸۴		۸۶
۸۷	۸۰	۸۵

امام غزالی نے اس مثلث کی رفتار مندرجہ ذیل تحریر فرمائی ہے۔

۴	۸	۲
۳		۶
۷	۱	۵

نوٹ: اس عمل کی شرط یہ ہے کہ دوران عمل بعد از ریاضت جب تصرفات کے اس عمل کو کیا جائے تو آنکھیں بند کر کے اس کو کیا جائے گا اور عمل پڑھنے کے بعد نقش کی طرف پشت کریں۔ اس وقت کوئی آواز سنائی دے گی اور پھر جب آواز آنا بند ہو جائے تو چند ثانیوں کے بعد پھر عمل کی طرف رُخ کریں۔ دوران آواز اگر آپ نے نقش کی طرف رُخ کیا تو مارے ہیبت کے آپ کو نقصان بھی پہنچ سکتا ہے۔ اس طرح مثلث کے ہر خانے پر عمل کرتے وقت اسی طرح عمل کرنا ہوگا۔

☆☆☆

آیات خمسہ کے چند اعمال

عملِ حُب

حب کیلئے ان آیات با موکل کے بعد ان الفاظ کا اضافہ کریں۔ تـوکـلـوا یا خُدامِ هٰذِهِ الْآیاتِ وَیا ایها السید میطَطرُوْن تهیجُ قَلْبَ فلاں بن فلاں علی مَحبّةِ ومودتی العجل العجل العجل الوحا الساعة علی سُلیمان داوُدَ علیه السلام بِحقّ الانجیل والتوراة والزبور والفرقان و بِحقّ محمّد المصطفی صلی اللّٰه علیه وسلّم وبحق هٰذِهِ الْآیاتِ العظام والا اسماء الکرام وبحق کـحـفـطـمهیوش اَللّٰهُمّ اِنِّی اَسْئلُكَ اَنْ تسخرلیْ قَلْبَ فلاں بن فلاں علی محبتی ومودتی نَصْرٌمِنَ اللّٰهِ وَفتحٌ قَرِیب۔

مذکورہ بالا آیات سے فائدہ اٹھانے کیلئے مختلف طریقے ہیں۔ مثلاً محبت کیلئے کام کرنا ہو تو طالب کو چاہیے کے جمعہ کے دن نماز جمعہ سے قبل ۹۲ بار پڑھے۔ کیونکہ یہ ایک مجرب طریقہ ہے جس میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہے۔ اگر کسی غیب شخص کا طلب کرنا منظور ہو تو مذکورہ بالا آیات کو ۶۶ مرتبہ پڑھیں تو وہ غیب شخص حاضر ہوگا یا کسی ایسے شخص سے ملاقات ہو جائے گی جو اس کا پتہ بتا دے گا۔ اگر کوئی حاجت انسان کی پوری نہ ہوتی ہو۔ تو بھی اور یا کسی سے حاجت طلب کرتا ہے اور وہ پوری نہیں ہوتی تو مذکورہ بالا آیات ۶۶ بار پڑھے۔ تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری کرے گا۔ خلاصہ یہ ہے کہ ان آیات کو ہر بھلائی طلب کرنے کیلئے اور ہر ایک شر کے دفیعہ کے لئے۔ اگر کوئی شخص پورا اعتقاد رکھ کر مذکورہ تعداد سے پڑھے گا۔ تو اس کی ہر مراد پوری ہوگی۔ مذکورہ بالا آیات کے بعد میں نے جو الفاظ لکھیں ہیں، وہ محبت کیلئے ہیں۔ ان کو اپنے

مقاصد سے کے لحاظ سے بدلنا ہوگا۔ مثلاً

تکالیف سے نجات

غموں اور تکالیف سے نجات کیلئے مندرجہ ذیل کا اضافہ کریں۔

اَللّٰهُمّ اشفِنی وفرج همی و حزنی و غمی

بلاؤں اور دشمنان سے تحفظ

بلاؤں اور قضا اور دشمنوں کے حملوں سے بچنے کیلئے مندرجہ ذیل الفاظ کا اضافہ کریں۔

اَللّٰهُمّ احفظنی من البلاء والقضاء والاعداء والحرق والسرق بِحُرْمَةِ هٰذَا الْآیاتِ وَالْخصائص وَالْاسْرارِ وبحُرمة حبیبك سیّدالا برار وَبحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ وَعلی آلِهِ وَاَصْحابِهِ الْاَخیار۔

حضرت امیر سید بخاری قدس سرہٗ کا یہی ورد تھا۔ آپ فرماتے تھے کہ جو شخص ان آیات کو انہی حروف اور موکلات کے ساتھ پڑھے گا وہ دشمن پر غلبہ پائے گا۔ اور لوگوں کے دلوں میں اسے قبولیت ہوگی۔ ان پانچ آیات کے بہت سے تصرفات اور منافع ہیں لیکن اس وقت میں نے آپ کو علامہ ابوالحسن شاذلیؒ کے طریقہ سے آگاہ کیا ہے جو بے حد مجرب ہے۔ سب سے پہلے ان آیات معہ موکلات یاد کریں۔ پھر اگر کسی بھی معاملہ میں پریشان ہوں خواہ وہ کتنا ہی سخت اور مشکل نہ ہو۔ انشاء اللہ یقینی مقصد پورا ہوگا۔ ان آیات کا ورد کبھی اثر سے خالی نہیں جائے گا۔

آیات خمسہ سے تسخیر جنات

واضح رہے کہ ان آیات خمسہ میں اسم اعظم مخفی ہے اور یہ آیات حروف مقطعات کہیعص کے ایک ایک حرف پر بالترتیب شروع ہوتی ہیں اور حروف مقطعات حمعسق کے ایک ایک حرف پر بالترتیب ختم ہوتی ہے۔ یادرہے کہ حروف مقطعات کے تمام حروف نورانی ہیں۔ ان حروف مقطعات ہر دو کے اعداد ۴۷۳ ہیں۔ یہ پانچ پانچ حروف ہیں اور ان کی پڑھائی کی تعداد ۴۷۳ × ۵ = ۲۳۶۵ ہے۔ طریقہ ریاضت اس کا یوں ہے کہ عروج ماہ میں ترک حیوانات جلالی وجمالی کے ساتھ اتوار کی شب الگ خلوت کے مکان میں مقرر جگہ پر روزانہ با حصار ریاضت کی جائے۔ یعنی روزانہ بلاناغہ چالیس یوم تک نماز عشاء کے بعد قبل از وتر ان آیات مبارکہ کو ۵۹ مرتبہ پڑھا جائے اور اول وآخر درود شریف ہزار یا جو یاد ہو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور دیسی گھی یا روغن زیتون کا چراغ حصار کے اندر اپنے سامنے جلا کر رکھیں۔ اور چراغ کی طرف دیکھتے ہوئے روزانہ آیات خمسہ (۵۹) مرتبہ تلاوت کریں۔ عروج ماہ میں آپ اس عمل کی ریاضت شب بدھ، جمعرات یا جمعہ کو بھی شروع کر سکتے ہیں۔ شروع عمل میں چند روز میں کمرے کے اندر ریل گاڑی کی آواز سنائی دے گی۔ پھر ایسا معلوم ہوگا کہ قریب ہے اور کمرے سے ٹکرا جائے گی اور کمرہ گر پڑے گا اور دوسرے زور آواز دور معلوم ہوگی، رفتہ رفتہ چند دن کے بعد آواز ختم ہو جائے گی اور پھر گیارھویں یا بارھویں روز کمرہ میں ایک روشنی معلوم ہوگی۔ جس میں گھنٹی کی آواز ہوگی۔ وہ روشنی گھنٹی کی آواز کے ساتھ حصار کے قریب آجایا کرے گی۔ عمل کے اختتام کے مرحلہ تک اس طرح کی روشنی اور دیگر مشاہدات غریبہ ہونگے۔ آخری روز (۶۴) مرتبہ پڑھیں۔ چالیسویں یا

اکتالیسویں شب شاہ جنات حاضر ہونگے۔ جو خوبصورت انسانی صورت میں ہوگا اور لباس فاخرہ اور سر پر تاج سلطانی ہوگا۔ آپ کیلئے لازم ہے کہ ان سے بالکل خوف نہ کھائیں اور گفتگو میں آپ پہل نہ کریں۔ شاہ جنات خود آپ سے گفتگو شروع کرے گا۔ اور کہے گا کہ مجھے کیوں تکلیف دی ہے۔ آپ اسے کہیں کہ میں آپ سے عہد لینا چاہتا ہوں کہ آپ میرے ہر کام اور ہر مشکل میں میری مدد کریں گے اور میرے ہر حکم کی تکمیل فوراً بجالایا کریں گے۔ جب جنات کا بادشاہ عہد قبول کرلے تو پھر اس سے نشانی طلب کریں۔ اس لئے کہ آپ میرے مطیع اور تابع ہو گئے ہیں۔ وہ نشانی دے گا اور اس کو حاضر کرنے کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔ وہ تمام طریقہ اپنی حاضری کا بتائے گا۔ پھر چلا جائے گا۔ حسب ضرورت بلا کر ہر کام لے سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ دوران ریاضت آپ کا لباس اور کمرہ خوشبو سے معطر رہنا ضروری ہے اور رات کو سوتے وقت بھی حصار کرکے سویا کریں اور دن کے وقت بھی اپنا بدنی حصار کرلیا کریں تاکہ شاہ جنات کے خدام کے شر سے محفوظ رہیں۔ ریاضت کے بعد بھی روزانہ ان آیات کو ۴۷۳ مرتبہ پڑھنا ہوگا تاکہ شاہ جنات ہمیشہ کے لئے تابع رہیں۔ یہ عمل تمام اعمال کی مفتاح ہے اس سے ہر جائز کام لیا جاسکتا ہے۔

سنگ دل محبوب ومطلوب، نادیدہ، گریختہ کو حاضر کرنے کیلئے، دشمنان کو زیر مطیع کرنا، مقدمات میں فتح یابی کیلئے، امتحان میں کامیابی، موذی بیماریوں سے صحت یابی اور شفا کیلئے، اگر آندھی، سیلاب یا بارش کو روکنا چاہیں تو ہر سہ رک جائیں۔ اگر ان آیات مقدسہ کی تلاوت کرتے ہوئے بارش میں چلیں تو اوپر بارش نہ ہوگی۔ اگر آپ نہر، دریا، سمندر عبور کرنا چاہیں تو آپ کیلئے آسان ہوگا۔ شاہ جنات آپ کیلئے

طے الارض یعنی زمین پاؤں کے نیچے سمٹ جاتی ہے۔ حجاب الابصار یعنی نظر خلائق سے مخفی ہونا، یمشی علی الماء یعنی پانی پر مثل زمین کے چلنا، طیران فی الھوا یعنی ہوا میں اڑنا۔ یہ تمام امور شاہ جنات آپ کیلئے آسان بنادے گا۔ علوم غریبہ وفنون عجیبہ حاصل ہونگے۔ شاہ جنات آپ کو زمین کے خزائن سے آگاہ کرسکتا ہے اور علم طب وصنعت الہیہ کے معارف اور حقائق سے بھی آگاہی۔ غرضیکہ ان آیات خمسہ تسخیر کردہ شاہ جنات جو بے شمار جنات کے قبیلوں کا بادشاہ ہے۔ آپ کی ہر جائز حاجت میں آپ کا مددگار ہوگا۔

حصار کا طریقہ

دوران ریاضت سورۃ فاتحہ، اخلاص، فلق، ناس، پانچ پانچ مرتبہ پڑھیں اور آیت الکرسی، الشمس، الطارق ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اپنے دائیں طرف سے حصار شروع کرکے بائیں طرف چاقو یا چھری گاڑ دیا کریں۔ بعد از اختتام یہی حصار پڑھ کر اکھاڑ لیا کریں۔ اگر جگہ پختہ ہو تو شہادت کی انگلی سے حصار کریں اور بعد عمل دائیں ہاتھ سے حصار مٹا دیا کریں۔ اپنی حفاظت کیلئے انہی حروف مقطعات یعنی کھیعص اور حمعسق کا نقش ذوالکتاب تیار کرکے اپنے پاس رکھیں تاکہ آپ جنات کے شر سے محفوظ رہیں۔ تسخیر ارواح کے اعمال کیلئے ہماری تصنیف "مصباح الاروح" کا مطالعہ فرمائیں۔ اس کتاب میں تسخیر موکلات، پریاں، سندونیاں، ہمزاد، بھوت، پریت، دیوی، جوگن، بھیرو، شاہ جنات اور دیگر بے شمار ارواح کی تسخیر و حاضری کے اعمال تفصیلاً درج ہیں۔ اپنے مرے ہوئے بزرگوں کی ارواح سے ملاقات کے علاوہ انسانی نظروں سے غائب ہونے کے رازوں کو پہلی بار "مصباح

الاروح" میں عیاں کیا گیا ہے۔

یاد رہے کہ مندرجہ بالا پانچوں آیات، دعوت عزیمت اس خاتم مبارک کے مخصوص ہیں۔ جب آپ اعمال میں سے کسی عمل کا ارادہ کریں مثلاً محبت کے لیے تو خاتم مکمل تحریر کریں۔ اس کی شرائط کے ساتھ جیسا کہ گزر چکی ہے۔ محبت کے لیے مندرجہ ذیل آیات میں سے مناسب آیت خاتم کے نیچے تحریر کریں۔ مثلاً

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ۔ (آل عمران آیت ۱۴) قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا۔ (سورہ یوسف آیت: ۳۰)

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔ (سورہ البقرہ آیت: ۱۶۵) وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ۔ (سورہ طٰہٰ آیت: ۳۹)

پھر تین لکڑی ایسے درخت کی لیں جس کا پھل میٹھا ہو، مثلاً انار، کھجور، امرود وغیرہ ان کی ایک تپائی بنائیں۔ پھر خاتم کو تپائی پر لٹکائیں۔ اور تپائی کے نیچے انگیٹھی ہو جس میں بخور لوبان، عود اور عنبر کا روشن کریں۔ اور پھر آیات خمسہ 45 مرتبہ تلاوت کریں۔ ساعت مناسب ہو، مثلاً زہرہ، مشتری وغیرہ۔ یہ عمل خلوت میں کریں۔ قبولیت کی علامت یہ ہوگی کہ خاتم گھومنے لگے گی۔

اگر فرقت، عداوت، جدائی اور دشمنی کے لیے عمل کرنا ہو تو خاتم کے نیچے مندرجہ ذیل آیات میں سے کوئی ایک آیت تحریر کریں۔ مثلاً

وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (المائدہ آیت ۶۴)

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ (البقرہ آیت: ۶۱)

فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ (الانعام آیت:۴۵)

اگر ترقی مرتبہ کیلئے عمل کرنا چاہیں تو مندرجہ ذیل آیات میں سے کوئی ایک آیت خاتم کے نیچے تحریر کریں۔ مثلاً

وَجَعَلَكُمْ مُلُوْكًا وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ۔ (المائدہ آیت:۲۰)

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

(آل عمران آیت:۲۶)

وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔ (البقرہ آیت:۱۰۵)

اور اگر شفائے امراض کے لیے ہو تو آیات شفا میں آیات تحریر کریں۔ مثلاً

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ (بنی اسرائیل آیت:۸۲)

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ۔

وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ (یونس آیت:۵۶)

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ۔ (شعراء آیت:۸۰)

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ (یٰسین آیت ۵۸)

اسی طرح دیگر کاموں کے لیے آیات مناسب تحریر کریں۔ اور استعمال کریں۔

خاتم لکھنے کے لیے مندرجہ ذیل شرائط کو مدنظر تاکہ کلی طور پر کامیابی ہو۔ مثلاً

سب سے پہلے عمار سے جگہ خالی کرائیں۔

باوضو مکمل پاکیزگی کے ساتھ تمام کام خلوت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کریں۔

عمل کے شروع سے آخر تک مطلقاً بخور جلاتا رہے۔

مثلاً محبت اور تسخیر کے لیے عرق گلاب میں مشک وزعفران ڈال کر روشنائی تیار کریں۔ جس سے خاتم اور آیات تحریر کی جائیں۔

اور اگر شر، عداوت، جدائی وغیرہ کے لیے ہو تو سیاہ روشنائی میں مر، مصبر، ایلو اور سرکہ ملا کر تحریر کریں۔ اور بخور پیاز اور لہسن کا چھلکا اور ہینگ وغیرہ کا روشن کریں۔

عمار مکان کے لیے مندرجہ پڑھیں تاکہ وہ وہاں سے چلے جائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا۔ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا۔ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا۔ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا۔ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا۔ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا، اَشْتَاتًا، اَشْتَاتًا، اَشْتَاتًا، اَشْتَاتًا، اَشْتَاتًا، اَشْتَاتًا۔ فَرَّقْتُكُمْ وَجَعَلْتُكُمْ شَتّٰى يَا عُمَّارَ الْمَكَانِ وَالدَّارِ اِرْحَلُوْا وَانْصَرِفُوْا عَنِّيْ وَلَا تُضِيْعُوْا عَمَلِيْ بِحَقِّ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ۔ اَلْوَحَا الْعَجَلَ السَّاعَةَ۔

اس قسم کو تین یا سات مرتبہ پڑھیں۔ اور پھر اُس دن کی عزیمت پڑھیں سات ایام کی مخصوص عزیموں میں سے، جب اس سے فارغ ہوں تو پھر خاتم طلسم اور آیات اُس کے نیچے تحریر کریں۔ پھر آیات خمسہ 3 مرتبہ یا نو 9 تبہ اور اگر کوئی بڑا کام ہو تو 45 مرتبہ پڑھیں۔ اور بخور شروع عمل سے آخر عمل تک جلتا رہے۔ پھر عمل کو غالب طبع کے مطابق استعمال کریں۔ یا اپنے پاس رکھیں یا جیسے مناسب ہو، استعمال میں لائیں۔ غالب طبع کے لیے مندرجہ ذیل جدول آپ کی رہنمائی کے لیے ہم درج کرتے ہیں۔ جدول یہ ہے۔

ایام کے ستارے، بروج، طبع، حروف

اور سعد ونحس کی جدول

ایام	ستارہ	برج	طبع	سعدونحس
اتوار	شمس	اسد	ناری	سعد
سوموار	قمر	سرطان	مائی	سعد
منگل	مریخ	حمل، عقرب	ناری، مائی	نحس
بدھ	عطارد	جوزا، سنبلہ	بادی، ترابی	متوسط
جمعرات	مشتری	قوس، حوت	ناری، مائی	سعد
جمعہ	زہرہ	ثور، میزان	ترابی، بادی	سعد
ہفتہ	زحل	جدی، دلو	ترابی، بادی	نحس

جب آپ ارادہ کریں اعمال میں سے کسی عمل کا تو اللہ تعالیٰ سے مدد حاصل کریں۔ جس دن عمل کریں اصل عمل سے پہلے اُس دن کے ملوک، اسماء، آیات، تماطیل تحریر کریں۔ پھر پڑھیں۔ مثلاً بروز اتوار ایک مرتبہ۔ بروز سوموار دو مرتبہ۔ بروز منگل تین مرتبہ۔ بروز بدھ چار مرتبہ۔ بروز جمعرات پانچ مرتبہ۔ بروز جمعہ چھ مرتبہ اور بروز ہفتہ سات مرتبہ پڑھیں۔ مثلاً اگر عمل محبت کا ہو تو پہلے یہ تحریر کریں۔

اگر دن جمعہ کا ہو تو ایسے تحریر کریں۔

تَوَکَّلُوْا (بَازُوبعہ) اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ بِحَقِّ کَوْکَبِكَ السَّعِيْدِ (الزُّهَرَة) وَبِحَقِّ طَالِعِكَ (الثَّوْرِ وَالْمِيْزَانِ) وَبِحَقِّ يَوْمِكَ (الْجُمُعَةِ) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ

الْمُوَكَّلِ بِقَائِمَةِ الْعَرْشِ (ششخ) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْغَالِبِ عَلَيْكُمْ اَمْرُهُ (عنيائيل) وَبِحَقِّ (صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ) وَبِحَقِّ (خبيں) وَبِحَقِّ (هى) وَبِحَقِّ (بوين صنص حز كسقظ) وَبِحَقِّ (جهلططيل) اَنْ تُعِيْنُوْنِىْ عَلٰى قَضَاءِ حَاجَتِىْ وَتُسَخِّرُوْا اِلٰى قلب فلاں بن فلاں عَلٰى حُبِّ وَطَاعَةِ فلاں بن فلاں بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْاٰيَاتِ وَالطَّلَاسِمِ وَالْخَاتَمِ۔ پھر خاتم ان شرائط کے ساتھ لکھی جائے جو پہلے گزر چکی ہیں۔ اور جب آپ ان شرائط کو لازم اور ہمیشگی کریں گے تو پھر آپ کے تمام مطالب بلاشک پورے ہوں گے۔

اگر دن ہفتہ کا ہو تو ایسے تحریر کریں۔

تَوَكَّلْ (يَا مَيْمُوْنُ) اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ بِحَقِّ كَوْكَبِكَ السَّعِيْدِ (زحل) وَبِحَقِّ طَالِعِكَ (الْجَدْيِ وَالدَّلْوِ) وَبِحَقِّ يَوْمِكَ (السَّبْتِ) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْمُوَكَّلِ بِقَائِمَةِ الْعَرْشِ (ذصطع) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْغَالِبِ عَلَيْكُمْ اَمْرُهُ (كسفيائيل) وَبِحَقِّ (غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ) وَبِحَقِّ (زكى) وَبِحَقِّ هى وَبِحَقِّ (بوين صنص حزكس قنظ) وَبِحَقِّ (لحهططيل) اَنْ تُعِيْنُوْنِىْ عَلٰى قَضَاءِ حَاجَتِىْ وَتُسَخِّرُوْا اِلٰى قَلْبِ فلاں بن فلاں عَلٰى حُبِّ وَطَاعَةِ فلاں بن فلاں بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْاٰيَاتِ وَالطَّلَاسِمِ وَالْخَاتَمِ۔

اگر دن اتوار کا ہو تو ایسے تحریر کریں۔

تَوَكَّلْ (يَا مُذْهِبُ) اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ بِحَقِّ كَوْكَبِكَ السَّعِيْدِ (شمس) وَبِحَقِّ طَالِعِكَ (الْاَسَدِ) وَبِحَقِّ يَوْمِكَ (الْاَحَدِ) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْمُوَكَّلِ بِقَائِمَةِ الْعَرْشِ (ابجد) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْغَالِبِ عَلَيْكُمْ اَمْرُهُ (روقيائيل) وَبِحَقِّ

(اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ) وَبِحَقِّ (فرد) وَبِحَقِّ (ف و) وَبِحَقِّ (اهطم فشد) وَبِحَقِّ (ططهطیل) اَنْ تُعِیْنُوْنِیْ عَلٰی قَضَاءِ حَاجَتِیْ وَتُسَخِّرُوْا اِلٰی قَلْبَ فلاں بن فلاں عَلٰی حُبٍّ وَطَاعَةِ فلاں بن فلاں بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْآيَاتِ وَالطَّلَاسِمِ وَالْخَاتَمِ۔

اگر سوموار کا دن ہوا یسے تحریر کریں۔

تَوَكَّلْ (يَا اَبْيَضُ) اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ بِحَقِّ كَوْكَبِكَ السَّعِيْدِ (الْقَمَرِ) وَبِحَقِّ طَالِعِكَ (اَلسَّرَطَانِ) وَبِحَقِّ يَوْمِكَ (الْاِثْنَيْنِ) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْمُوَكَّلِ بِقَائِمَةِ الْعَرْشِ (هون) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْغَالِبِ عَلَيْكُمْ اَمْرُهٗ (جِبْرَائِيْلُ) وَبِحَقِّ (الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ) وَبِحَقِّ (جَبَّارٍ) وَبِحَقِّ (ج) وَبِحَقِّ (ااا) وَبِحَقِّ (دحلع عرجع) وَبِحَقِّ (مهطهطیل) اَنْ تُعِیْنُوْنِیْ عَلٰی قَضَاءِ حَاجَتِیْ وَتُسَخِّرُوْا اِلٰی قَلْبَ فلاں بن فلاں عَلٰی حُبٍّ وَطَاعَةِ فلاں بن فلاں بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْآيَاتِ وَالطَّلَاسِمِ وَالْخَاتَمِ۔

اگر منگل کا دن ہوا یسے تحریر کریں۔

تَوَكَّلْ (يَا اَحْمَرُ) اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ بِحَقِّ كَوْكَبِكَ السَّعِيْدِ (الْمِرِّيْخِ) وَبِحَقِّ طَالِعِكَ (الْحَمَلِ وَالْعَقْرَبِ) وَبِحَقِّ يَوْمِكَ (الثُّلٰثَاءِ) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْمُوَكَّلِ بِقَائِمَةِ الْعَرْشِ (طیکل) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْغَالِبِ عَلَيْكُمْ اَمْرُهٗ (سمسمائیل) وَبِحَقِّ (مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ) وَبِحَقِّ (شَهِيْدٍ) وَبِحَقِّ (ش) وَبِحَقِّ (م) وَبِحَقِّ (اهطم فشد دحلع رحع) وَبِحَقِّ (فهطيطيل) اَنْ تُعِیْنُوْنِیْ عَلٰی قَضَاءِ حَاجَتِیْ وَتُسَخِّرُوْا اِلٰی قَلْبَ فلاں بن فلاں عَلٰی حُبٍّ وَطَاعَةِ فلاں بن

فلاں بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْآيَاتِ وَالطَّلَاسِمِ وَالْخَاتَمِ۔

اگر بدھ کا دن ہوا یسے تحریر کریں۔

تَوَكَّلْ (يَا بُرْقَانُ) اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ بِحَقِّ كَوْكَبِكَ السَّعِيْدِ (الْعُطَارِدِ) وَبِحَقِّ طَالِعِكَ (السُّنْبُلَةِ وَالْجَوْزَا) وَبِحَقِّ يَوْمِكَ (الْاَرْبِعَاءِ) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْمُوَكَّلِ بِقَائِمَةِ الْعَرْشِ (منسع) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْغَالِبِ عَلَيْكُمْ اَمْرُهٗ (مِيْكَائِيْلُ) وَبِحَقِّ (اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ) وَبِحَقِّ (وَارِثٍ) وَبِحَقِّ (ث) وَبِحَقِّ (---) وَبِحَقِّ (حرکس قلط بوبن صتض) وَبِحَقِّ (فهطبطيل) اَنْ تُعِيْنُوْنِيْ عَلٰى قَضَاءِ حَاجَتِيْ وَتُسَخِّرُوْا اِلٰى قَلْبَ فلاں بن فلاں عَلٰى حُبٍّ وَطَاعَةِ فلاں بن فلاں بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْآيَاتِ وَالطَّلَاسِمِ وَالْخَاتَمِ۔

اگر جمعرات کا دن ہوا یسے تحریر کریں۔

تَوَكَّلُوْا (يَا شَمْهُوْرَشُ) اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ بِحَقِّ كَوْكَبِكَ السَّعِيْدِ (الْمُشْتَرِيْ) وَبِحَقِّ طَالِعِكَ (الْقَوْسِ وَالْحُوْتِ) وَبِحَقِّ يَوْمِكَ (الْخَمِيْسِ) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْمُوَكَّلِ بِقَائِمَةِ الْعَرْشِ (فصقر) وَبِحَقِّ الْمَلِكِ الْغَالِبِ عَلَيْكُمْ اَمْرُهٗ (صرفیائیل) وَبِحَقِّ (اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ) وَبِحَقِّ (طَاهِرٍ) وَبِحَقِّ (ظ) وَبِحَقِّ (---) وَبِحَقِّ (اطمغشد دحلع رحع) وَبِحَقِّ (فهطيطيل) اَنْ تُعِيْنُوْنِيْ عَلٰى قَضَاءِ حَاجَتِيْ وَتُسَخِّرُوْا اِلٰى قَلْبَ فلاں بن فلاں عَلٰى حُبٍّ وَطَاعَةِ فلاں بن فلاں بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَالْآيَاتِ وَالطَّلَاسِمِ وَالْخَاتَمِ۔

طریقہ زکات نقش مثلث یعنی خاتم سلیمانی

جو شخص نقوش کا علم سیکھے اور ان سے کام لینے کا شغل اختیار کرے۔ اسے چاہئے کہ نقش طبعی کی زکات حسب طریقہ سے ادا کرے۔ تا کہ اس کا عامل ہو جائے۔ طبعی نقش کی زکات دینے کے بعد وضعی نقش خواہ کسی قسم کا پر کریں کام دے گا۔ وضعی نقش کی زکات کی ضرورت نہیں ہوتی، ہاں نقوش میں کام کرنے والی آیات و اسماء کا بھی عامل ہو جائے تو نور علیٰ نور ہوتا ہے۔ علاوہ بعض وضعی نقش بھی اس قسم کے ہوتے ہیں کہ اگر کوئی شخص ان کا صاحب نصاب ہو جائے، تو اسے تصرف اس اسم کا ہو جاتا ہے۔ جس کا وہ نقش وضع کیا گیا ہے۔ ایسے نقوش کے طریقے ساتھ لکھ دیے جاتے ہیں۔

1۔ ابتدائے ماہ اتوار کا دن گزار کر شروع کریں۔ معہ شرائط، دعوت، غسل، صوم، عزلت، خلوت و ترکِ حیوانات جلالی و جمالی و مکروہات و ممنوعات کو قائم کریں۔

2۔ اول روز استغفار میں مشغول ہوں۔ اور اپنے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں۔ دوسرے روز درود پاک پڑھیں۔ تیسرے روز سورہ اخلاص کی تلاوت کریں۔ اور چوتھے روز طلوع آفتاب کے بعد پہلے آیت الکرسی اور پھر چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔ اور موکلاتِ خانہ کی تلاوت کریں۔ یعنی دو ہزار چار سو پینتالیس (2445) مرتبہ پڑھیں۔ جو یہ ہیں۔

اَجِبْ یَا اَسْرَافِیْلُ یَا جَبْرَائِیْلُ یَا کَلْکَائِیْلُ یَا دَرْدَائِیْلُ یَا رَفْتَمَائِیْلُ یَا سَرْفَائِیْلُ یَا تَنْکَفِیْلُ یَا اِسْمَائِیْلُ بِحَقِّ بَطَدٍ زَھَجٍ وَاحٍ۔

پھر پینتالیس (45) مرتبہ موکلانِ خانہ کو تلاوت کریں۔ اور اسمائے باری تعالیٰ جو نقش کے ہر حرف کے مطابق لیے گئے ہیں۔ ساتھ پڑھیں اور وہ یہ ہیں۔

اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَطْطَطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا اللّٰهُ یَا بَطْطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بَاعِثُ یَا حَطْطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا جَبَّارُ یَا دَطْطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا دَائِمُ یَا هَطْطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا هَادِیُ یَا وَطْطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا وَارِثُ یَا زَطْطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا زَکِیُّ یَا حَطْطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا حَمِیْدُ یَا طَطْطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا طَاهِرُ اَجِیْبُوْا وَاَطِیْعُوْا بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی یَا اَصْحَابَ الْاَرْوَاحِ۔

3۔ جب فارغ ہوں تو یہ عزیمت پڑھیں۔

یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ اَسْئَلُکَ اَنْ تَبْسِطَ لِیْ وَاَهْلِ هٰذِهِ الْبَلَدِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

4۔ بعد ازاں آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھیں۔ اور پینتالیس موتی چور لڈو لے کر ارواح حضرت رسالت پناہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام اور بر روح جناب حضرت غوث الاعظم محبوب سبحانی رحمتہ اللہ علیہ پڑھ کر ختم کریں اور لڈو نابالغ بچوں میں تقسیم کریں یا پاس بیٹھا کر کھلا دیں۔

زکات کا طریقہ اول

اسی دن سے نقش کی زکات شروع کریں۔ 45 نقش روزانہ لکھیں۔ بعد ازاں عزیمت پڑھنی ہے اور پھر لڈوؤں پر ختم دلائیں۔ یہ یاد رکھیں ہر روز 45 نقش لکھیں تو بعد ازاں 45 بار عزیمت (اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَطْطَهَائِیْلُ بِحَقِّ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ۔ آخر تک) پڑھیں۔ 45 دن میں زکات مکمل ہو جائے گی۔ اور آپ صاحب نصاب ہو جائیں گے۔ پھر آپ کو حسب سابق ختم دلائیں۔ بعد ازاں پندرہ نقش

روزانہ لکھیں۔ تاکہ زکات جاری وساری رہے۔ یہ تمام نقوش آب رواں میں گندم کے آٹے میں غلولہ بنا کر ڈال دیا کریں۔

زکات کا طریقہ دوم

نقش حوا کی زکات سوالاکھ چالیس یوم میں بہ شرائط کامل مندرجہ بالا عمل میں لا کر اس ترکیب سے دیں کہ چار طرح کے نقش برابر تعداد میں لکھ کر عناصر کے ساتھ مصادقہ کریں یعنی آتشی کو جلائیں، بادی کو ہوا میں منتشر کر دیں، آبی کو آب رواں میں ڈالیں دیں۔ اور خاکی کو زمین میں دفن کر دیں۔ زکات مکمل ہو جائے گی اور آپ صاحب نصاب ہو جائیں گے۔

طریقہ تیاری مثلث طبعی

معمول روزانہ

جب آپ صاحب زکات ونصاب ہو جائیں تو اس کے بعد مثلث بیوت یا وفق حوا یا بمصاحب آدم روزانہ کا معمول بنالیں۔ یعنی روزانہ 3 یا 9 یا 15 یا 45 نقش لکھا کریں۔ تاکہ زکات کا تسلسل قائم رہ سکے۔ اس امر کی مداومت لازم ہے۔ اور جب معمول کے نقش لکھ لیا کریں۔ تو موکلان نقش "اطططھائیل" مع عزیمت تین مرتبہ پڑھا کریں۔

تیاری نقش

جب کسی امر کے متعلق نقش طبعی تیار کرنے کی ضرورت ہو یا کسی حاجت مند کو دینا منظور ہو، تو (یاھی) تین بار کہہ کر اول چاروں ضلع "قولہ الحق ولہ الملک" کے مطابق تیار کریں۔ پھر چاروں موکل اطراف میں لکھیں۔ پھر درمیان میں مثلث

کے نو خانے کھینچ کر جس مثلث کو لکھنا مقصود ہو، اس کو اس طرح لکھیں۔ کہ خانہ اول لکھیں تو اول خانہ کے موکل کا نام مع اسم اللہ لیں۔ یعنی ہندسہ (1) لکھیں اور زبان سے کہیں۔ "یَا اَطْطُھَائِیْلُ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ" پھر دو کا ہندسہ لکھیں تو زبان سے کہیں "یَا اَطْطُھَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بَاعِثُ" علیٰ ہذا القیاس اسی طرح نو خانے پر کریں۔

بعد ازاں چاروں گوشوں پر خادمانِ موکلات کے اسما لکھیں۔ اب خانہ وسط میں انگلی یا قلم رکھ کر اپنا منہ داہنے شانے کی طرف کر کے اپنی حاجت کہیں۔ پھر انگلی یا قلم اٹھا کر اپنی گردن سیدھی کریں۔ اور اپنی حاجت بیان کریں۔ پھر خانہ وسط میں انگلی یا قلم رکھ کر منہ بائیں شانے کی طرف کر کے اپنی حاجت بیان کریں۔ پھر انگلی یا قلم اُٹھائیں۔ اور منہ سامنے کر کے 45 مرتبہ عزیمت پڑھیں۔

اگر عمل کار خیر کے لیے ہو تو عزیمت یہ ہوگی۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَااَرْوَاحُ الرُّوْحَانِیِّیْنَ اَنْ تَہِیْجُوْا وَتَسْخَرُوْ رُوْحَانِیَّۃَ السَّاکِنَۃَ فِیْ قَلْبِ (فلاں بن فلاں) عَلٰی مُحَبَّۃِ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ الْعِظَامِ عَجِّلُوْ عَجِّلُوْ بِحَقِّ یَابُدُّوْحُ یَاھَبَائِیْلُ یَاھِیُّ عَجِّلُوْ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ۔

اگر عمل کار شر کے لیے ہو تو یہ عزیمت ہوگی۔

عَزَمْتُ عَلَیْکُمْ یَا اَیُّھَا الشَّیَاطِیْنُ اَنْ تَسَلَّطُوْا عَلٰی (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ اِلٰہٖ حَلِّی ھُوَمِ زَکِیٌّ طَیِّبٌ عَجِّلُوْ وَتَسَلَّطُوْا عَلٰی (فلاں بن فلاں) بِعَذَابِ الشَّدِیْدِ بِحَقِّ لَہُ الْاَمْرُ وَالْحُکْمُ عَلَیْکُمْ۔

اگر روزی اور رزق کے لیے عمل ہو تو عزیمت یہ ہوگی۔

اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالْمُسَخَّرَاتِ وَبِالْمَلَائِكَةِ لَوْحِ الْمُثَلَّثِ وَرِمِيهِم يَايَلْسُوْنَا اَنْ تَعِيْنُوْنِيْ فِيْ حُصُوْلِ الْمَعَاشِ وَرِزْقِ الْحَلَالِ وَالْجَاهِ وَالْمَنْصَبِ بِحَقِّ اِسْمِ اللّٰهِ مُعَظَّمٍ اَجْهَرَطْ نَدُوْحَ اِلٰهِ آدَمَ وَحَوَّا اِلٰهُكُمْ اَجْمَعِيْنَ۔

اگر دیگر امور اور حاجات کے لیے عمل ہو تو عزیمت یہ ہوگی

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالْاَرْوَاحِ الطَّاهِرِ الْمُسَخَّرِ الْمُطِيْعِ بِهٰذَا اللَّوْحِ الشَّرِيْفِ يَاهَبَائِيْلُ لِقَضَاءِ حَاجَتِيْ (حاجب کا نام لیں) "فلاں بن فلاں" بِحَقِّ الْاِسْمِ الْاَعْظَمِ يَاهِيُّ يَابُدُّوْحُ وَبِحَقِّ خَالِقِكُمْ وَمُوَحِّدِكُمْ وَبَارِيْكُمْ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ الْعَجَلُ الْعَجَلُ السَّاعَةُ السَّاعَةُ اَلْوَحَا اَلْوَحَا۔

☆☆☆

خواص مثلث طبعی

اُن عاملین کے لیے جو صاحب زکات ونصاب ہوں

محبوس کے لیے

اگر محبوس یا سحرزدہ پاس رکھے تو خلاصی پائے۔ منسوبہ مثلث طبعی طائع قوس میں ماہ زائد النور میں لکھی جائے۔ قمر طائع خانہ نہم میں ہو، سعد نظر رکھتا ہو، اور نحوست سے پاک ہو۔ اگر ایسا نقش قید خانے کے دروازے میں دفن کر دیں تو قیدی خلاصی پائے گا۔ اگر کسی نگینہ پر کندہ کر کے پہنا جائے تو اسے کوئی قید نہ کر سکے۔

اگر کوئی ہر روز منسوبہ مثلث طبعی زمین یا تختے پر انگلی سے لکھے اور مٹائے اور تین ہزار مرتبہ ایسا ہی کرے، تو اس شخص میں ایک اثر ظاہر ہوگا اور عجائبات ملاحظہ سے گزریں گے۔ اول یہ کہ عامل محبوس کو لکھ کر دے تو وہ قید سے خلاصی پائے گا۔ دوم یہ کہ ٹھیکری یا کوری ٹھیکری پر لکھ کر آگ میں ڈال دے تو آگ سرد ہو جائے گی۔

جب آفتاب برج قوس میں ہو اور قمر زائد النور ہو۔ برج اسد یا حمل کے اندر واقع اور نحوست سے پاک ہو، تو منسوبہ مثلث طبعی لکھ کر قید خانے کی چوکھٹ میں دفن کریں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے قیدی خلاصی پائے گا۔

حفاظتِ چوری

اگر منسوبہ مثلث طبعی کو شرف قمر میں لکھیں، اور اس کو جس چیز کے اندر رکھیں اُسے کوئی چوری نہ کر سکے گا اور نہ اُسے آگ جلا سکے گی اور وہ چیز نہ پانی میں غرق ہوگی اور نہ ہی اُسے کیڑا لگے گا۔

حفاظت زراعت

اگر کاغذ کے چار ٹکڑوں پر کسی سعد ساعت مشتری یا زہرہ میں کوری ٹھیکری پر منسوبہ مثلث لکھ کر کورے کوزے میں جس کو پانی نہ لگا ہو، بند کر کے کھیت کے چاروں گوشوں میں دفن کر دیں۔ تو وہ کھیت یا باغ کیڑے مکوڑے مکڑی، باد مخالف اور دیگر آفات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے۔

کسی فرد کو مطیع کرنا

اگر شرف عطارد میں نگینہ پر کندہ کریں۔ اور جس شخص کے نام کی چاہیں مثلث بنائیں پھر اسے انگشتری میں جڑ کر اپنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے تو وہ شخص مطیع و فرمانبردار رہے گا۔

اگر جمعہ کے دن اس ساعت میں جب کہ قمر و زہرہ میں نظر تثلیث یا تسدیس ہو۔ منسوبہ مثلث لکھ کر پاس رکھیں، تو جو کوئی بھی بات کرے مطیع ہو اور کہنا مانے۔

اگر منسوبہ مثلث طبعی کو طلوع اسد کے وقت مطلوب کے نام سے لکھیں اور لکھتے وقت مشک و زعفران کا بخور جلائیں اور فلیتہ بنا کر روشن کریں تو تاثیر جلد ملاحظہ کریں گے۔

فتوحات اور محبت کے لیے

جب تثلیث یا تسدیس کی نظر قمر با زہرہ یا قمر یا مشتری ہو تو منسوبہ مثلث طبعی کو لکھ کر پاس رکھیں۔ فتوحات اور محبت عظیم پائیں گے۔

مہربانی حاکم کے لیے

اگر ساعت شمس یا مشتری یا شرف قمر میں منسوبہ مثلث طبعی کو لکھیں۔ اور

اپنے پاس رکھیں اور پھر حاکم کے پاس جائیں حاکم دیکھتے ہی فوراً مہربان ہوگا۔ خواہ خون کر کے ہی کیوں نہ گیا ہو۔

صلح اور اتفاق کے لیے

اگر زہرہ یا مشتری سعد گھروں میں ہوں۔ اور قمر اس سے ساتویں گھر میں ہو، تو منسوبہ مثلث کو لکھ کر میاں بیوی کو پلائیں تو دونوں میں صلح اور اتفاق ہو جائے گا۔

گریختہ کے لیے

اگر کسی سعد دن ساعت عطارد میں منسوبہ مثلث طبعی گریختہ کے نام کی لکھیں اور گریختہ کا نام ضمن لوح میں پانچویں خانے کے برابر لکھیں اور اس کی خواب گاہ میں دفن کر دیں یا پھر سنگ گراں کے نیچے رکھیں تو وہ حیران و پریشان واپس آجائے گا۔

زخم چشم کے لیے

لوح نقرہ پر منسوبی مثلث کندہ کریں اور جس کی آنکھ خراب ہو، اس کے گلے میں ڈال دیں تو صحت پائے گا۔ یا پانی میں لوح ڈبو دیں اور اس پانی سے آنکھوں کو دھویا جائے جلد صحت ہوگی۔

آسانی وضع حمل

منسوبہ مثلث کو کوری ٹھیکری پر جسے پانی نہ لگا ہو لکھیں۔ اور عورت کے دونوں پاؤں کے نیچے رکھیں۔ اور ایک پشت حاملہ پر باندھیں تو ایک ساعت میں بحکم اللہ تعالیٰ فارغ ہو۔ بعض عامل ٹھیکری پر لکھ عورت کے نیچے رکھتے ہیں تاکہ وہ اسے توڑے۔ اس سے فوراً ولادت ہو جاتی ہے۔

اگر سیسے کی لوح پر بوقت سعد جب طالع وقت منقلب برج ہو۔ منسوبی

مثلث طبعی کندہ کر کے رکھ چھوڑیں اور جب ضرورت ہو، پیٹ کی سیدھی جانب اس کو باندھیں۔ فوراً ولادت ہوگی

اگر منسوبی مثلث کو سفید کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر حاملہ کو پلائے تو اگرچہ بچہ شکم میں مر گیا ہو، تو مردہ ہی شکم سے باہر آجائے گا۔

اگر منسوبی مثلث معہ اسمائے اصحاب کہف لکھ کر مثل تعویذ لپیٹ کر اس عورت کی ران پر باندھیں جو درد زہ میں مبتلا ہو تو فوراً خلاصی پائے گی۔ مثلث یہ ہے

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

مجہول کے لیے

اگر منسوبی مثلث کو پیر کے روز سعد ساعت قمر میں لکھیں اور مجہول کے زیر پا باندھیں تو خلاصی پائے گا۔

مصروع اور مجنون کے لیے

شرف قمر ہو، پیر کا دن ہو اور ساعت قمر ہو۔ انگشتری چاندی کی لیں۔ جس کا نگ بھی چاندی کا ہو۔ اس پر منسوبی مثلث کندہ کریں۔ اور مریض کو پہنائیں تو مرض سے نجات پائے۔ اس وقت اسمائے اصحاب کہف بھی لکھ کر مریض کو پلانا شفا کا سبب ہے۔ اور لوح قمری بنا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ مندرجہ بالا انگشتری اگر کسی

قیدی کو دی جائے تو وہ قید سے خلاصی پائے۔

حفاظتِ اطفال

اگر شرف قمر میں بوقت ساعت عطارد لوح نقرہ منسوبی مثلث لکھیں۔ تو بدخوئی گریہ خوف اور بدخوابی کی شکایات میں سے کوئی بھی ہو، فوراً دور ہو جائے۔ بچہ کے گلے میں ڈالیں۔

حفاظت امراض اطفال

مندرجہ ذیل لوح اگر لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں تو چیچک، خسرہ اور جملہ آبلے والے امراض سے نجات پائے گا۔ آبلہ باہر نہیں آسکتا۔ اگر حملہ ہو چکا ہو تو تھوڑا بہت باہر آتا ہے۔ مریض جلدی شفایاب ہوتا ہے۔ نقش مثلث یہ ہے۔

۷۸۶

۹	۵	۱
۲	۷	۶
۴	۳	۸

حفاظت امراض اطفال

اگر شرف عطارد میں منسوبی مثلث طبعی کو لکھیں۔ اور انگشتری کے نگینہ کے نیچے رکھیں۔ پھر دست راست میں پہنائیں اور ہر روز شربت مصری یا قند میں انگشتری کو دھو کر اس میں پانی ملا کر نہار بوقت فجر تین ہفتہ تک جس لڑکے یا لڑکی کو پلائیں گے اس کی طبعیت تیز ہوگی۔ غفلت اور فراموشی دسے زائل ہو جائے گی۔ حافظہ اور فہم قوی

ہو جائے گا۔

بطلانِ سحر

اگر منسوبہ مثلث طبعی کو لکھ کر اردگرد آیت الکرسی لکھیں اور اس کو پانی میں حل کر کے سحر زدہ کو پلائیں تو اُس کا سحر زائل ہو جائے گا۔

قادر نہ ہونا

اگر کسی آدمی کو عورت پر باندھ دیا گیا ہو۔ تو بھی مندرجہ بالا طریقے سے عمل کریں۔ اس آدمی سے اثر زائل ہو جائے گا۔

آسانی سفر کے لیے

جس وقت قمر شرف میں ہو۔ اور دیگر کواکب کے ساتھ اس کے نظرات سعد ہوں تو منسوبہ مثلث طبعی کو پوست آہو پر لکھ کر تار ابریشم سے مسافر کے پاؤں پر باندھیں۔ تو اس کا حامل سفر میں تھکن محسوس نہ کرے گا۔

جب قمر منزل سعود کے اول درجہ پر ہو اور قمر نحوسات سے پاک ہو، تو منسوبہ مثلث طبعی کو مرغ کی کھال کے ٹکڑے پر لکھیں۔ اور قاصد کی سیدھی ران پر باندھیں۔ تو وہ سفر کرنے میں درد مند نہ ہوگا، اگر ساتھ اسمائے اصحاب کہف بھی لکھیں۔ تو راستہ جلدی طے کرے گا۔

مندرجہ بالا عملیات سیاحوں اور ان لوگوں کے لیے بھی تیار کیے جا سکتے ہیں جو کھیلوں کی دوڑ کے مقابلے میں حصہ لینے والے ہوتے ہیں۔

غلبہ بر دشمن

جس وقت قمر برج سرطان میں ہو۔ نظرات اس کے سعد ہوں۔ تو منسوبی

مثلث کو خالص چاندی پر کندہ کیا جائے، تو حامل اس لوح کا دشمن کی ہر حرکت پر غالب رہے گا۔

منسوبی مثلث طبعی کو شرف قمر میں جب کہ ساعت شمس ہو۔ مشک و زعفران سے کاغذ یا پوست آہو پر لکھیں۔ اور تہ کر کے انگشتری کے نگینہ کے نیچے رکھے۔ یہ انگشتری چاندی کی ہو، اگر دشمن قصد دشمنی کرے۔ تو وہ صاحب انگشتری پر غالب نہ آسکے گا۔ خواہ وہ کتنے ہی جتن کرے۔ نیز یہ انگشتری جس کے ہاتھ میں ہوگی۔ تمام خلقت اس کی مطیع ہوگی۔

مکر و خوف کے لیے

اگر پیر کے دن ساعت قمر میں منسوبہ مثلث طبعی کو لکھے، تو حامل اس کا لوگوں کے مکر و خوف سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی حکام یا امراء یا دشمنوں سے ڈرتا ہو۔ تو اسے اپنے پاس رکھ کر ان کے درمیان جائے۔ تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے امان میں رکھے۔

حصول حاجت

جب نیرین کا اجتماع ہو، تو منسوبی مثلث طبعی کو لکھ کر جس حاجت پر توجہ کریں وہ پوری ہوگی۔

حصول جاہ

جب تثلیث یا تسدیس شمس و قمر میں ہو، تو منسوبی مثلث طبعی کو لکھ کر پاس رکھیں۔ جاہ و حشمت میں اضافہ ہو۔

نفاق کے لیے

جب تربیع یا مقابلہ قمر و مریخ میں ہو، تو دو شخصوں کے نام سے منسوبی مثلث

طبعی کو لکھیں۔ اور حسب طریقہ استعمال میں لائیں۔ تو ان دونوں کے درمیان جدائی
ونفاق پیدا ہو جائے گا۔

ساعت زحل یا مریخ میں جب کہ قمر ہبوط میں ہو۔ دو شخصوں کے نام مردہ
کافر کی ہڈی پر لکھ کر آگ کے قریب دفن کر دیں۔ جس وقت گرمی پہنچے گی تو ان دونوں
کے درمیان جدائی واقع ہو جائے گی۔

اگر قمر منزل زبانا یا سعد السعود یا رشا پر ہو تو جن دو شخصوں کے نام کی مثلث
تیار کر کے حسب طریقہ استعمال میں لائے تو ان کے درمیان تفرقہ پیدا ہوگا۔

قاعدہ وقانون

مندرجہ بالا تمام امورات دنیاوی میں کامیابی حاصل کرنے کے لیے نقش کا
طریقہ، وقت تحریر، شرط تحریر، بخور، عزیمت اور دیگر لوازمات کا پورا پورا لحاظ
رکھا جائے۔ مثلاً تسخیر اور حب کے لیے آبی مثلث طبعی کا انتخاب کریں گے۔ یہی اس
کی منسوبہ مثلث ہے۔ نقش کی تکمیل کی جملہ معلومات کا حاصل کرنا اور ان کو اختیار کرنا
اسے موثر بناتا ہے۔ اور وقت ضائع نہیں ہوتا۔

نحوست کے عملیات ساعت زحل میں کرنے چاہیں۔ یہ پتھر کے ٹکڑے،
اینٹ یا اور متعلقہ اشیاء پر لکھے جاتے ہیں۔ جدائی کے نقش مقابلہ قمر و مریخ میں تختہ دار
پر لکھتے ہیں۔ اس تختہ کی خاک جن دو شخصوں کے سروں پر ڈالی جاتی ہے خواہ وہ کتنے ہی
دوست کیوں نہ ہوں، دشمن ہو جائیں گے۔ غرض یہ ہے کہ نحس عملیات کے لیے نحس
ساعتوں سے کام لیں۔ مسافر اور گریختہ کے لیے نقش بھاری پتھر کے نیچے دبانا۔ وضع
حمل کے لیے نقش شکر کے ساتھ لکھنا چاہئے۔ اور کھلانا چاہئے۔ اسی طرح استعمال کے

طریقوں کو غور وخوض کے ساتھ اختیار کرنا چاہئے۔

زمانہ قدیم میں حکمائے روم اور یونان بھی ان نقوش کی تاثیروں کے قائل
تھے۔ ویدوں میں ان کی تاثیرات درج ہیں۔ قدیم مصری وضعی لوحوں پر بہت قادر
تھے۔ اس وقت بھی دنیا کی ہر قوم مثلث اور خاتم سلیمانی کے اثرات کی قائل ہے۔

مثلث وضعی پر کرنے کا طریقہ

مثلث پر کرنے کے تین طریقے ہیں۔ ان تینوں طریقوں کے دور ہیں۔
جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

طریقہ اول

اس میں تین دور ہیں۔

1۔ یہ عام طریقہ ہے۔ کہ کل اعداد میں سے 12 عدد تفریق کریں۔ باقی کر
تین پر تقسیم کریں۔ جو حاصل قسمت ہو۔ اس کو خانہ اول میں رکھ کر نقش پر کریں۔ اگر
تقسیم کرنے سے 1 باقی بچے تو خانہ نمبر 7 میں مزید ایک کا اضافہ کریں۔ اگر 2 باقی
بچے تو خانہ چہارم میں مزید ایک کا اضافہ کریں۔

2۔ کل اعداد میں سے عدد طبعی 15 تفریق کر کے باقی کو تین پر تقسیم کریں۔
جو حاصل قسمت ہو اس میں ایک عدد کا اضافہ کر کے اس کو خانہ اول میں رکھ کر پر کریں

3۔ کل اعداد کو تین پر تقسیم کریں۔ جو حاصل قسمت ہو اس میں سے چار عدد
تفریق کر کے باقی کو خانہ اول میں رکھ کر نقش پر کریں۔

طریقہ دوم

اس میں پانچ دور ہیں۔ یہ مختلف مقاصد کے لیے خاص طریق ہیں۔

1۔ اگر نقش محبت کے لیے پُر کرنا مقصود ہو تو کل اعداد میں سے چوبیس 24 عدد تفریق کر کے باقی کو تین پر تقسیم کریں۔ خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر دو، دو کے اضافے سے نقش پُر کریں۔

2۔ اگر بغض اور جدائی میں تماشائے حال اور نتائج کو فوراً دیکھنا منظور ہو، تو کل اعداد سے چھتیس 36 عدد تفریق کر کے باقی کو تین پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر تین، تین کے اضافے سے نقش پُر کریں۔

3۔ اگر زبان بندی کا عمل کرنا ہو، تو کل اعداد سے اڑتالیس 48 عدد تفریق کریں۔ باقی کو تین پر تقسیم کریں۔ اور حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر چار، چار کے اضافہ سے نقش پُر کریں۔

4۔ بزرگوں اور حکام کی خدمت میں جانا ہو، اور نقش زود اثر بنانا ہو، تو کل اعداد میں سے ساٹھ 60 عدد تفریق کر کے باقی کو تین پر تقسیم کریں۔ اور حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر چار، چار کے اضافے سے نقش پُر کریں۔

5۔ تسخیر بزرگان و بادشاہان، امراء وزرء وساہ و امید بر آنا و خلاصی محبوس و حاملہ کے لیے نقش مثلث تیار کرنا مقصود ہو، تو کل اعداد میں سے بہتر 72 عدد تفریق کر کے باقی کو تین پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر چھ، چھ کے اضافہ نقش کو پُر کریں۔

طریقہ سوم

دور کے لحاظ سے مثلث کے تین طریقے ہیں۔ وضعی مثلث پُر کرنے کے لیے دوروں کی چالیں بہت مؤثر رہتی ہیں۔

دور اول

کل اعداد میں سے بارہ عدد تفریق کر کے باقی کو تین پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر طریقہ اول کی طرح نقش پُر کریں اور باقی کا لحاظ رکھیں۔ مثلث میں جب کسر آجائے۔ تو نقش میں نقص آجاتا ہے۔ اس لیے اسی دور سے اگر نقش پُر کرنا ہو، اور یہ بھی منظور ہو کہ نقش درست آئے تو اس رفتار سے کام لیں۔ رفتار یہ ہے۔

دور دوم

کل اعداد میں سے سات عدد تفریق کریں۔ جو باقی بچے اسے دو پر تقسیم کریں۔ اور حاصل قسمت کو خانہ چہارم میں رکھ کر نقش کو پر کریں۔ پہلے تین خانوں میں 3،2،1 کے عدد ہی آئیں گے۔ نقش چوتھے خانہ سے حاصلہ اعداد کا شروع ہوگا۔

دور سوم

کل اعداد سے آٹھ عدد تفریق کریں۔ جو باقی بچے اسے خانہ ہفتم میں رکھ کر نقش پر کریں۔ یہ نقش بلا کسر کہلاتا ہے۔ پہلے چھ خانوں میں ایک سے چھ تک احاد لکھیں۔

مثال

مثلاً اگر کسی عدد یا آیت یا اسم کا بلا کسر نقش مثلث پر کرنا چاہیں، تو دور سوم کے مطابق پر کریں۔ مثلاً اسم محمدﷺ کے اعداد 92 کو پر کرنا مقصود ہے۔ عام طریقے سے تو کسر دو آئے گی۔ مگر دور سوم میں کسر کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ 92 سے 8 تفریق کیے۔ باقی 84 رہے۔ اب نقش کو 1 سے 6 تک اعداد احاد سے پر کیا۔ پھر ساتویں خانہ میں 84 لکھا۔ آٹھویں میں 85 اور ناویں میں 86 لکھا۔ تو نقش پر ہو گیا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۵	۱	۶
۳	۵	۸۴
۴	۸۶	۲

نوٹ: نقش خواہ کسی بھی طریق اور دور سے پر کریں۔ تین پر تقسیم کرنے سے باقی ایک ہو تو خانہ ہفتم میں مزید ایک کا اضافہ کریں۔ باقی دو ہو تو خانہ چہارم میں مزید ایک عدد کا اضافہ ہوگا۔ یہ قانون بہر حال ہر جگہ ایک ہی رہے گا۔

☆☆☆☆☆

مثلث کی اقسام

مثلث کی سات اقسام ہیں۔

مثلث طبعی

جس کی چال اور خواص ہم بیان کر چکے ہیں۔ اسے بلحاظ عناصر چالوں سے پر کیا جاسکتا ہے۔

مثلث خالی البطن

اس کا مرکز خالی ہوتا ہے۔ اس میں مقصد لکھا جاتا ہے۔ اکثر اوقات اس مثلث سے اس وقت بھی کام لیتے ہیں۔ جب کہ مثلث میں کسر آئے، تو کسر والے نقش سے بچنے کے لیے اسے کام میں لاتے ہیں۔

مثلث مقاصد

یعنی اعدادِ طالب معہ والدہ اور اعداد مطلب یا مطلوب معہ والدہ اور اعداد اسم یا سورت سے مثلث وضع کرنا۔ جس کا وفق اسم یا آیت مقصود کے برابر ہو۔

مثلث دوپایہ

اس کا آخری وسطی خانہ خالی رہتا ہے۔

مثلث ذوالکتابت

اس میں اسمائے الٰہی یا اور اسماء قائم رہتے ہیں۔

مثلث ہندی ومصری

مخروطی شکل پر ہوتی ہے۔

ان تمام کا بیان۔ قواعدِ استخراج اور خواص الگ الگ ہم درج کر رہے ہیں

تا کہ قارئین اور شائقین روحانی علوم اور عاملین وکاملین کو آسانی رہے۔

اعمال مثلث وضعی

وہ نقوش جو مخصوص مقاصد کے لیے مخصوص افراد کے لیے وضع کیے جاتے ہیں۔ وضعی کہلاتے ہیں۔ ان میں نام طالب مطلوب اور موافق اسم باری تعالیٰ یا موافق مقصد کوئی آیت یا سورہ کے اعداد لے کر مثلث میں مخصوص چال سے پر کرتے ہیں۔ ساعات اور نظرات کا لحاظ رکھ کر نقش تیار کرتے ہیں۔ اور بہ مطابق عنصر استعمال کرنے کی ہدایت کرتے ہیں۔ ان نقوش میں جو آپ وضعی طور پر تیار کریں۔ تو پیچھے عزیمت ضرور لکھیں۔ جس میں اسمائے موکلات وقت کا یا موکلات مثلث کا واسطہ دیا گیا ہو۔ اور مقصد بیان کیا گیا ہو۔ پھر عزیمت کو بمطابق اعداد نقش سائل کو پڑھنے کے لیے بتاتے ہیں۔ تا کہ اثر فوری ہو اور نتیجہ خاطر خواہ نکلے اور سائل بددل اور ناکام نہ رہے۔

مثال: ایسے نقوش میں طالب ومطلوب اور حاجت کے اعداد کو لیتے ہیں۔ مثلاً طالب محمد، مطلوب محمود اور حاجت محبت کہ منسوب ہے۔ اس کے لیے اسم الٰہی میں ودود کا انتخاب کیا۔ کل اعداد محمد، محمود، ودود، کے۔ اعداد 210 ہوئے۔ عام طریق سے 12 تفریق کیے تو 198 باقی رہے۔ اسے تین پر تقسیم کیا، تو 66 حاصل قسمت آیا۔ اسے خانہ چہارم میں رکھ کر نقش پر کیا۔ خانہ چہارم اس لیے اختیار کیا گیا کہ محبت کی چال یہاں سے منسوب ہے۔ جب نقش تیار ہوا، تو بادی نقش ہونے کی وجہ سے کہا گیا کہ ایک نقش طالب اپنے گلے میں ڈالے۔ اور ایک کسی میٹھے پھل دار درخت پر لٹکا دے تا کہ ہوا سے ہلتا رہے۔ نقش ہلنے سے مطلوب کا دل بے قرار ہوگا۔ وضعی نقش

مثلث یہ تیار ہوا۔

۷۸۶

۶۷	۷۲	۷۱
۷۴	۷۰	۶۶
۶۹	۶۸	۷۳

میزان: ۲۱۰

اعمالِ شر کے لیے مثلث

عشق سے دل سرد کرنا

اگر سورہ والعصر کے عدد نکال کر ان میں اس شخص کے نام معہ والدہ کے اعداد کا اضافہ کریں جس کا دل سرد کرنا مقصود ہو۔ اور اُن اعداد کو مثلث میں پر کریں۔ اور کورے کوزہ میں ڈال کر اس شخص کو پلائیں۔ تو اس کا دل سرد ہو جائے گا۔ سورہ والعصر کے اعداد (۴۷۳۷) ہیں۔

عداوت کے لیے

اگر آیتِ تفریق یعنی "وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ" (سورہ المائدہ:64) کے اعداد (۳۳۳۶) لے کر، اس میں طرفین کے نام معہ والدہ ملا کر دو مثلث پر کریں۔ اور کپڑے میں لپیٹ کر دونوں کے گھروں میں یا راستے میں ایک ایک نقش دفن کر دیں تو عداوت ہو جائے گی۔

اخراج دشمن کے لیے

جب یہ ارادہ ہو کہ دشمن کو اس کے مکان یا محلہ یا قصبہ سے نکال کر آوارہ کر دیں۔ تو سورہ فیل کے اعداد (۵۸۶۶) میں اس شخص کے نام کے اعداد معہ والدہ ملا کر حاصل جمع کو مثلث میں پر کریں اور اس شخص کے مکان یا رہ گذر میں دفن کریں۔ تو مطلب حاصل ہوگا۔

کسی کو مرتبہ سے گرانے کے لیے

اگر چاہیں کہ کسی کو مرتبہ سے گرا دیں۔ تو سورہ انفال کی آیت "وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ رَمٰی۔" (سورہ انفال:17) کے اعداد (۳۴۷۰) میں مطلوب

معہ والدہ کے اعداد جمع کر کے مثلث میں پر کریں اور قبرستان میں دفن کر دیں۔ تو مطلب حاصل ہوگا۔

ظالم دشمن کو بیمار کرنا

جب کسی ظالم دشمن کو بیمار کرنا مقصود ہو، تو عدد (۳۴۹۲) آیت "فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ۔" (سورہ البقرہ:10) میں اس نام ظالم معہ والدہ کے اعداد ملا کر مثلث میں لکھیں۔ اور اسی آیت کو ظالم کے نام کے مطابق پڑھ کر نقش پر دم کر کے ظالم دشمن کی راہ گزر یا قبرستان میں دفن کر دیں۔ بے شک ظالم دشمن بیمار ہو جائے گا۔

عشق سے دِل سرد کرنا

مطلوب معہ والدہ کے نام کے اعداد آیت (۲۷۳۲) "قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ۔ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنَاهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ۔" (سورہ الانبیاء:69 تا 70) کے اعداد کو ملا کر مثلث پر کریں اور سرد پانی کے کنارے دفن کریں۔ ایسے کام کے لیے سورہ لہب بھی یہی خاصیت رکھتی ہے اور دل کو تسکین دیتی ہے۔ اور سورہ لہب کے اعداد (۵۸۳۶) ہیں۔

عقد اللسان کے لیے

اعداد آیت (۷۳۴) "صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ۔" (سورہ البقرہ) اور اعداد مطلوب معہ والدہ کے ملا کر خاکی مثلث معکوس میں پر کریں۔ اور پھر اسے نمناک جگہ کسی سنگ گراں کے نیچے دبائیں۔ انشاءاللہ مقصد پورا ہوگا۔

عقد شہوت کے لیے

عدد اسم (مذل) و محبت و شہوت اور نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد لے کر مندرجہ ذیل مثلث ہندی پر کریں۔ اور نمناک جگہ سنگ گراں کے نیچے دبائیں۔ مقصد پورا ہوگا۔ مثلث ہندی درج ذیل ہے۔

بغض عداوت اور تفریق کے لیے

حروف اسم طالب معہ والدہ اور تعداد حروف کواکب نحسین یعنی زحل اور مریخ معہ تعداد حروف صوامت اور حروف اسم مطلوب معہ والدہ وضع کر کے گن کر دیکھیں۔ اگر زوج ہوں چار چار اور اگر فرد ہوں تو پانچ پانچ کی ترکیب دے کر اسماء بنا کر عزیمت لکھیں۔ اور تمام حروف قطع قطع کر کے ایک دفعہ لوح کے چاروں طرف لکھیں۔ پھر تمام حروف ملاحظہ کریں کہ کون سا حروف غالب ہے۔ اس عنصر کے لحاظ سے اس لوح کو استعمال کریں۔ یاد رہے کہ اس سطر کے جملہ اعداد کے مطابق لوح مثلث خاکی معکوس بنا کر ارد گرد حروف لکھیں۔

آوارگی دشمن کے لیے

اس امر کے لیے چند اسماء ہیں۔ جن کے اعداد (۵۰۴۱) ہیں۔ ان اعداد میں نام دشمن معہ والدہ ملا کر مثلث خالی البطن میں پر کریں اور مرکز میں کل اعداد لکھیں۔ اور پھر اس نقش کو دشمن کی گزرگاہ یا اُس کے گھر یا چوراہے میں دفن کر دیں۔

اخراج اور استیصال دشمن کے لیے

اس امر کے لیے مقصود آیت "لاتذر علی الارض من الکافرین دیاراً" کے اعداد نکال کر اس میں نام دشمن معہ والدہ کے اعداد جمع کریں، اور (۵۰۴۱) عدد ملا کر کل مجموعہ کو مثلث خاکی معکوس میں پر کریں۔ اور آیت مذکورہ کو حروف مقطعہ میں لوح کے اردگرد لکھیں۔ اور پھر اسے دشمن کے گھر راستہ یا قبرستان میں دفن کر دیں مقصد پورا ہوگا۔

عداوت کے لیے

مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق عمل کریں۔ اور آیت تفریق یعنی "وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ" (سورہ المائدہ:64) کے اعداد (۳۳۳۶) لے کر، اس میں طرفین کے نام معہ والدہ ملا کر دو مثلث پر کریں۔ اور کپڑے میں لپٹ کر دونوں کے گھروں میں یا راستے میں ایک ایک نقش دفن کر دیں تو عداوت ہو جائے گی۔

انہزام کے لیے

عدد آیت "سَیُهْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ" کے اعداد (۶۱۱) مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق دشمن کے نام معہ والدہ کے اعداد میں ملا کر مثلث خاکی معکوس میں

پر کریں۔ اور آیت مذکورہ کو حروف مقطعہ میں لوح کے اردگرد لکھیں۔ ایک نقش لکھ دشمن کی خواب گاہ یا مکان میں دفن کریں۔ اور ایک نقش اسی طرح کا لکھ کر سرکہ میں حل کر کے مطلوب کی جائے سکونت پر چھڑک دیں۔ مقصد پورا ہوگا۔

ھدایات اعمال خیر و شر

ہر عمل خواہ شر کا ہو یا خیر کا۔ ملاحظہ ساعات ونظرات کواکب وطلوع بروج وبخورات اور عزیمت اختیار کرنے چاہئے تا کہ عمل پورا اور کامیاب ہو۔ جس وقت کہ عمل نحس ہو، تو مقصد کے مطابق مناسب آیت تلاش کریں۔ نقش کے اندر اس کے اعداد پر کریں۔ اور نقش کے اردگرد حروف مقطعات میں معہ نام مطلوب اور حروف مطلوب کے لکھیں۔ اور اگر حروف زوج ہوں تو چار چار کے کلمات بنا کر اور اگر فرد ہوں تو پانچ پانچ حروف کے کلمات بنا کر عزیمت بنائیں اور عنصر کے مطابق استعمال کریں۔ جلالی اعمال کے لیے اپنی احتیاط سب سے پہلے کرنی چاہئے۔

برائے ھلاکت دشمنان

ہفتہ کے روز قبرستان میں بیٹھ کر سات نقش مثلث اس طرح تیار کریں۔ کہ نام دشمن معہ والدہ اور اسم قابض کے اعداد نکال کر نقش میں پر کریں۔ اور پھر (۹۰۳) مرتبہ اس قابض پڑھیں۔ اس طرح اسم قاہر سے بھی مدد لی جا سکتی ہے۔ ساعت مریخ میں سیاہ روشنائی سے کسی پرانے کپڑے پر نقش لکھیں۔ اور اسم کا ورد کرنے کے بعد قینچی سے پانچ نقوش کے ٹکڑے کاٹیں۔ تصور یہ رکھیں کہ دشمن ٹکڑے ٹکڑے ہو رہا ہے۔ عمل کرنے سے پہلے اپنے اردگرد حصار ضرور کر لیں۔ اسم قاہر کا نقش تیار کریں تو اسے ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔

باقی دو نقوش رہ جائیں گے اب میدہ یا آٹے کے دو پتلے تیار کریں۔ ان کے پیٹ کے اندر ایک ایک نقش رکھ کر بند کر دیں۔ ایک پتلے کو کسی قبر میں دفن کر کے وہاں سے تھوڑی مٹی یہ کہہ کر اُٹھائیں۔ اور کہیں!

''اے صاحب قبر فلاں فرد کا مردہ میں نے یہاں دفن کر دیا ہے۔ جس وقت یہ ہلاک ہوگیا۔ تو میرے تیرے نام کا ختم کراؤں گا۔ اور پھول چڑھاؤں گا۔''

اب یہ مٹی اور دوسرا پتلا کسی پرانے کپڑے میں باندھ کر دشمن کی گزرگاہ یا اس کے گھر میں دفن کر دیں۔ دشمن چند ہی دنوں میں ہلاکت کو پہنچے گا۔ ناجائز کسی کو تکلیف نہ دیں۔ کیونکہ یہ گناہ عظیم ہے اور قتل ہوگا۔ اور اس عمل کا کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔

ہر دو نقش یہ ہیں۔

۲۹۸	یا قابض ۳۰۵	۳۰۰
۳۰۳	۳۰۱	۲۹۹
۳۰۲	۲۹۷ فلاں بن فلاں ہلاک ہو	۳۰۴

۹۹	یا قاہر ۱۰۶	۱۰۱
۱۰۴	۱۰۲	۱۰۰
۱۰۳	۹۸ فلاں بن فلاں ہلاک ہو	۱۰۵

عداوت کا خاص الخاص عمل

یامھکائیلُ بِحَقِّ الحق یاحافظُ (عدد ۱۹۶۷) درمیان فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں جلد عداوت و تفرقہ پیدا کرو، العجل الوحا الساعۃ۔

اس تمام عبارت کے اعداد حاصل کریں۔ اگر چاہیں تو ''وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ'' (سورۃ المائدہ:64) کے اعداد (۳۳۳۶) لے

کر شامل کرلیں۔ اور مطلب کے بعد اسے عزیمت میں شامل کرلیں۔

نحس ساعت میں نو نقش مثلث بالکسر تحریر کریں۔ ان میں سے ایک کوری ٹھیکری پر تیل سے تحریر کریں۔ اور آگ کے نیچے دفن کریں۔ دوسرا نقش گزرگاہ مطلوب میں دفن کریں۔ باقی سات نقوش کے فتیلے بنا کر سات راتوں تک جلائیں۔ عزیمت کو بمطابق اعداد عزیمت چراغ کے سامنے بیٹھ کر روزانہ پڑھیں۔ چراغ میں روغن تلخ ڈالیں۔ اور نقوش لکھتے وقت نیم کا پتہ اور مرچ سیاہ منہ میں رکھیں۔ فوراً مقصد پورا ہوگا۔

مقہوری دشمن کے لیے

اگر کسی دشمن کو مقہور کرنا مقصود ہو اور کسی ظالم دشمن کو ظلم کی سزا دینا ہو۔ تو مندرجہ ذیل عبارت ''یا مھکائیلُ بحقِ الحق حق یاحافظُ فلاں بن فلاں کو جلد مقہور کرو، العجل الساعۃ الوحا'' کے اعداد نکال کر مثلث بالکسر میں لکھیں۔ اور مندرجہ بالا طریقہ کی طرح عمل کریں۔

جدائی اور نفرت کے لیے

مفارقت اور جدائی کے لیے جن دو افراد میں خلاف شرع تعلقات ہوں اُن میں جدائی اور نفرت کے لیے مندرجہ ذیل عمل کیا جاسکتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ قمر در عقرب یا کسی اور نحس وقت کا انتخاب کریں۔ اور مندرجہ نقش کسی سفید کاغذ پر سیاہ روشنائی میں سرکہ ملا کر تحریر کریں۔ اور نقش تحریر کرتے وقت منہ میں کوئی تلخ اور کڑوی چیز رکھیں۔ اور نقش کے نیچے اُن دو افراد کے نام معہ والدہ کے بھی تحریر کریں۔ اور نقش کے اوپر (یاعزرائیل) تحریر کریں۔ اور پھر اس کا تعویذ بنا کر کسی ویرانی میں دفن کر دیں۔ انشاء اُن دو افراد میں

ناجائز تعلقات ختم ہو جائیں گے اور اُن میں جدائی پیدا ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

یا عزرائیل

۹۸۴	۹۷۶	۹۸۲
۹۷۸	۹۸۱	۹۸۳
۹۸۰	۹۸۵	۹۷۷

اَللّٰھُمَّ فرق بین فلاں بن فلاں وفلاں بنت فلاں بحُرمتِ عزرائیلُ

مثلث وضعی برائے فتوحات اور دست غیب

دست غیب کے لیے باسط کا اسم مشہور ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ اسم باسط بہتر (۷۲) مرتبہ لکھ کر اور اپنے سامنے رکھ کر ۷۲ مرتبہ اسم باسط اور پھر ۷۲ مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔ "یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابْ" اور نقوش پر دَم کریں۔ بعد ازاں ہر نقش کاٹ کر الگ کرے آٹے میں گولیاں بنا کر آب رواں میں ڈالیں۔ اور بہتر ۷۲ نقش لکھنے اور اسم پڑھنے کے بعد یا حی کے اٹھارہ ۱۸ نقش لکھنے ہیں۔ اور اٹھارہ مرتبہ ہی (یا حی) پڑھنا ہے۔ اور ان کو بھی الگ الگ کاٹ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں۔ لیکن پہلے ۷۲ کے نقش ڈالیں۔ پھر ۱۸ کے نقش ڈالیں۔ اس طرح چالیس یوم تک کریں۔ چالیس یوم کے بعد ایک نقش ۷۲ کا اور ایک نقش ۱۸ کا ہر روز لکھتے رہیں اور فرصت کے وقت الگ الگ کر کے گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں۔ یہ خیال رہے کہ لکھتے وقت اور دریا میں ڈالتے وقت جانے اور گھر واپس آنے تک کسی سے بات نہ کریں۔ اگر کوئی شے عجوبہ دریا میں نظر آئے، تو گھر پر

آن کر کسی سے ذکر نہ کریں۔ بلکہ کھر یا فیرنی بنا کر فاتحہ دلائیں۔ اور کم از کم چار بچوں کو خود پاس بیٹھا کر شکم سیر کھلائیں۔ اس دوران میں اگر کوئی شخص آ کر چیز طلب کرے، تو مت دیں۔ خاموش رہیں۔ یہ عمل بھی حصار میں کرنا ہے یا ہمت آدمی کو ہی یہ عمل کرنا چاہیے۔ خطرہ سے خالی نہیں ہوتا۔ عمل کے خاتمہ کے بعد روزینہ شروع ہو جاتا ہے مگر تعداد مقرر نہیں۔ نقوش باسط اور یا حی کے مندرجہ ذیل ہیں۔

یا باسط

۲۷	۳۰	۲۵
۲۲	۲۴	۲۶
۲۳	۲۸	۲۱

یا حی

۹	۲	۷
۴	۶	۸
۵	۱۰	۳

مثلث مقاصد

اعداد طالب معہ والدہ یا اعداد مطلب یا مطلوب معہ اور اعداد اسم یا آیت یا سورہ کے نکال کر کل اعداد کو مخصوص طریقہ سے مثلث میں اس طرح پر کریں کہ مثلث کی میزان تو ہو کسی اسم الٰہی یا آیت مقصد کے مطابق، مگر نقش کے اندر اسم و مقاصد قائم ہو جائے، تو اسے مثلث مقاصد کہتے ہیں۔ مثلاً ہم چاہتے ہیں کہ آیت حب "وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ" (سورہ طٰہٰ:39) کا نقش پر کریں۔ ظاہر ہے کہ نقش کی تعداد آیت کے اعداد کے مطابق ہوگی۔ لیکن اگر ہم نقش کے اندر آنے والے اعداد کو مخصوص طریقے سے پر کریں۔ کہ کسر نہ آئے یا وہ اعداد ایسے طریقے سے لائیں۔ کہ خانوں میں اعداد اسم و مقصد کے قائم ہو جائیں۔ اور تعداد

بھی آیت کے مطابق نقش کی ہو۔ تب یہ نقش درست شمار کیا جائے گا۔

مثلث مقاصد برائے تسخیر

مثال: طالب لطیف اور مطلوب کریم ہے۔ چونکہ تسخیر کا عمل کرنا ہے۔ اس لیے کوئی آیت حب لیں گے۔

اعداد طالب: لطیف کے اعداد: ۱۲۹: ثلث ۴۳

اعداد مطلوب: کریم کے اعداد: ۲۷۰: ثلث: ۹

آیت حب کے اعداد وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي وَلِتُصْنَعَ عَلَىٰ عَيْنِي: ۲۱۲۳

طریقہ یہ ہے کہ اعداد طالب کو تین پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو خانہ نمبر ۱، ۲، ۳ میں پر کریں۔ اور اعداد مطلب یا مطلوب معہ والدہ کو تین پر تقسیم کریں اور خارج قسمت کو خانہ نمبر ۴، ۵، ۶ میں پر کریں۔ پھر مجموعہ خانہ دوم اور ششم کو اعداد آیت سے کم کریں۔ اور جو باقی آئے اسے خانہ نمبر ۷، ۸، ۹ میں پر کریں۔ اس نقش میں نام طالب و مطلوب قائم رہتے ہیں۔ اور نقش مخصوص اسم یا آیت کا وفق ظاہر کرتا ہے۔

مندرجہ بالا نقش کی مثال مکمل کرتے ہوئے: ۹۱+۴۵=۱۳۶ کو اعداد ۲۱۲۳ سے تفریق کیا تو ۱۹۸۷ رہے۔ یہ خانہ ہفتم کے اعداد ہیں۔ خانہ میں: ۱۹۸۸۔ خانہ ۹ میں ۱۹۸۹ آئیں گے۔ اور نقش یہ ہے۔

۱۹۸۸	۴۳	۹۲
۴۵	۹۱	۱۹۸۷
۹۰	۱۹۸۹	۴۴

حصول زر کے لیے مثلث مقاصد

اسی طرح ہر مطلب اور ہر مقصد کے ماتحت نقش مقاصد پر کیا جاسکتا ہے۔

ایک اور مثال ہم درج کرتے ہیں۔

اگر طالب لطیف اور مطلوب زر ہو۔ اور اسم الٰہی منعم سے مدد لینا ہو، تو نقش مقاصد یا منعم کی میزان کا ہوگا۔ لیکن طالب و مطلوب بھی اس میں قائم رہیں گے۔

اعداد طالب: ۱۲۹ کا ثلث: ۴۳ ہے۔

اعداد مطلوب زر: ۲۰۷ کا ثلث ۶۹ ہے۔

اسم الٰہی منعم کے اعداد: ۲۰۰ ہیں۔

خانہ ہفتم کے اعداد معلوم کرنے کے لیے: ۷۱+۴۴=۱۱۵ کو ۲۰۰ سے تفریق کیا تو باقی ۸۵ آئے۔ نقش موافق نظرات میں لکھیں۔ ایک نقش لکھ کر پاس رکھیں۔ اور روزانہ اسم یا آیت اس کے اعداد کے مطابق پڑھا کریں۔ مثلاً حصول زر کے لیے یامنعم دو سو مرتبہ روزانہ ورد کریں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یامنعم

۸۶	۴۳	۷۱
۴۵	۷۰	۸۵
۶۹	۸۷	۴۴

وفق: ۲۰۰

طلب زر کے لیے مثلث مقاصد

اگر آپ یہ چاہیں کہ طالب و مطلوب کا نام یا ان کے اعداد بعینہ نقش کے اندر قائم ہو جائیں۔ تو یہ بھی اسی طریقے سے ممکن ہے۔ اس نقش سے صاف ظاہر ہے کہ یہ نقش کس کے لیے ہے۔ اور کس مقصد کے لیے ہے۔ اور کل نقش کس اسم یا آیت کا ہے۔ صرف یہی ایک نقش ہے۔ جو خود یہ ثابت کرنا ممکن نہیں ہوتا۔ یہ کس شخص کا ہے اور کس لیے تحریر کیا گیا ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے۔

عددِ طالب: احمد = ۵۳ عددِ مطلوب: زر = ۲۰۷ عددِ اسمِ الٰہی: غنی = ۱۰۶۰

طریقہ یوں ہے کہ خانہ ۱، ۲، ۳ میں مطلوب زر کے اعداد ۲۰۷۔ ۲۰۸۔ ۲۰۹ کو پر کیا۔ خانہ نمبر ۴، ۵، ۶ میں طالب کے اعداد اس طرح آئیں گے کہ ۵۳ کا عدد خانہ نمبر ۶ میں آجائے۔ لہٰذا اعداد ۵۱، ۵۲، ۵۳ کو چال سے ان خانوں میں پر کیا۔ اَب لوح کے سرے کے دو خانوں کے اعداد: ۵۳+۲۰۷ کا مجموعہ: ۲۶۰ لے کر ۱۰۶۰ سے تفریق کیا اور اسے سر لوح کے تیسرے خانے میں رکھا جو چال کے لحاظ سے آٹھواں خانہ ہے۔ اس میں ۸۰۰ عدد آئے۔ ظاہر ہے کہ ساتویں میں ۷۹۹ آئیں گے اور نانویں میں ۸۰۱ آئیں گے۔ اَب ۷، ۸، ۹ خانہ بھی پر ہو گیا۔ میزان ہر طرف سے ۱۰۶۰ آئے گی۔ اس نقش کے شروع کے خانوں میں چاہے آپ حروف میں نام لکھیں چاہے ان کے اعداد لکھیں۔ اثرات میں فرق نہ پڑے گا۔ یہ طریقہ بے حد مؤثر ہے۔ اپنے اندر خصوصیت رکھتا ہے اس کا وصف اسی سے ظاہر ہوتا ہے۔ مثالی نقش رفتار آتشی سے یہ ہے۔

یاغنی

احمد	زر	۸۰۰
۷۹۹	۵۲	۲۰۹
۲۰۸	۸۰۱	۵۱

مثلث دوپایہ

مثلث دوپایہ پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جو عدد حاصل ہوں اُن کا ثلث خانہ پنجم میں لکھیں۔ پھر پنجم کا دوگنا کر کے خانہ دوم میں لکھیں۔ خانہ اول میں ۹ لکھیں۔ اور اس کا دُگنا خانہ ۶ میں لکھیں۔ خانہ پنجم سے خانہ اول کم کر کے خانہ سوم میں لکھیں۔ اور خانہ سوم کا دوگنا خانہ چہارم میں لکھیں۔ خانہ اول اور خانہ پنجم کے مجموعہ کو خانہ نمبر سات میں لکھیں۔ اور اول و چہارم کے مجموعہ کو آٹھویں خانہ میں لکھیں۔ مثلث دوپایہ پر ہو جائے گی۔

مثلث دوپایہ اخراج دشمن کے لیے

آیت اول کے اعداد نکال کر مثلث دوپایہ میں پر کریں اور آیت ثانی کو حروف مقطعہ میں معہ نام دشمن کے مثلث کے ارد گرد لکھیں۔ اور دشمن کے گھر یا چوکھٹ میں دفن کر دیں۔ دشمن گھر سے بے گھر حیران و پریشان اور آوارہ ہوگا۔ نحس اوقات میں عمل کریں۔ آیت اول "یَوْمَ یَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِیْہِ۔ وَاُمِّہٖ وَاَبِیْہِ۔ وَصَاحِبَتِہٖ وَبَنِیْہِ۔ لِکُلِّ امْرِئٍ مِّنْہُمْ یَوْمَئِذٍ شَاْنٌ یُّغْنِیْہِ۔" (سورہ عبس 34: 37)

اس آیت کے اعداد: ۴۶۳۵ ہیں اور ان کا ثلث: ۱۵۴۵ ہے۔ آیت ثانی "فخرج

مِنۡہُ خَالِقًا یَرۡزُقُ وَھِیَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ "فلاں بن فلاں خرج من

ھذالمکان فی ھذا الزمان۔

مندرجہ بالا قاعدہ کے مطابق مثلث دو پایہ یہ ہوئی۔

۹	۳۰۹۰	۱۵۳۶
۳۰۷۲	۱۵۴۵	۱۸
۱۵۵۴		۳۰۸۱

باسط کی مثلث دو پایہ

اَب مثلث دو پایہ کو دوسرے طریقہ سے پر کرنے کے لیے اسم باسط کی مثال دی جاتی ہے۔ عدد مطلوب کو ۱۲ پر تقسیم کریں۔ باسط کے عدد ۷۲ ہیں۔ ۱۲ پر تقسیم کیا تو ۶ خارج قسمت آیا۔ اس کو خانہ اول میں رکھا۔ اس کا دگنا خانہ ۶ میں لکھا۔ اور اول اور خانہ ۶ کے مجموعہ کو خانہ ۳ میں رکھا۔ پھر اول اور تیسرے کے مجموعہ کو خانہ ۵ میں رکھا۔ اول و پنجم کے مجموعہ کو خانہ ۷ میں رکھا۔ اسی طرح اول و ہفتم کے مجموعہ کو خانہ چہارم میں رکھا اور اول و چہارم کے مجموعہ کو خانہ نمبر آٹھ میں رکھا تو نقش پر ہو گیا۔

۶	۴۸	۱۸
۳۶	۲۴	۱۲
۳۰	یاباسط	۴۲

نوٹ: جن اعداد کا ثلث نکل سکے وہ پہلے طریقہ سے مثلث پر کریں۔ جن کا ثلث نہ نکل سکے وہ دوسرے طریقہ سے مثلث پر کریں۔ ۶ پر تقسیم کرنے سے جو باقی

بچے۔ اسے شمار سے چوتھے خانہ میں ڈال دیں۔

باسط کی مثلث دو پایہ برائے روزی رزق

سیب کے قلم سے زعفران سے ۷۲ نقش روزانہ ۷۲ دن تک لکھیں۔ اور ہر روز نقش سامنے رکھ کر ۷۲ مرتبہ "یَابَاسِطُ الَّذِیۡ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ بِغَیۡرِ حِسَابٍ" پڑھیں۔ پھر ایک آخری نقش خود کھا لیا کریں۔ آخری دن ایک نقش کم لکھیں۔ اور ہر روز الگ الگ کاٹ کر آٹے میں گولیاں بنا کر آب رواں میں ڈال دیا کریں۔ آخری دن جب دریا میں نقش بہائیں گے تو ایک نقش خود واپس آ جائے گا۔ اس کو اُٹھا کر رکھ لیں۔ اور بازو پر باندھ لیں۔ اَب اس نقش کے آپ عامل ہو جائیں گے۔ بعد ازاں ہر روز تین نقش لکھتے رہیں اور فرصت کے وقت کاٹ کر گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیا کریں۔ یہ خیال رہے کہ لکھتے وقت اور ڈالنے سے گھر واپس آنے تک کسی سے بات نہ کریں۔ نیز اگر کوئی شے دریا میں نظر آئے تو گھر آ کر فیرنی بنا کر فاتحہ دیں۔ اور کم از کم چار بچوں کو شکم سیر خود بیٹھا کر کھلائیں۔ اگر کوئی شخص آ کر کوئی چیز طلب کرے تو نہ دیں۔ اور خاموش رہیں۔ یہ عمل باہمت فرد کو ہی کرنا چاہیے۔ خطرہ سے خالی نہیں ہے۔ چونکہ یہ عمل باموکل ہے۔ نقش کے نیچے پہلے موکل کا نام اور پھر آیت تحریر کریں۔ جس فرد کے پاس یہ نقش ہو گا۔ وہ کبھی محتاج نہ ہو گا۔ اور اس نقش کے عامل کو رزق ایسی جگہ سے ملے گا کہ خود حیران رہے گا۔ اگر شرائط خلوت اس عمل کو کیا جائے تو روزینہ مقرر ہو جاتا ہے۔ یا موکل حاضر ہو جاتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

یا جبرائیل

	۶	۴۸	۱۸	
یا وردائیل	۳۶	۲۴	۱۲	یا میکائیل
	۳۰	یا لوما لیل۔ "یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ"	۴۲	

دست غیب کے لیے مثلث دوپایہ

ایک سفید کاغذ لے کر اس پر "اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ وَیَا اِسْرَافِیْلُ وَیَا ھَمْنُوَاکِیْلُ وَیَا اِسْمَاعِیْلُ وَیَا طَسْخَائِیْلُ بِحَقِّ بَاسِطُ" سات مرتبہ پڑھیں۔ اور اس کاغذ پر آیت کریمہ "اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآیَةً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ۔" (سورہ المائدہ: 114) آٹھ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ جس پر (یَا بَاسِطُ) کا نقش لکھنا ہے۔ پھر آٹھ نقش تیار کریں۔ اسی طرح نو دن کا عمل ہے۔ جب نو دن ختم ہوں گے۔ تو ۷۲ نقش جمع ہو جائیں گے۔ ان کو کسی شیشی میں بند کر کے آبِ رواں میں غرق کر دیں۔ اور ہر روز ایک ایک نقش لکھ کر سر میں رکھ لیں۔ اگلے دن جو تازہ نقش لکھیں۔ وہ سر پر باندھیں اور پہلا محفوظ کر لیں۔ ان نقوش کو کسی فرصت کے وقت آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دیں۔ اس عمل سے انشاء اللہ وظیفہ شروع ہو جائے گا۔ کتنی رقم ملا کرے گی۔ اس کے متعلق کوئی اندازہ نہیں۔ کیونکہ ہر شخص کو مختلف وظیفہ ملتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

یا جبرائیل

	۶	۴۸	۱۸	
یا وردائیل	۳۶	۲۴	۱۲	یا میکائیل
	۳۰	یا لوما لیل۔ "یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ"	۴۲	

دستِ غیب کے لیے مثلث دوپایہ کا ایک اور عمل

اول ترک حیوانات جلالی و جمالی کریں۔ بعد ازاں تین روزے رکھیں۔ اس کے بعد عروج ماہ میں اتوار کے روز سے شروع کریں۔ تہجد کی نماز کے بعد باوضو بیٹھ کر ایک سو ایک مرتبہ کوئی بھی درود پاک پڑھ کر پانچ ہزار دو سو چوراسی (۵۲۸۴) مرتبہ اسم "یَا بَاسِطُ" کا ورد کریں۔ پھر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر صبح کی نماز ادا کریں۔ اور مشک و زعفران اور عرق گلاب کی روشنائی سے اسم باسط کا مندرجہ نقش ۷۲ مرتبہ تحریر کریں۔ اور آٹے میں گولیاں بنا کر اسی وقت دریا میں ڈال دیں۔ دریا کی طرف جاتے ہوئے، جب تک کہ نقش دریا میں ڈال نہ دیں۔ کسی سے کلام نہ کریں۔ نقش دریا میں ڈال کر واپس چلے آئیں۔ اور پیچھے پھر کر نہ دیکھیں۔ اکتالیس دن کے بعد اس کا عمل پورا ہوگا۔ دوران عمل میں صرف جو یا گندم کی روٹی بغیر نمک کے کھائیں اور روٹی پکائیں بھی اپنے ہاتھ سے۔ اور اپنا کوئی بھی کام کسی دوسرے سے نہ کرائیں۔ انشاء اللہ اکتالیس یوم کے بعد روزی میں خیر و برکت ہوگی۔ اور دستِ غیب حاصل ہوگا۔ خواہ کسی طرح ہو۔ جب دستِ غیب حاصل ہو جائے تو یہ راز اپنے پیر و مرشد یا

کامل روحانی استاد کے علاوہ کسی کو نہ بتائیں۔ اکتالیس یوم کے بعد گیارہ مرتبہ نقش بطور عمل قابو میں رکھنے کے لیے لکھتے رہیں۔ اور کسی فرصت کے وقت جا کر دریا میں ڈال آئیں۔ اور روزانہ ۲۷ مرتبہ اسم یاباسط پڑھتے رہیں۔ عمل جاری رہے گا۔ نقش مثلث دوپایہ اسم یاباسط کا یہ ہے۔

۷۸۶

اَحَبُّ یَاالُوْمَائیل بِحَقِّ یَابَاسِطُ

۱۸	۴۸	٦
۱۲	۲۴	۳٦
۴۲	وستِ غیب یا کشائش رزق یا ادائے قرض تحریر کریں	۳۰

مثلث دوپایہ پر کرنا

مثلث دوپایہ پر کرنے کے دو طریقے ہیں۔

پہلا طریقہ

پہلا طریقہ اس طرح ہے کہ کل اعداد کو (۱۲) پر تقسم کریں۔ اور حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر نقش پر کریں، جو کسر بچے اس کو وہاں ڈالیں جہاں (٦) کا ہندسہ ہے۔ مثلاً کسر ۴ آئے تو ٦ کی بجائے (۱۰) لکھ کر اگلے خانہ (۱۱) اور (۱۲) سے پر کردیں۔ حاصل قسمت کو ہر خانہ میں رفتار کے عدد سے ضرب دے کر لکھیں۔ نقش مثلث دوپایہ پر ہو جائے گا۔

دوسرا طریقہ

دوسرا طریقہ اس طرح ہے کہ کل اعداد کو (۱۲) پر تقسیم کریں اور حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر پر کریں۔ باقی بچے تو یوں کریں کہ اگر باقی جفت بچے تو خانہ نمبر ۳ میں مقررہ چال کے علاوہ کسر کا نصف اضافہ کرلیں۔ (کسر کے نصف کے لیے ۲ و ۳ کا نصف "۱" ہوگا۔ اور ۴ و ۵ کا نصف "۲" ہوگا۔ یعنی نصف صحیح کرلینا ہے)

چال دوپایہ

۳	۸	۱
۲	۴	٦
۷	وفق ۱۲	۵

کسر ۲ طریقہ اول

۳	۱۲	۱
۲	۴	۱۰
۱۱	وفق ۱٦	۵

چال دیگر

۱	۸	۳
٦	۴	۲
۵	وفق ۱۲	۷

کسر ۳ طریقہ دوم

۴	۱۰	۱
۲	۵	۸
۹	وفق ۱۵	٦

مثلث دوپایہ قاعدہ دیگر

ایسے اعداد جن کا ثلث صحیح ہو تین پر تقسیم کریں۔ ایک قسم کو قطب میں رکھیں۔ اور دو ثلث دیگر کو خانہ فوق میں رکھیں۔ پھر ثلث کی دو مختلف قسمیں کر کے دائیں بائیں وضع کریں۔ مثلاً اسم قہار کو کہ جس کے اعداد (۳۰٦) ہیں۔ مثلث دوپایہ میں پر کرنا ہے۔ ثلث اس کا (۱۰۲) ہوا۔ اس کو مرکز میں لکھا۔ دو ثلث چونکہ (۲۰۴)

ہیں۔اس لیے اسے فوق میں رکھا۔اب ایک ثلث کے دو مختلف حصے کیے۔تو (۵۰) کو خانہ اول میں اور (۵۲) کو خانہ سوم میں رکھا۔خانہ اول کو دوگنا کر کے خانہ ششم میں رکھا۔اور خانہ سوم کو دوگنا کر کے خانہ چہارم میں رکھا۔اب دو، دو خانوں کو جمع کر کے (۳۰۶) سے تفریق کیا،تو تیسرے خانہ کا عدد نکل آئے گا۔اس طرح باقی کے دو خانے بھی پر کر لیے۔نقش صحیح میزان کا پر ہو جائے گا۔بعض لوگوں کا طریقہ یہ ہے کہ ثلثین یعنی (۲۰۴) کے دو مختلف حصے کر کے خانہ ۴ اور ۶ میں رکھتے ہیں۔پھر بقایا دو خانوں کے اعداد نکالتے ہیں بہر حال نتیجہ ایک ہی ہے۔اسم قہار کا نقش یہ ہے۔

۵۲	۲۰۴	۵۰
۱۰۰	۱۰۲	۱۰۴
۱۵۴	یاقہار	۱۵۲

مثلث دوپایہ کا ایک اور طریقہ

اگر چاہیں کہ عدد بلا کسر اس میں وضع کریں۔تو کل اعداد کو ۱۲ پر تقسیم کریں۔ اور حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر ۱۰۔۱۰ کے اضافے سے اس چال سے مثلث دوپایہ پر کریں جو دی گئی ہے۔نقش پر ہو جائے گا۔مثلاً (۱۲۰) کا مثلث دوپایہ پر کرنا ہے۔تو (۱۲) پر تقسیم کرنے سے حاصل تقسیم ۱۰ آیا۔جس کا نقش مثلث دوپایہ مندرجہ ذیل ہوا۔

۳۰	۸۰	۱۰
۲۰	۴۰	۶۰
۷۰		۵۰

اگر ایک کسر ہو تو آخری تین عددوں میں ایک ایک کا اضافہ کریں۔مثلاً ۶۱۔۷۱۔۸۱ لکھے۔دو کسر ہو تو ۳۰ اور اس کے بعد کے تمام ہندسوں میں ایک ایک کا اضافہ کریں۔اگر ۳ کی کسر ہو تو شروع ہی سے ہر خانے میں ایک ایک کا اضافہ کردیں۔اس سے زیادہ کی کسروں کے لیے اسی ترتیب سے اضافے کو مدنظر رکھیں۔ یعنی ۴ کی کسر ہو،تو پھر آخری تین عددوں میں دو،دو کا اضافہ کردیں۔اگر ۵ کی کسر ہو،تو ۳۰ کے بعد کے تمام ہندسوں میں دو،دو کا اضافہ کردیں۔علیٰ ہذا القیاس

اسم ذات کی مثلث دوپایہ

برکت اور علوئے مرتبت کے لیے رعب داب کے لیے یہ لوح تیار کر کے پاس رکھیں۔تو ہمیشہ سربلند رہیں گے۔مقاصد میں کامیابی ہو،اور لوگوں پر غلبہ و برتری حاصل ہوگی۔نقش اسم ذات یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۳۳	۵
۱۰	۲۲	۳۳
۳۹	بحق یااللہ	۲۷

استخارہ کے لیے اسم اللہ کی مثلث دوپایہ

جب کسی امر میں پریشانی ہو، یا کوئی بھاگ گیا ہو۔ یا بیماری سے شفا نہ پائے۔ غرضیکہ کسی قسم کی دریافت مدنظر ہو تو یوں کریں کہ نئے چاند پر پہلی کو جب سورج طلوع کرے۔ تو اس نقش مثلث کو سفید کاغذ پر زعفران سے تحریر کریں۔ اور نقش کو سامنے رکھ کر "اَحِبُّ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ یَا اللّٰہُ" چھ سو ساٹھ (۶۶۰) مرتبہ پڑھیں۔ اور اس نقش پر دم کر کے کہیں احتیاط سے رکھیں۔ جب رات کو سونے لگیں۔ تو بعد نماز عشاء پھر اس عزیمت کا ذکر اتنی ہی مرتبہ کریں۔ اور نقش پر دم کر کے اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر دل میں نیت کر کے سو جائیں۔ انشاء اللہ پہلی ہی رات خواب میں کل حالات کی آگاہی ہو جائے گی۔ نقش اسم ذات سابقہ عمل میں درج ہو چکا ہے۔

مثلث طبعی دوپایہ

اس کی طبعی چال یہ ہے۔ ضرورت پر اس رفتار سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔
جب مثلث طبعی میں کسر آئے۔ تو پھر مثلث دوپایہ میں ان اعداد کو پر کر کے دیکھیں۔
اگر مثلث دوپایہ پر ہو گئی، تو ویسا ہی کام دے گی جیسا کہ مثلث طبعی نو خانہ کی کام دیتی ہے۔

۱	۱۰	۴
۸	۵	۲
۶	وفق ۱۵	۹

مثلث دوپایہ اسم قابض

بغض و عداوت اور تفریق کے عملیات میں اس سے کام لیں۔ خانہ نمبر ۶ میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ پھر خانہ نمبر ۳ میں ایک عدد کا اضافہ ہے۔ نقش یہ ہے۔ میزان: ۹۰۳

۷۵	۶۰۳	۲۲۶
۴۵۲	۳۰۱	۱۵۰
۳۷۶	قابض	۵۲۷

مثلث دوپایہ سورہ اخلاص

اس نقش کے خانہ سوم میں ۴۶ کا اضافہ ہے۔ پھر خانہ ششم میں ۴۶ کا اضافہ ہے۔ نقش یہ ہے۔ میزان: ۱۰۰۲

۷۲	۶۶۸	۲۶۲
۵۲۳	۳۳۴	۱۴۴
۴۰۶	قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ۔ اللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ۔ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ۔	۵۹۶

☆☆☆

مثلث خالی البطن

اعداد مستخرجہ کو ۱۲ پر تقسیم کر کے خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھیں۔ اس کے دوگنا کو خانہ دوم میں لکھیں۔ اور تین گنا کو خانہ سوم میں رکھیں۔ اور چار گنا کو خانہ چہارم میں تحریر کریں۔ علی ہذ القیاس آٹھوں خانے اسی طرح پر کریں۔ اور جو کسر آئے وہ خانہ نمبر ششم میں اضافہ کریں۔

باالفاظ دیگر اعداد مستخرجہ کو ۱۲ پر تقسیم کر کے خارج قسمت کو خانہ اول میں رکھیں اور پھر ہر خانہ کی رفتار کے عدد سے ضرب دے کر آٹھوں خانہ پر کریں۔ اور جو بھی کسر ہوا سے یک بار خانہ ششم میں ڈال دیں۔ مثلث خالی البطن پر ہو جائے گی۔

اگر خیر کے لیے ہو، تو زعفران اور گلاب کی روشنائی سے تحریر کریں۔ اور اگر شر کے لیے ہو، تو سیاہ روشنائی سے تحریر کریں۔

حاضری مطلوب یا مفرور کے لیے مثلث خالی البطن

اس مثلث کو لوہے کی قلم سے لوہے پر کندہ کریں۔ اور سعد ساعت کا انتخاب کریں۔ اور مناسب بخور جلائیں۔ سورہ یٰس شریف کو سات مرتبہ تلاوت کریں۔ قرآت ختم نہ ہوگی کہ مطلوب حاضر ہوگا۔ اسم مطلوب معہ والدہ اور اسم طالب معہ والدہ اور مطلب کے اعداد نکال کر مثلث کے ضابطہ سے ذیل میں دی گئی رفتار سے پر کریں۔ اور مثلث خالی البطن بدوح میں نام طالب و مطلوب معہ والدہ اور مطلب لکھیں۔ مثلث اسم بدوح اور مثلث خالی البطن کی رفتار مندرجہ ذیل ہے۔

لوح بدوح

۳	۱۶	۱
۸		۱۳
۹	۴	۷

دیگر لوح بدوح چال

۳	۱۶	۱
۱۵		۵
۲	۴	۱۴

چال نقش مثلث خالی البطن

۳	۸	۱
۷		۵
۲	۴	۶

اسم وہاب کا نقش خالی البطن

ہر نماز کے بعد ۱۹۶ مرتبہ پڑھیں۔ اور رات کو (۴۷۰۴) چار ہزار سات سو چار مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں۔ لیکن پہلے زکات ادا کریں۔ ایک وقت اور ایک جلسہ میں اگر چار کروڑ پڑھیں۔ تو غنا حاصل ہو۔ ورنہ کم از کم ایک کروڑ مرتبہ پڑھیں۔ اگر یہ بھی ناممکن ہو تو چالیس یوم میں چودہ لاکھ یعنی ۳۵ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ گر ایسا بھی ناممکن ہو تو پھر چالیس یوم میں سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ اور چودہ نقش لکھ کر قینچی الگ الگ کر کے آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیں۔ روزی رزق میں بے حد اضافہ ہوگا۔ اور روزینہ بھی جاری ہو جائے گا۔ جو عمل پڑھا جائے گا وہ یہ ہے۔

"اَجِبْ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَاوَهَّابُ"

اور اسم وہاب کا نقش مثلث خالی البطن یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۰	۳
۵	یاوہاب	۹
۸	۴	۲

حصول روزی رزق کے لیے مثلث خالی البطن

جو احباب اس پر عمل کریں گے وہ کسی کے محتاج اور دست نگر نہ ہوں گے۔

اگر بے روزگار ہیں تو خدائے قدوس روزگار کی صورت پیدا فرماوے گا۔ اور غیب سے رزق کا سامان ہوگا۔ غرض کہ دنیاوی امور میں کسی کے محتاج نہ ہوں گے۔ سورہ الذاریات کی آیت "مَا اُرِيْدُ مِنْهُم مِّن رِّزْقٍ وَّمَا اُرِيْدُ اَن يُّطْعِمُوْنِ۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ۔" جس کے اعداد: ۳۵۲۷ ہیں۔ ان اعداد کا مثلث خالی البطن مندرجہ ذیل ہے۔

۷۸۶

۲۹۳	۲۳۵۵	۸۷۹
۱۴۶۵	ھوالرزاق	۲۰۶۲
۱۷۶۹	۱۱۷۲	۵۸۶

قمری ماہ کے پہلے جمعہ کے دن یہ عمل شروع کرنا ہوگا۔ اس کا وقت طلوع آفتاب سے قبل ہے۔ اگر آفتاب طلوع ہوگیا تو عمل کا وقت جاتا رہا۔ خوب اندھیرے کے وقت اٹھیں۔ اور باوضو شمال کی طرف منہ کرکے بیٹھیں۔ اور سترہ (۱۷) نقش

لکھیں۔ نقش زعفران وگلاب کی روشنائی سے تحریر کریں۔ نقش لکھ کر نماز فجر ادا کریں۔ اور نماز کے بعد مذکورہ بالا آیت مبارکہ ایک سو (۱۰۰) مرتبہ تلاوت کریں۔ اسی طرح روزانہ پڑھیں۔ اکیسویں یوم سے اس عمل کا اثر شروع ہوگا۔ آپ کب تک عمل پڑھیں اس کی کوئی حد مقرر نہیں ہے۔ آپ سمجھ لیں کہ میں ایک ملازم ہوں اور میری ڈیوٹی روزانہ دو تین گھنٹے کی ہے جو قبل از طلوع آفتاب شروع ہوتی ہے۔ بعد نماز فجر جو عمل پڑھنا ہے اگر وہ بعد طلوع آفتاب بھی پڑھا جائے تو نقصان نہیں۔ مگر نقش قبل از طلوع اکیس یوم تک تحریر کریں۔ اکیس دن تک قطعی ناغہ نہ ہو، چونکہ یہ عمل زندگی بھر کا ہے۔ اور انسان مجبور ہے تو کسی دن کسی وجہ سے ناغہ ہوجائے تو پھر قبل نماز مغرب یعنی غروب آفتاب سے قبل کرلیں۔ مگر یہ مجبوریں سے ہے۔ اکیس یوم کے بعد نقش لکھنا چھوڑ دیں۔ اور نماز فجر کے آیت مبارکہ پڑھتے رہیں۔

"مَا اُرِيْدُ مِنْهُم مِّن رِّزْقٍ وَّمَا اُرِيْدُ اَن يُّطْعِمُوْنِ۔ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ۔" (سورہ الذاریات 57 تا 58)

حرف قاف کی مثلث خالی البطن کا خاص عمل

حرف قاف نہایت جلیل القدر ہے۔ قرآن پاک کی ایک سورۃ اسی حرف سے شروع ہوتی ہے یہ حرف مقطعات کا ہے۔ حروف مقطعات پر ہماری تصنیف "عکس لوح محفوظ" کا مطالعہ فرمائیں۔ قاف کا خاص اثر یہ ہے کہ یہ گردش، نحوست اور پریشانی کو دور کرتا ہے اور سعادت ترقی اور کامیابی تک پہنچاتا ہے یہ حرف ایسا عظیم المرتبت ہے کہ فقیر کو بادشاہ بنائے تو ممکن ہے لیکن یہ اس کا کام ہے کہ جو زن فرزند اور دنیا کے تمام تعلقات کو ترک کرکے بستی سے دور کسی غار میں ایک مدت تک بیٹھ جائے

لیکن جب اپنی مدت ختم کر کے نکلے گا تو دنیا پر آفتاب بن کر چمکے گا۔ جس طرح حضور ﷺ نے سالہا سال اپنی زندگی غارِ حرا میں بسر کی باوجودیکہ اس وقت آپ دنیوی طریق پر صاحب اولاد تھے اور پاکیزہ صورت وسیرت بی بی صاحبہ بھی تھیں لیکن آپ سب سے قطع تعلق کئے ہوئے تنہا غارِ حرا میں ایک ذات پاک سے رشتہ جوڑے ہوئے تھے۔ اب کون ہے جو ایسی جفاکشی کرے تاہم اس مقدس حرف سے اب بھی بہت کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ حرف ق کے مجموعی اعداد ۸۲۷ کا مثلث خالی البطن یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۳	۵۵۵	۶۸
۴۸۷		۳۴۰
۱۳۶	۲۷۲	۴۱۹

اس نقش کے اوپر آپ ۷۸۶ بسم اللہ شریف کے عدد لکھیں اور چاروں طرف ۲۵ + ۲۵ قاف لکھیں اس طرح ق، ق، ق، ۲۵ عدد اس طرح چاروں طرف سو (100) قاف ہوں گے۔ یعنی ہر طرف ۲۵-۱۲۷ اب درمیان کے خانہ میں اوپر لکھیں ق والقرآن المجید اور اس کے نیچے اپنا مقصد مختصر کر کے لکھیں۔ اب چاند کی پہلی تاریخ سے روزانہ سو (100) نقش لکھا کریں اور لکھے ہوئے نقوش زمین میں دفن کر دیا کریں۔ گولیاں بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر پانی میں ڈال دیا کریں۔ یہ نقش روزانہ ۱۴ دن تک لکھیں۔ اسی طرح دوسرے مہینہ میں کریں پھر تیسری مرتبہ ختم کر دیں۔ خدا چاہے تو درمیان میں ہی کامیابی ہوگی۔ مگر آپ نقش تین مہینہ ۱۴-۱۴ دن لکھا کریں۔

کسی خاص قلم و دوات یا پرہیز کی ضرورت نہیں ہے۔

حمعسق کی مثلث خالی البطن

خدائے پاک کے کلام میں اثر حق ہے۔ مگر یہ ایسا گہرا عمیق سمندر ہے جس میں ہزاروں کوہ پیکر جہاز غرق ہو گئے اور ایک تختہ بھی ابھر کر نہ آیا۔

دریں ورطہ کشتی فر نہ شد ہزار
کہ پیدا نہ شد تختہ بر کنار

ہم نے دو چار دن صحیح یا غلط پڑھا اور کوئی فائدہ نظر نہ آیا اور اسے چھوڑ دیا کہ یہ سب ڈھکوسلے ہیں اور لوگوں نے کھانے کمانے کے ڈھنگ نکالے ہیں۔

میرے عزیز دوستوں اللہ پاک کے کلام میں سب کچھ ہے، تم ہمت تو باندھو۔ لطف تو یہ ہے کہ جس قدر ناکامی ہوتی جائے، اسی قدر تمہارا ذوق طلب اور اعتماد بڑھتا جائے۔ ایک بزرگ سے معلوم ہوا کہ حمعسق (ح، م، ع، س، ق) اور پانچ حرفوں میں شان و شوکت عزت ترقی کے سمندر قدرت نے بند کر دیئے ہیں۔ خدا پر بھروسہ کرتے ہوئے اور (بسم اللہ مجریھا و مرسٰھا) پڑھتے ہوئے ایک ایسی جست لگاؤ کہ سمندر کی تہہ میں بیٹھ جاؤ اور موتیوں سے دامن مراد پر کر لو۔ اپنے دل سے سوال پیدا نہ کرو۔ ہمارا دن رات کا تجربہ ہے کہ جس کی بال کی کھال اتاری، وہ محروم اثر ہی رہا۔ ان حروف کے اعداد 278 ہیں۔ ان کو مثلث خالی البطن میں پر کریں اور بطن میں (ح، م، ع، س، ق) تحریر کریں۔ اتوار، سوموار، بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن اگر بتی روشن کریں۔ لکھے ہوئے نقوش کی آٹے میں گولیاں بنا کر جاری پانی جہاں مچھلیاں اور دیگر آبی جانور ہوں ڈال دیا کریں۔ عمل کی مدت 51 یوم ہے۔

اس کے بعد یہ نقش ہر مقصد کے لیے کام دے گا۔ حروف مقطعات (نورانیہ) پر ہماری تصنیف "عکس لوح محفوظ" کا مطالعہ کریں۔ روزانہ لکھنے والا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳	۱۸۶	۶۹
۱۱۵	ح م ع س ق	۱۶۳
۱۴۰	۹۲	۴۶

سادہ مثلث خالی البطن

اس کی رفتار مثلث خالی البطن مذکور کے ہے۔ اعداد طالب معہ مطلب وآیت حسب طریق مذکور پر کریں۔ اور اس میں اعداد مستخرجہ سے استطاق کر کے موکل بنائیں۔ اور اس موکل کی تلاوت ایک ہفتہ کریں۔ ایک نقش لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ اور ایک کو عنصر کے مطابق استعمال کریں۔ اور بوقت تلاوت اپنے پاس والے نقش کو سامنے رکھ کر پڑھیں۔ اور سو مرتبہ کے بعد یہ کہیں۔

أَجِبْ يَا أَيُّهَا الْمَلَكُ الرُّوحَانِيُّ يَا (نام موکل) (نام طالب معہ مطلب) بِحَقِّ اِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ عَلَيْكَ وَفِعْلِ مَا اَمَرْتُكَ بِهٖ لَقَسَمٌ لَوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ۔

تا حاجت براری اس نقش کو پاس رکھیں۔ اور روزانہ پڑھتے رہیں۔ نقش مثلث خالی البطن سادہ یہ ہے۔

۷۸۶

ا	ح	ج
ہ	یا اللہ یا جبرائیل (حاجت امداد)	ز
و	بحق یا وہاب۔ رد	ب

☆ ☆ ☆

خاتم سلیمانی

یہ دو مثلث ایک دوسرے کو قطع کرتی ہوئی خاتم سلیمانی کے نام سے مشہور ہیں۔ ان میں جن عددوں کی ضرورت ہو لکھے جا سکتے ہیں۔ اس لوح میں کسر نہیں ہوتی کیونکہ خانہ آخر مرکز میں پہنچتا ہے۔ عدد مدعا جس قدر بھی ہوں۔ اسی چال سے پر کرنے چاہئیں۔ اطرافی جمع اس کی ۱۲ ہے۔ کل اعداد کی جمع ۲۸ ہے۔ یہ اعداد ابجد ہوز کی لوح ہے۔ نہ اس سے زیادہ نہ کم ہونی چاہئے۔ جو شخص بھی اس کو ساعت مناسب میں لکھ کر پاس رکھے۔ یا انگشتری میں کندہ کروائے، تو برکت بہت ہو۔ جمعیت و حفظ بدن ہو۔ اگر درمیان امتعہ و اقمشہ لکھیں تو آفت سے محفوظ رہیں۔ اس خاتم کو ہر کوکب کے شرف میں لکھا جا سکتا ہے۔ جملہ کواکب کی سعادت کے وقت اسے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اس خاتم کے جملہ خانے سات کواکب سے متعلق ہیں۔ مرکزی خانہ آفتاب سے متعلق ہے۔ یہ شکل برج سنبلہ سے منسوب ہے۔

حوا کی خاتم سلیمانی

اگر اعداد زیادہ ہوں تو اس طرح لکھیں کہ قسمت تمام خانوں کی وفا کریں۔ اور قسمت جملہ بیوت کی صحیح نہ آئے، تو مرکز میں ایک بار اضافہ کریں۔ مثلاً عدد ۱۵ جو کہ حوا کے اعداد ہیں۔ اس لوح میں لکھنے ہیں تو لوح مذکور اس طرح ہوگی۔ وسط میں ۸ کا عدد لکھیں گے تو میزان ہر طرف سے صحیح آئے گا۔ خاتم یہ ہے۔

ایک اور بھی طریقہ ہے کہ مثلاً عدد ۱۴ کا نقش پر کرنا ہے، تو خانہ ۴ میں ایک کا اضافہ کریں گے۔ ۱۶ کا نقش پر کرنا ہوگا، تو خانہ وسطی میں ایک کا اور اضافہ کر دیں گے یعنی وہاں پر ۶ آجائے گا۔ مگر اس طریقہ سے جفت اعداد کا نقش پر ہو سکے گا۔ خاتم یہ ہے۔

آدم کی خاتم سلیمانی

اگر چاہیں کہ عدد ۴۵ جو کہ آدم کے ہیں۔ ان اعداد کی خاتم سلیمانی پُر کرنا ہے تو عدد عدل ۱۵ ہیں۔ اور میزان کل خاتم کی ۷۵ ہے۔ یہ عدد دُعا کے بھی ہیں۔ لوح مذکور یہ ہے۔

خاتم سلیمانی کے جو قواعد بیان کئے گئے ہیں۔ ان سے مقصود یہ ہے کہ کسی اسم یا آیت یا موکل کو لوح کی شکل کس طرح دی جاسکتی ہے۔ ہر شخص اپنے مقصد کے

مطابق خاتم سلیمانی تیار کر سکتا ہے۔

حاضری کے لیے خاتم سلیمانی

اگر کوئی شخص اس نقش کو ناخن پر لکھیں۔ اور سورہ یٰسین پڑھنا شروع کردیں۔ تو جس شخص کو چاہیں حاضر کر سکتے ہیں۔ شرط اس میں یہ ہے کہ سورہ یٰسین کا آپ عامل ہوں۔ اور اتنی ریاضت ہو کہ تمام سورہ سات سانس میں پڑھ سکتے ہوں۔ اور پڑھتے وقت ناخن پر نظر رکھیں۔ خاتم یہ ہے۔

جنات سے خبر حاصل کرنا

تین روز پے در پے روزہ رکھیں۔ اور کسی خالی جگہ میں جا کر لوبان کندر کا بخور روشن کریں۔ بعد ازاں سورہ فاتحہ سورہ اخلاص اور سورہ حشر کی آخری آیات ایک سفید کاغذ پر مشک و زعفران اور عرق گلاب کی روشنائی سے تحریر کریں۔ پھر خاتم سلیمانی تحریر کریں۔ اس کے نیچے جو حاجت یا سوال ہو لکھیں۔ جب عمل ختم ہو چکے تو زبان سے کہیں۔

وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنصِتُوا فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَىٰ قَوْمِهِم مُّنذِرِينَ۔ قَالُوا يَا قَوْمَنَا إِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا أُنزِلَ مِن بَعْدِ مُوسَىٰ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِي إِلَى الْحَقِّ وَإِلَىٰ طَرِيقٍ مُّسْتَقِيمٍ۔ يَا قَوْمَنَا أَجِيبُوا دَاعِيَ اللَّهِ وَآمِنُوا بِهِ يَغْفِرْ لَكُم مِّن ذُنُوبِكُمْ وَيُجِرْكُم مِّنْ عَذَابٍ أَلِيمٍ۔ وَمَن لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللَّهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْأَرْضِ وَلَيْسَ لَهُ مِن دُونِهِ أَوْلِيَاءُ أُولَٰئِكَ فِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ۔ (سورۃ الاحقاف: 29 تا 32)

پھر اس کاغذ کو گھر میں کسی اونچی جگہ پر لٹکا دیں۔ یا باندھ دیں۔ اور باندھتے وقت یہ کہیں۔ أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ۔ (سورۃ المؤمنون: 115) کہہ کر باہر آجائیں۔ جنات اس کاغذ پر جواب لکھ دیں گے۔ خاتم یہ ہے۔

مفردات خاتمی

حروف بادی اور اسمائے ارواح مفردات حروف کو پوست آہو پر لکھیں۔ اور زبان کے نیچے رکھیں۔ جس شخص کے ساتھ چاہیں بات کریں۔ لیکن پہلے کسی کے ساتھ بات نہ کی گئی ہو۔ تو جس سے پہلی دفعہ بات کریں گے وہ مطیع وفرماں بردار اور دوست ہوگا۔ جو چاہے اس سے حکم منوالیں۔

اگر خاتم مندرجہ بالا کاسہ چینی پر گلاب وزعفران کی روشنائی سے لکھیں۔ اس کی سیدھی طرف حروف آتشی لکھے۔ الٹے ہاتھ حروف آبی نیچے حروف بادی اور اوپر حروف خاکی ہوں۔ اور یہ حروف عناصر کے معرب ہوں۔ اس کو دھو کر جس شخص کو پلائیں وہ محبت سے دیوانہ ہو۔

اگر روٹی پر لکھ کر کھلائیں، تو ویسا ہی اثر ظاہر ہو۔ لیکن طالب یا عامل کے پاس ایسی انگشتری ہونی چاہئے۔ جس کے نگینے پر مندرجہ بالا نقش ہو۔ اور نگینے کے نیچے نقش مثلث مقصود کی ہو۔ اس انگشتری کو انگلی میں پہنیں۔ مطلوب ایک ساعت بھی اس کے بغیر نہ رہ سکے گا۔ جب تک انگشتری پاس رہے۔ اس کو چھو نہ سکے۔ مثلث مقصودہ کی مثال یہ ہے۔

مثال: ہم نے پہلے یہ بتایا ہے کہ جو خاتم بنے گی۔ اس میں اسماء اور اعداد مفردات شامل ہوں گے۔ لہٰذا

مثلاً: اعداد طالب: ۹۲

اعداد مطلوب: ۳۸۶

اعداد مفردات یعنی اجھزط: ۲۵

کل اعداد: ۵۰۳۔ ہوئے ان کو ۱۵ پر تقسیم کیا۔

تو خارج قسمت: ۳۳ ہوئے اور باقی ۸ بچے۔

اس باقی سے مثلث خانہ ششم سے پر کی گئی ہے جو یہ ہے۔

البتہ مثلث وہی ہوگی جو پہلے بیان کی گئی ہے۔

مثلث مقصود

۱۳	۱۴	۹
۸	۱۲	۱۶
۱۵	۱۰	۱۱

محبت کے لیے

اگر مندرجہ بالا انگشتری کو انگلی میں پہن کو اس کو بطور مہر کے صابن پر لگائیں۔ اور اس صابن سے کپڑے دھو کر پہنیں، تو جو شخص اس کو دیکھے گا وہ اس کا شیدا ہو جائے گا۔

غائب کو بلانا

اگر چاہیں کہ غائب کو دُور کے کسی فاصلہ سے طلب کریں۔ تو مندرجہ بالا مثلث کو ایسے پیالہ کے نیچے لکھیں جس کو پانی نہ لگا ہو۔ اور ہوا میں لٹکائیں تو غائب جس حال میں ہوگا۔ حاضر ہونے کے لیے بھاگ کھڑا ہوگا۔

☆☆☆

مثلث ذوالکتابت

ذوالکتابت اس نقش کو کہا جاتا ہے۔ جس میں آیات یا اسماء بجائے اعداد کے بہ مطابق اعداد کے کامل طور پر آجائیں۔ اور نقش پورا ہو جائے۔ جب مثلث ذوالکتابت کے پر کرنے کی ضرورت ہو۔ تو اسم یا آیت کے تین حصے کر کے اوپر تینوں خانوں میں اسے لکھ لیں۔ بعد ازاں تین خانوں کا مجموعہ حساب کر کے جو کچھ بھی ہو۔ اس کا ثلث خانہ وسطی یعنی پنجم میں لکھ لیں۔ اَب خانہ پنجم اور دوم کے مجموعہ کو کل عدد سے تفریق کر دیں۔ تو خانہ آٹھ کا عدد نکل آئے گا۔ مثلاً اس نقش کے کل اعداد: ۳۰۰ ہیں۔

یعنی (مالک) کے اعداد: ۹۱

اور (الملک) کے اعداد: ۱۲۱

اور (المجید) کے اعداد: ۸۸

اس لحاظ سے خانہ پنجم کے اعداد: ۱۰۰۔ خانہ دوم کے اعداد: ۱۲۱ اب ملا کر: ۳۰۰ سے تفریق کیا تو باقی: ۷۹ رہا۔ اَب نقش اس صورت میں ہے کسی دو خانوں کے ہندسوں کے مجموعہ کو ۳۰۰ سے تفریق کر دیں گے۔ تو تیسرے خالی خانے کا ہندسہ معلوم ہو جائے گا بس اسی طرح نقش مکمل کر لیں۔ اَب جب کسی وقت مقررہ پر اس طور سے وضع کیا ہوا نقش بنانے کی ضرورت ہو تو یہ لازم ہے کہ نقش کو آتشی، بادی، خاکی یا آبی چال سے پر کرنا چاہیں اسی رفتار کے مطابق پر کریں۔ جہاں ہندسہ آئے وہاں سے ہندسہ لکھیں۔ جہاں اسماء آئیں وہاں اسماء لکھیں۔ اگر آپ نے نقش کے اوپر کے خانوں میں پہلے اسماء لکھ لیے بعد میں نقش پر کیا، تو یہ کام نہ دے گا کیونکہ رفتار سے

گر گیا۔ نقش مثلث ذوالکتابت یہ ہے۔

٧٨٦

مالک	الملک	المجید
٩٧	١٠٠	١٠٣
١١٢	٧٩	١٠٩

زیارت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے

زیارتِ حضور نبی کریم ﷺ کے لیے اس لوح مثلث کو جو سرتا سر نو اسماء کی ذوالکتابت ہے۔ اس کے ہر دور کے خانوں میں ١٩ کا اضافہ ہے۔ اور ایک دور کے بعد دوسرا دور اگلے ہندسے سے شروع ہوتا ہے۔ سعد ساعت میں بھوج پتر یا ہرن کی جھلی پر مشک وزعفران اور گلاب کی روشنائی سے تحریر کریں۔ اور رات کو سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ باطہارت اور معطر حالت میں رہیں۔ اور مندرجہ پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ پڑھنے والا عمل یہ ہے۔

یَامُکَمِّلُ اَلْکَامِلُ الْعَلِیْمُ الْکَافِیُ الْبَاسِطُ السَّالِمُ الْمُحْسِنُ الاَحْمَدُ اللّٰہِ۔

اور نو اسماء کی مثلث ذوالکتابت یہ ہے۔

٧٨٦

محمد ﷺ	کامل	علیم
المحسن	کافی	احمد
باسط	سالم	مکمل

نو اسماء کی مثلث عددی یہ ہے۔

٩٢	٩١	١٥٠
١٦٩	١١١	٥٣
٧٢	١٣١	١٣٠

اس نقش کو پر کرنے کی رفتار یہ ہے۔

٤	٣	٨
٩	٥	١
٢	٧	٦

نو اسماء حسنیٰ اور مثلث

امام فخر الدین رازیؒ نے بحساب جمل صغیر نو اسمائے الٰہی کو شکل مثلث میں واضع کیا ہے۔ جو یہ ہیں۔ اس مثلث میں کمال یہ ہے کہ جس خانے میں جو اسم ہے اس کا عدد جمل صغیر خانے کا عدد ہے مثلاً ٩ خانہ میں (حیُ) ہے (حیُ) کے عدد جمل کبیر ١٨ اور جمل صغیر ٩ ہوئے۔ اگر ان تمام اسماء کے اعداد ٢٠٣٣ کا عدد جمل صغیر لیا جائے تو ٩ ہی نکلے گا۔ گویا کہ مثلث کا ہر خانہ اللہ تعالیٰ کی ایک اسم سے ماخوذ ہے۔ یہ مثلث خیر و برکت کیلئے ہے۔ بے برکتی کو دور کرتی ہے۔ عزت و وقار اور ترقی لاتی ہے۔ دشمن دفع ہوں۔ مثلث یہ ہے۔ جو خا کی رفتار سے پر کی گئی ہے۔

۷۸۶

خبیرٌ	حیٌّ	أحدٌ
کبیرٌ	بصیرٌ	لطیفٌ
باریٌ	واحد	قادر

عظیم فوائد

ایسے اسماءِ الٰہی جن کے حروف فرد ہیں۔ مثلاً (صمد) کے تین حروف ہیں۔ یا (مہیمن) کے پانچ حروف ہیں۔ اور اعداد بھی فرد ہیں۔ یعنی: ۱۴۵ ہیں۔ تو ایسے اسماء دو شخصوں میں جدائی ڈالنے اور دشمنوں کو پریشان کرنے کے لیے بہت تاثیر ظاہر کرتے ہیں۔ اور ایسے اسماء معانی اور الفاظ کے لحاظ سے زوج ہوں۔ وہ محبت اور دو شخصوں کے درمیان صلح کرانے کی لیے بہت ہی مؤثر ہوتے ہیں۔ اور وہ اسماء جو اسم طالب یا مطلوب کے موافق ہوں۔ خواہ معنی میں، خواہ حرفِ سر اسم کے مطابق خواہ اعداد کے مطابق ہوں۔ تو فوراً مقصود حاصل ہوتا ہے۔

اگر ایک نام میں حروف بہت ہوں اور ایک میں کم ہوں۔ اور ضرورت ہو کہ موافق کرلیں۔ تو (یا) زیادہ کرلیں یا (ال) زیادہ کرلیں۔ حروفِ علت زیادہ کرلیں۔ یا جو بھی صورت مقدار موافق کرنے کے لیے اختیار کرنا پڑے کرلیں۔ تاکہ ہر دو نام اعداد میں یا حروف میں موافق ہو جائیں۔ یہ عجیب وبدیع راز ہے۔

مندرجہ بالا نو اسماء کی مثلث وہ لوگ تیار کرتے ہیں۔ جن کے سر اسم کا حرف نو اسماء میں سے کسی اسم کے سر حرف کے مطابق ہو۔ تو ان کے لیے فتح نامہ کا کام دے

گی۔ ان کو چاندی کی لوح پر شرف قمر میں تیار کرنا چاہیے۔ اور پہلا خانہ وہ شمار کرنا چاہیے۔ جس میں مطلوبہ اسم واقع ہو۔ اس خانہ سے چال مثلث شروع ہوگی۔ جملہ لوزمات مثلث کا خیال رکھیں۔

فراوانی رزق اور حصول مال ودولت کے لیے

اس امر کے لیے "اللّٰہُ لطیفٌ بعبادہٖ" کی مثلث ذوالکتاب درج کی جاتی ہے۔ تینوں حروف مثلث کے سر پر ہیں۔ کمال اس مثلث میں یہ ہے کہ ہر خانہ کے عدد جمل صغیر تین ہی آتے ہیں۔ کیونکہ تین ہی ہر ضلع کے خانے ہیں۔ اور تین ہی آیت کے لفظ ہیں اور ہر طرف سے جو میزان آتی ہے۔ وہ اعداد کے موافق ۲۷۹ ہے۔ یہ مثلث تسدیس یا تثلیث قمر وزہرہ یا قمر ومشتری یا زہرہ ومشتری میں تیار کریں۔ اور بخور عود وصندل کا جلائیں۔ اگر کوئی شخص یا لطیف کا عامل ہو۔ مثلث فوراً اثر دکھائے گی۔ چند ہی دنوں میں حامل لوح ہذا پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ ہر طرف سے مال ودولت کی آمد ہوگی۔ اور امیر کبیر ہو جائے گا۔ مثلث ذوالکتابت یہ ہے۔

۷۸۶

اللّٰہُ	لطیفٌ	بعبادہٖ
۱۱۱	۹۳	۷۵
۱۰۲	۵۷	۱۲۰

وفق: ۲۷۹

یہ مثلث خاکی رفتار سے پر کی گئی ہے۔

حسبنا اللہ ونعم الوکیل کی مثلث ذوالکتابت

"حسبنا اللہ ونعم الوکیل" کے اعداد (۴۵۰) ہیں۔ یہاں ہم ان اعداد کے مطابق مختلف مثلث اسمائے الٰہی، اسمائے حضور نبی کریم ﷺ، اسمائے خلفائے کرام ؓ، اسمائے حضرت حسنؓ، اسمائے حضرت حسینؓ، اسمائے غوث الاعظمؒ، درج کر رہے ہیں۔ جو مندرجہ ذیل ہیں۔ اس رفتار سے تمام تر مثلث پر کی گئی ہیں۔

رفتار

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

"حسبنا اللہ ونعم الوکیل"

۱۵۳	۱۴۶	۱۵۱
۱۴۸	۱۵۰	۱۵۲
۱۴۹	۱۵۴	۱۴۷

اسمائے الٰہی

اولٌ قویٌ	ملکٌ مُبدیٌ	حکیمٌ جلیلٌ
لطیفٌ واحدٌ	علیمٌ	بدیعٌ رکیعٌ
سلامٌ حیٌ	کفیلٌ وھابٌ	صمدٌ احدٌ

وفق: ۴۵۰

اسمائے نبی کریم ﷺ

حکیمٌ حامدٌ	مزملٌ حجازیٌ	منیبٌ مھدٍ
محمد ناہٍ	مطیع طیبٌ	امام مکی
یسٌ اولی	محمد نبی	محمود ماحٍ

وفق: ۴۵۰

پہلا اسم اللہ دوسرا محمد ﷺ

سلامٌ۔حبیبٌ	مومنٌ۔ھادٍ	واسعٌ۔جوادٌ
حکیمٌ۔ملیٌ	ولی۔مدنیٌ	ملکٌ۔نبیٌ
معطیٌ۔حجازیٌ	باسطٌ۔امامٌ	عزیزٌ۔احمدٌ

وفق: ۴۵۰

اسمائے حضرت ابوبکر صدیق

مجمعٌ	لطیفُ زاھدٌ	اولُ جامعٌ
جمالُ دلیلُ	ملیحُ حمیدُ	صبیحہ زاھدُ
ناصحٌ	حیٌّ دائمٌ	امامُ نجیبُ

وفق: ۴۵۰

اسمائے حضرت عمر فاروق

کمیلُ حامدُ	زاھدُ مطیع	مطلوب دین
جمال جمال	طالب صحی	مطیع طیب
صائم زاھدُ	صاحب حامدُ	عادل طالب

وفق: ۴۵۰

اسمائے حضرت عثمان غنی

عالمُ واحبُ	کمالُ محجبُ	امامُ واسبُ
جمال واسبُ	عالمُ ھاج	عابدُ واعٌ
لطیفُ ھادیٌ	حاملُ داعٌ	جمال دین ھاج

وفق: ۴۵۰

اسمائے حضرت علی

مومن زاھدُ	حکیمُ ساجدُ	صاحب ولیدُ
ممجد مطیب	مومن جوادُ	نصیب
ناصح	محلل ولی	مسبح زکی

وفق: ۴۵۰

اسمائے حضرت حسنؓ

مجمعٌ	جلیل جلیلُ	حبیب لطیفُ
حنیف	حبیب طالب اھل الھدیٰ	نحیب مطلوب
ولی حبیب ملجای	ولی اللہ طالب	جلیل اجمل

وفق: ۴۵۰

اسمائے حضرت حسینؓ

مکلل ہاکی	صالح زاھد	حامد محمود
ملیح مودود	مدنی ولی	سالم طیب
ولی حبیب	عالم جاھد	عابد مکی

وفق: ۴۵۰

اسمائے حضرت غوث الاعظمؒ

نجیبُ جمیلُ	ولی همام جواد	عادل ولی
همام باطن	سلطان	حسینی ماجد
بسیب جاهد حمید	عالم جاهد	دلیل جلیل

وفق: ۴۵۰

برائے تسخیر النساء

واضح رہے کہ "نساء" تین حروف سے مرکب ہے۔ اور ایک حرف منسوب ہے۔ ایک اسم باری تعالیٰ سے چنانچہ النون منسوب ہے یانور سے اور السین منسوب ہے یاسلام سے اور اسی طرح الالف منسوب ہے یااللہ سے۔ چنانچہ جس وقت عامل ارادہ کرے کہ وہ خواتین معظمہ میں بنظر احترام دیکھا جائے۔ تو اُسے لازم ہے کہ جس وقت قمر برج ثور میں درجہ شرف پر آئے۔ اسوقت باوضو ہو کر قبلہ رُخ ہو کر بیٹھیں۔ اور کپڑوں پر عطر لگائیں۔ اور خوشبودار بخور روشن کریں۔ اور پھر مشک وزعفران اور عرق گلاب کی روشنائی سے سفید کاغذ پر تحریر کریں۔ نقش لکھتے وقت منہ میں مصری رکھیں۔ پھر نقش کا تعویذ بنا کر معطر کریں، اور چاندی کی تختی میں بند کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لیں۔ عظیم اثر ہوگا کہ تمام خواتین معظمہ کی تسخیر ہوگی۔ اور وہ حامل نقش کی طرف رجوع کریں گی۔ نقش تسخیر النساء یہ ہے۔

دستائیلُ ۷۸۶ دستائیلُ

دستائیلُ | دستائیلُ | دستائیلُ (دائیں جانب)

یانور بحق النون	یاسلام بحق السین	یااللہ بحق الالف
یااللہ بحق الالف	یانور بحق النون	یاسلام بحق السین
یاسلام بحق السین	یااللہ بحق الالف	یانور بحق النون

دستائیلُ | دستائیلُ | دستائیلُ (بائیں جانب)

دستائیلُ دستائیلُ دستائیلُ

مثلث ذوالکتابت قلبی

اگر اسم الٰہی کو قلبی خانوں میں پُر کرنا چاہیں تو اس کے تین حصے کر کے ایک کو خانہ سوم میں، دوسرے کو خانہ پنجم میں اور تیسرے کو خانہ ہفتم میں رکھیں۔ مثلاً اسم الٰہی (مَلِکُ) کو مثلث میں پُر کرنا ہے۔ تو جو حرف کہ دورِ اول میں ہوگا۔ اس میں سے تین کم کریں گے۔

مثلاً: دورِ اول ۔۱، ۲، ۳ خانہ کا ہے۔ خانہ نمبر ۳ میں (ک) ہے۔ جس کے عدد: ۲۰ ہیں۔ اس میں سے ۳ کم کیے۔ تو خانہ نمبر ۲ میں عدد ۱۷ آئے۔ پھر ۳ کم کیے تو خانہ اول میں ۱۴ آئے۔

اَب دورِ دوم میں ۴، ۵، ۶ خانے ہیں۔ اس میں (ل) خانہ نمبر ۵ میں آتا ہے۔ خانہ نمبر ۴ کے لیے ۳ عدد کم کردیں گے۔ اور خانہ نمبر ۶ کے لیے ۳ عدد اضافہ کردیں گے۔

اَب دورِ سوم میں ۷، ۸، ۹ خانے آتے ہیں۔ اس میں خانہ نمبر ۷ میں (م) ہے۔ جس کے عدد ۴۰ ہیں۔ اَب ہر خانے میں تین تین کے اضافہ سے ہر دو خانہ پُر کیے۔ اس کو یوں کہا جاسکتا ہے کہ دورِ اول میں حروف مقررہ کے عدد سے ۶ کم کر کے خانہ اول میں رکھیں۔ دورِ دوم میں مقررہ حرف کے عدد سے ۳ کم کر کے خانہ چہارم میں رکھیں۔ دورِ سوم میں مقررہ حرف کے عدد سے ہی شروع کریں گے۔ اسم ملک اور اسم مذل کی مثال کے دو نقش مثلث درج ہیں۔

اسم مذل　　　　　　　　　　اسم ملک

۴۳	۴۴	۷۰۳		۴۳	۱۴	۳۳
ل	ذ	م		ک	ل	م
۶۹۷	۴۶	۲۷		۲۷	۴۶	۱۷

مذکورہ بالا مثلث قلبی آتشی رفتار سے پُر کی گئی ہیں۔

فائدہ: نقش سہ دَرسہ اضافہ سے چار قسم کی خاصیت پیدا ہوتی ہے۔ اول محبت والفت، دوم دشمنی وہلاکی سہ دَرسہ کا اضافہ اس لیے ہے کہ یہ مثلث نقش ہے۔ جس کے خانے ہر طرف سے تین ہوتے ہیں۔ اس لحاظ سے مثلث پُر کرنے کا یہ طریقہ بھی ایک اہم راز ہے۔

مثلث ہندی

طریقہ کسر مثلث ہندی: یہ صنوبری مثلث اکثر اعمال میں کارآمد ہے۔ یہ مثلث عورت یا مرد کی شہوت باندھنے کے کام آتی ہے۔ کوئی مرد کسی عورت پر قادر نہ ہو تو بھی اسی مثلث سے کام لیا جاتا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ عدد مطلوب میں سے ۱۲ تفریق کریں۔ اور پھر تین پر تقسیم کریں۔ حاصل قسمت کو خانہ اول میں رکھ کر چال کے لحاظ سے نقش پر کریں۔ اگر کسر ایک آئے تو خانہ اول میں ایک کسر کا اضافہ کریں۔ ایک عدد خانہ پنجم میں اور ایک عدد خانہ آخر میں اضافہ کریں۔ اگر کسر دو آئے تو دو عدد خانہ پنجم میں اور دو عدد خانہ آخر میں اضافہ کریں۔ مثلث پر ہو جائے گی۔

کسر ایک

کسر دو

دوسرا قاعدہ

